ماہ جنوری

قیمت 20 روپے

طلسمات زہرہ

راٹھور پبلشرز کے تحت شائع ہونے والی کتب

کتاب	تفصیل	قیمت
راہنمائے عملیات (ماھانہ)	ہر ماہ روحانیات، نجوم، عملیات، جفر، پامسٹری، اعداد، تقویم، رمل، ساعات اور ایسے ہی لاتعداد موضوعات پر لاجواب مضامین۔	20روپے
خالد روحانی جنتری	نظرات کواکب، شرف، ہبوط، گرہن، طلوع وغروب، مقسومی نمبر، روزانہ کوکبی پوزیشن، تحویل آفتاب، ہجری عیسوی، بکرمی تاریخیں، استخراج طالع اور لاتعداد مضامین۔	80روپے
مستحصلہ قادر الکلام	ذاتی مستحصلے کی تشریح اور ساتھ ہی چند دوسرے جفری قواعد اور اصطلاحات جفر کا خصوصی بیان۔	50روپے
علم الحروف	تجربہ شدہ اور نئے اعمال چونکا دینے والے کرشمے، علم الحروف پر ایک عام فہم کتاب نئے اور تجربہ شدہ اعمال کے ساتھ۔	100روپے
روحانی مشورے (ترمیم شدہ)	روزمرہ مسائل کے حل کے آسان اور آزمودہ روحانی و عملیاتی مشورے اب ہر نقش ہمراہ چال۔ ہر گھر کی ضرورت۔	50روپے
خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)	اعداد پر اس سے بہتر اور جامع کتاب آپ کی نظروں سے نہ گزری ہوگی۔ اب ترمیم شدہ ایڈیشن نئی معلومات کے ساتھ۔	50روپے
ساعات حقیقی	سات کواکب، سات ساعتیں۔ ایک نیا اور مصنف کا ذاتی قاعدہ ہمراہ تمام دنیا کیلیے استخراج کردہ ساعتوں کے جدول کے۔	90روپے
بانڈز، ریس اور لاٹری کے نمبر	ہر فرد کے لیے اعداد، نجوم، جفر، رمل، ساعت نکالنے اور استخارے کے ذریعے انعامی نمبر معلوم کرنے کے طریقے۔	100روپے
اسباق دست شناسی	ہر فرد اس کتاب کے ذریعے دست شناسی سیکھ سکتا ہے۔ رموز فن سے آشنا ہونے کے لیے نایاب کتاب۔	60روپے
10 سالہ جنتری	ہر نجومی اور عامل کی ضرورت کوکبی جنتری 2001 تا 2010 تک۔ زیادہ سسٹم کے لیے بھی استعمال ہو سکتی ہے۔	115روپے
راہنمائے تل شناسی	تلوں کے موضوع پر شائع ہونے والی پہلی اور واحد کتاب۔ اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والے ہر فرد کی ضرورت۔	40روپے
راہنمائے عملیات	عملیات کے اصول، قواعد نقوش اور لاتعداد مقاصد کے لیے اسمائے الٰہی اور قرآنی سورتوں کے خواص۔	80روپے
السحر العجیب فی جلب الحبیب	عبدالفتاح طوخی کی تسخیر اور سحر کے سربستہ رازوں کی کتاب کا اردو ترجمہ ایک نیا دریافت شدہ خزانہ۔	80روپے
السحر الاحمر	عبدالفتاح طوخی کی عملیات کے موضوع پر قدیم و نایاب کتاب اب ترجمہ کر کے پہلی دفعہ پیش کی جا رہی ہے۔	50روپے
الاقوال المرضیہ فی معرفۃ الاعمال الرملیہ	محمد الزناتی الفلکی کی رمل پر عربی کتاب کا اردو ترجمہ ایک لاجواب کتاب۔	40روپے
سحر بارنوخ	ہزار ہا سال پرانے سوڈانی عملیات پر مشتمل کتاب حکیم بارنوخ ساحر سوڈانی کی تحریر جو بعد از ترجمہ پیش قارئین ہے۔	50روپے
راہنمائے علم نجوم	علم نجوم کے موضوع پر ایک مکمل اور جامع کتاب جو نجوم کے رموز آپ پر آشکار کرے گی۔ ہر ماہر فن کی ضرورت (حصہ اول)	80روپے
طلسمات زہرہ	صرف عشق و محبت کے متوالوں کے لیے......... خاص اعمال	60روپے
پرانے پرچے راہنمائے عملیات	مکمل سیٹ راہنمائے عملیات 1998	225روپے
	مکمل سیٹ راہنمائے عملیات 1999	300روپے
	مکمل سیٹ راہنمائے عملیات 2000	300روپے
	مکمل سیٹ راہنمائے عملیات 2001	300روپے
	مکمل سیٹ راہنمائے عملیات 2002	300روپے

500 روپے کی کتب اکٹھی منگوانے پر ڈاک خرچ معاف

نوٹ...... بذریعہ ڈاک کتب منگوانے والے کتب کی کل قیمت کے ہمراہ 20 روپے ڈاک خرچ بھی ارسال کریں۔ VP ارسال نہیں کی جاتی۔ رقم منی آڈر کریں

رابطہ: خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور

ماہ جنوری ۲۰۰۳ قیمت ۲۰ روپے
خالد اسحٰق راٹھور ایڈیٹر راہنمائے عملیات

فہرست مضامین

پبلشر و چیف ایڈیٹر
شائستہ خالد راٹھور

ایڈیٹر
خالد اسحاق راٹھور

رابطہ
خالد اسحاق راٹھور مکان نمبر ۲ گلی نمبر ۱۱ نزد جامعہ نعیمیہ محمد نگر گڑھی شاہو لاہور پاکستان۔

فون
(042) 6374864
0300 8442060

اوقات کار
صبح 11 تا شام 5 بجے تک

قیمت
فی شمارہ ۲۰ روپے
زرسالانہ ۲۰۰ روپے
بیرون ملک ۳۵ ڈالر (سالانہ)

بنک ڈرافٹ (Bank Draft)
M/s Rahnuma-i-amaliyat, A/c 1392-35, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan

انٹرنیٹ (Internet)
www.kirathor.com
kirathor@yahoo.com

ناشر شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر الامین پرنٹرز لاہور
جلد ۵ شمارہ ۱۱

شیخ سعدی شیرازی

شیخ سعدی شیرازیؒ ۱۳۳۳ء بمطابق ۵۸۹ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد گرامی عبداللہ شیرازی ایک باللہ اور متورع آدمی تھے۔ شیخ سعدی عہد طفولیت سے ہی نماز و روزہ کی پابندی کرنے لگے تھے۔ آپ نے دین کے ابتدائی مسائل بھی ابتدائی عمر میں سیکھ لیے تھے۔ آپ کو تلاوت قرآن مجید کا بڑا ہی شوق تھا اور اسی شوق نے آپ کو بچپن ہی سے عبادت گزاری اور شب بیداری سے ہمکنار کر دیا تھا۔ آپ نے ہمیشہ اپنے والد کی صحبت اختیار کی اور یوں آپ کے افعال و اقوال کی نگرانی نہایت ہی فعال طریقے سے کی گئی جس نے آپ کی عملی زندگی میں ایک عالی شان نکھار پیدا کر دیا۔ شیخ سعدی کی تربیت بڑے ہی اعلیٰ پیمانے پر کی گئی۔ آپ کی معمولی سی لغزش پر بھی آپ کی تادیب کی گئی۔ آپ کے والد صاحب آپ کے ساتھ زیادہ دیر نہ رہ سکے۔ یوں آپ کی تربیت کے بقیہ اُمور آپ کی والدہ محترمہ نے سرانجام دیئے۔

آپ دارالعلوم شیراز میں تحصیل علم کے لیے داخل ہو گئے اور علمائے جلیل القدر سے درس و تدریس حاصل کیا۔ آپ نے نظامیہ بغداد میں بھی تعلیم حاصل کی یہ وہ مدرسہ ہے جہاں بڑی بڑی نامور اور جلیل القدر ہستیوں نے تعلیم حاصل کی۔ امام ابو حامد غزالی شیخ عراق عبدالقادر سہروردی۔ اُستاد الائمہ ابو حامد عماد الدین موصلیؒ کے نام قابل ذکر ہیں۔ آپ کے استادوں میں شیخ ابو اسحاق کا بھی ذکر ہے۔ جناب سعدی نے مدرسہ نظامیہ میں وظیفہ بھی حاصل کیا۔ آپ نے نامور اور مشہور اُستاد شیخ علامہ ابوالفرج عبدالرحمٰن ابن جوزی سے حدیث اور تفسیر کی تعلیم حاصل کی۔ یہاں سے اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد شیخ سعدیؒ نے حضرت غوث الاعظم عبدالقادر جیلانی کی بیعت کی۔ حضرت پیران پیر سے علم تصوف اور طریق معرفت و سلوک حاصل کیے۔ آپ کو شیخ شہاب الدین سہروردی سے بھی صحبت رہی ہے۔ شیخ سعدی کے زمانہ طالبعلمی میں آپ کے ہم عمر اور ہم سر لوگ آپ کی خوش بیانی اور حسن تقریر پر رشک کیا کرتے تھے۔

ایک مرتبہ شیخ سعدی نے اپنے اُستاد سے ایک لڑکے کی شکایت کی کہ فلاں لڑکا مجھے رشک کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور جب میں مسائل علمیہ بیان کرتا ہوں تو وہ مجھ سے حسد کرتا ہے۔ آپ کے استاد نے غصے سے آپ کو کہا۔ اوروں کے رشک و حسد پر شاکی ہو۔ مگر اپنی بدگوئی غیبت کو بُرا نہیں سمجھتے وہ لڑکا اور تم دونوں اپنی عاقبت خراب کر رہے ہو۔ وہ حسد و رشک سے اور تم بدگوئی اور غیبت سے۔

شیخ سعدی نہایت قوی جفاکش اور صحیح المزاج شخص تھے آپ نے دس بارہ مرتبہ حج کیے اور ہر حج آپ نے پیدل چل کر کیا آپ نے اپنی عمر کا بیشتر حصہ سیاحت و صحرانوردی اور بادہ پیمائی میں بسر کیا۔ آپ اہل سلوک اور نفس شکن لوگوں کی طرح کئی کئی میل پیدل سفر کرتے تھے۔ آپ نے کئی سالوں تک ادنیٰ درجے کے کام اور محنتیں کیں۔ بیت المقدس اور اُس کے اردگرد کے علاقوں میں آپ بطور بہشتی کام کرتے رہے تھے۔ اہل اللہ اور درویش اصحاب آپ کو صوفیاء اور اولیاء میں شمار کرتے ہیں۔ آپ بیک وقت واعظ و صوفی تھے۔ آج کل کے مشائخ اور واعظین سے شیخ سعدی یکسر مختلف تھے۔ آپ نہایت بے تکلف۔ یار باش اور نمائش سے دور سیدھے سادے مسلمان تھے۔

آپ نے شاعری میں بھی اللہ کی رضا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح کو مقدم رکھا۔ بادشاہوں کی تعریف اور امیروں کی قصیدہ خوانی کو اپنا ذریعہ معاش نہیں بنایا۔ آپ نے خودداری اور غربت کو کبھی اپنے ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔ خلقت کی خیرخواہی اور ہمدردی اللہ تعالیٰ نے ان کی سرشت میں ودیعت کی تھی اور یہی ہمدردی اور خیرخواہی نہ ہوتی تو آپ کے نصائح اور مواعظ لوگوں میں ہرگز مقبول نہ ہوتے۔ آپ نے اپنی زبان و قلم کو پند و نصیحت کے لیے وقف کر دیا تھا۔

شیخ سعدی اپنی تحریروں میں بیان فرماتے ہیں۔ میں اپنے والد صاحب کے ساتھ ایک سفر پر تھا۔ ہمیں دوران سفر ایک سرائے میں ٹھہرنا پڑا۔ رات کے وقت میرے والد صاحب نے مجھے تہجد کی نماز کے لیے اُٹھایا۔ میں نے اُٹھ کر وضو کیا اور اس کے بعد تہجد کی نماز ادا کی۔ اب بعد نماز میرے والد تو اپنے ورد و وظائف میں مشغول ہو گئے اور میں فارغ تھا۔ میرے دل میں سرائے میں سوئے ہوئے دوسرے مسافروں کے متعلق خیال پیدا ہوا یہ سارے لوگ کس قدر بے خبری کی نیند سوئے ہوئے ہیں ان کی حالت مُردوں جیسی ہے اور اگر یہ اُٹھ کر تہجد ہی ادا کر لیتے تو کیا حرج تھا۔ میں نے اپنا یہ خیال والد صاحب پر ظاہر کر دیا۔

انہوں نے خشمگین نگاہوں سے میری طرف دیکھتے ہوئے فرمایا۔ اگر تم بھی ان مسافروں کی طرح سوئے رہتے تو کتنا بہتر ہوتا۔ کیونکہ یہ سوئے ہوئے مسافر تم سے کئی گناہ زیادہ بہتر ہیں۔ تم جاگ کر تہجد پڑھتے ہو مگر غیبت کر کے اُن کا ثواب ضائع کر دیا۔ جبکہ جن مسافروں کی تم نے غیبت کی ہے وہ تمہارے تہجدوں کا ثواب بھی لے گئے اور رات کا آرام بھی حاصل کرتے رہے اور تمہاری نیند بھی گئی اور ثواب بھی۔

آپ فرماتے ہیں کہ غیبت سے ہمیشہ بچتے رہنا چاہیے کیونکہ یہ گھن کی طرح انسان کی نیکیوں کو چاٹ جاتی ہے۔ ایک مرتبہ شیخ سعدیؒ کسی جنگل سے گزر رہے تھے۔ اُنہوں نے دیکھا کہ ایک بزرگ نورانی چہرے والے ایک بھاری بھرکم چیتے پر سوار ہو کر آ رہے ہیں میں اُس بزرگ کو یوں چیتے پر سوار دیکھ کر لرزہ براندام ہو گیا اور ایک طرف درخت کے پیچھے چھپنے لگا۔ مجھے اُس بزرگ نے آواز دے کر بلایا اور کہا۔ اے چیتے سے ڈرنے والے تُو اُس جانور سے مت ڈر بلکہ اللہ سے ڈر۔ کیونکہ اگر انسان اللہ کے احکام کی پابندی کرے تو یہ چیتا بھی اُس شخص کے حکم کی بجا آوری کرے گا اور مجھے یہ مقام صرف اللہ کے احکام کی بجا آوری سے حاصل ہوا کہ یہ چیتا اپنے آپ میرے سامنے سرنگوں کر کے چل رہا ہے اور

میں اس پر سُدھائے ہوئے گھوڑے کی مانند سواری کر رہا ہوں۔

شیخ سعدی فرماتے ہیں یہ بات واقع سچ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے اور جب یہ مخلوقات میں اشرف اللہ کا کامل بندہ بن جائے اور اس کے تمام احکام پر مکمل طور پر عمل کرنے لگ جائے تو پھر اللہ اُس کے سامنے کائنات عالم کے ہر جاندار کو مسخر کر دے گا اور اُس کو انسانوں میں بھی قابل قدر نظروں سے دیکھا جائے گا۔ اور حیوان بھی اُس کے سامنے اپنی گردنیں جُھکا لیں گے لیکن حق بندگی اس طرح ادا ہو جس طرح ادا کرنے کا حکم ہے۔ پھر یہ خوبیاں اللہ پیدا کرتا ہے۔

شیخ سعدیؒ نے دو شادی کیں تھیں۔ ایک شادی حلب میں ایک رئیس زادی کے ساتھ کی تھی اور دوسری شادی صفاء (یمن) میں کی تھی۔ دوسری بیوی سے آپ کی اولاد بھی پیدا ہوئی لیکن ایام طفولیت میں ہی وفات پا گئی۔

گلستان اور بوستان، شیخ سعدی کی ایسی تصانیف ہیں جن کو سدابہار حیثیت حاصل ہے۔ ان دونوں کتابوں میں پند و نصائح، تہذیب و اخلاق، حسن قبول اور فصاحت و بلاغت بے بہا موجود ہیں۔ آپ کی ان کتابوں کی مقبولیت کا اندازہ یوں لگایا جا سکتا ہے کہ ان کا متعدد زبانوں میں مختلف ممالک اور مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے ترجمہ کیا ہے۔

کسی نے شیخ سعدی سے تصوف کی حقیقت کے متعلق دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا پہلے زمانے میں ایک جماعت ہوا کرتی تھی جن کی صورت پراگندہ اور دل مطمئن ہوتا تھا اور اب ایک ایسی مخلوق ہے جس کا ظاہر مطمئن اور باطن پراگندہ ہے۔ کیونکہ جب تک انسان کا دل بھٹکتا رہے گا تو وہ خلوت میں بھی اپنے باطن کو صاف پائے گا۔ اگر مال اور مرتبہ، کھیتی اور تجارت کا مالک ہونے کے باوجود انسان کا دل اللہ کی یاد میں لگا رہے تو پھر اُسے خلوت نشینی اور تصوف کہا جا سکتا ہے۔

آپ فرماتے ہیں عاجز دل کا حال وہ جانتا ہے جو خود اپنے حالات میں عاجز آ گیا ہو۔ جو راحت اور عیش میں جیا اُس کو تنگ دست کا احساس نہیں ہو سکتا۔ عقیدوں کا ذکر کرتے ہوئے آپ فرماتے ہیں کہ بدعقیدہ شخص مفلس عاشق کی طرح ہے۔ شاہی خلعت اگرچہ قیمتی ہے لیکن اپنا پرانا لباس اس سے زیادہ باعزت ہے اور بڑوں کا دسترخوان اگرچہ لذیذ ہے مگر اپنی جھونپڑی کے ٹکڑے اس سے زیادہ مزیدار ہوتے ہیں۔

دو اشخاص کے متعلق فرماتے ہیں کہ دو حسرت کے ساتھ مر گئے ایک وہ جس نے مال جمع کیا، لیکن پیٹ بھر کر کھا بھی نہ سکا دوسرا وہ جس نے علم حاصل کیا مگر عمل سے محروم رہا۔ گناہ کے متعلق شیخ کا خیال ہے کہ گناہ جس سے بھی سرزد ہو بُرا ہے مگر علماء سے اس کا سرزد ہونا تو بہت ہی بُرا ہے کیونکہ عالم کی ہر کوئی تقلید کرتا ہے اگر عالم ہی گناہ گاری کا مرتکب ہو گا تو لوگ اس کی تقلید میں گناہ ہی کرتے چلے جائیں گے۔

آپ فرماتے ہیں جو شخص بروں کی صحبت اختیار کرے گا خواہ خود بڑی اچھی عادات کا مالک ہو بُرا ہی کہلائے گا کیونکہ شراب کی بھٹی پر بیٹھ کر نماز پڑھنے والا بھی شراب نوش ہی کہلائے گا۔ حدیث نبویؐ ہے کہ عطار کی صحبت میں بیٹھنے والا خوشبو سے بہرور ہو گا جبکہ چمار کے پاس بیٹھنے والا بدبو کا شکار ہو گا۔

اولاد کی نیک اور اچھی تربیت کے متعلق شیخ سعدی نے فرمایا ہے جب اولاد دس برس سے زیادہ ہو جائے تو اس کو نامحرموں اور ایرے غیروں میں نہ بیٹھنے دیا جائے اولاد کی بہترین اخلاق سے والدین کا نام باقی رہتا ہے۔ اولاد سے زیادہ لاڈ پیار بگاڑ کا باعث بنتا ہے۔ اولاد کے دل میں استادوں کا احترام اور اُن کی سختی برداشت کرنے کی عادت ڈالنی چاہیے۔ بچے کی ضروریات ایسے طریقے سے پوری کرنی چاہئیں کہ اُن کا کسی اور طرف دھیان نہ رہے۔ آغاز تعلیم میں بچے کو شاباش دینی اور اُس کی تعریف کر دینی چاہیے۔ لیکن جب وہ اس طرف راغب ہونے لگیں تو اُن کی فلاح و تربیت کے لیے اُن پر سختی بھی کرنی چاہیے۔ بچوں کو تعلیم کے ساتھ دستکاری بھی سکھانی چاہیے تاکہ بُرے دنوں میں وہ کسی کے آگے دست سوال دراز نہ کرے۔

آپ فرماتے ہیں انسان کو جتنی محبت اور وابستگی دنیاوی رزق اور دولت سے ہے اگر اتنی ہی رزق اور دولت دینے والے سے ہو جاتی تو اس کا مقام فرشتوں سے بھی بڑھ کر ہوتا مگر انسان اللہ کے ساتھ بھی کاروبار کرتا ہے۔ نمازیں پڑھے گا تو ساتھ ساتھ اپنے آرام و آسائش کے لیے بیسیوں چیزیں طلب کرے گا۔ اسی طرح اگر حج کرے گا زکوٰۃ دے گا تو اس میں بھی ریا کا پہلو نظر آئے گا۔ لوگوں میں مقبولیت حاصل کرنے کے لیے صدقہ خیرات کرے گا۔ اگر یہی عمل صرف اللہ کی خوشنودی اور رضا کے لیے کیے جائیں تو اُس کا وقار بہت ہی بلند ہو جائے۔

نفحات الانس ایک کتاب ہے۔ جس میں تحریر ہے کہ شیخ سعدیؒ کافی عرصہ تک بیت المقدس میں بطور ماشکی کام کرتے رہے اور اُنہوں نے بہت سختیاں جھیلنے کے باوجود کبھی اللہ سے شکوہ نہیں کیا۔ آپ فرماتے ہیں ایک دفعہ میرے پاؤں میں جوتی نہ تھی اور مجھے جوتی خریدنے کا یارا بھی نہ تھا۔ میں بڑا پریشان حال تھا اور اسی پریشانی کے عالم میں کوفہ کی جامع مسجد میں پہنچا وہاں میں نے ایک شخص کو دیکھا جس کے پاؤں ہی نہ تھے اُس وقت میں نے اپنے ننگے پاؤں کو غنیمت جانا اور اللہ کا شکر ادا کیا۔ شیخ سعدی نے عالم غربت و عسرت میں بھی صبر اور خودداری کا دامن نہیں چھوڑا۔ جب سکندریہ میں قحط پڑا تو وہاں ایک خواجہ سرا بڑا دولت مند تھا۔ غریبوں اور مسافروں کو اس سے نقدی اور کھانا ملتا تھا۔ آپ کو آپ کے ساتھیوں اور رفقاء نے مجبور کیا کہ اس خواجہ سرا کے گھر چل کر دعوت کھائی جائے۔ مگر آپ نے جانے سے انکار کر دیا اور کہا شیر بھوک کے مارے مر بھی جائے تو بھی کتے کا جھوٹا نہیں کھایا کرتا۔

شیخ سعدیؒ نے گلستان اور بوستان کے علاوہ اور بھی بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں جن میں چند درج ذیل ہیں۔

(۱) کریما (۲) دیوان غزلیات (۳ جلدیں) (۳) مجموعہ قطعات و رباعیات (۸ جلدیں) (۴) قصائد عربی و فارسی (۵) مجموعہ قطعات عباسہ، تاریخ بغداد (۶) جزائر افریقہ (۴ جلدیں) (۷) تصوف میں چند مسائل۔

شیخ سعدیؒ نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں ایک حجرہ بنوایا۔ دن رات آپ وہیں رہا کرتے تھے۔ بادشاہ و امراء اور دیگر لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر بقدر ظرف فیضیاب ہوتے تھے۔ اسی حجرے میں آپ نے ۶۹۱ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ آپ کا مزار دلکشا سے کچھ فاصلے پر دامن کوہ میں ایک بڑی عمارت میں ہے اس مقام کا نام "سعدیہ" ہے۔ اہل شیراز ہفتہ میں ایک مرتبہ ضرور آپ کے مزار پر فاتحہ خوانی کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

خاص عملیاتی موقع

از خالد اسحاق راٹھور۔

۱۸ مارچ ۲۰۰۳ سے ۱۶ اپریل ۲۰۰۳ تک راس وذنب دونوں حالت شرف میں رہیں گے۔ یہ ایک ایسا سعد موقعہ ہے جس سے ہر فرد کو فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ میں یہاں مختصر الفاظ میں راس وذنب کے مشترکہ شرف کے اثرات بیان کرتا ہوں۔

راس اور ذنب کے درمیان ۱۸۰ درجے کا فاصلہ ہے جو ہمیشہ قائم رہتا ہے۔ دائرۃ البروج میں ان کی حرکت کی سالانہ رفتار ۱۹ درجہ ۲۰ دقیقے ہے۔ راس جب شرف میں ہوتا ہے تو دولت، امارت، شہرت اور کامیابی دیتا ہے۔ جدید زمانے کی تقاضوں کو دیکھیں تو میڈیا اور یعنی ریڈیو ٹی وی، اخبار اور ایسے تمام ذرائع جن سے لوگوں کے ذہنوں کو تبدیل کیا جا سکے اس کے زیر اثر آتے ہیں۔ ذہانت، دماغی صلاحیتوں میں اضافہ، سیاست اور باتوں کو اپنی مرضی کا رخ دینے کی صلاحیت یا خوبی اس ہی کا طرہ امتیاز ہے۔

ان اثرات کے ساتھ ساتھ ذنب کا شرف میں آنا علوم مخفی سے وابستہ لوگوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ عاملین، نجومی، جفار، پیر فقیر قسم کے تمام لوگوں کو یہ دوہرا فائدہ عطا کرتا ہے۔ روحانی ترقی اور مخفی علوم میں مہارت بھی اس کے اثرات میں سے ہے۔

راس وذنب کی حرکت ایک دوسرے سے منسلک ہے اور ہمیشہ ایک دوسرے کے مخالف پوزیشن یعنی آمنے سامنے ہوتے ہیں۔ نجومی حساب کرتے ہوئے صرف راس کے درجات اور پوزیشن استخراج کی جاتی ہے۔ زائچے میں جو بھی اس کے درجات ہوں ذنب کو وہی درجات دیئے جاتے ہیں۔ جبکہ راس جس برج میں ہو زائچے میں اس کے مقابل برج میں ذنب کو درج کیا جاتا ہے۔

راس اور ذنب کو عام نجومی گفتگو میں مثبت حوالے سے نہیں لیا جاتا جو کہ ایک غلطی ہے۔ حالانکہ مشتری یا زہرہ جن کو سعد کواکب گنا جاتا ہے وہ بھی زوال اور ہبوط کا شکار ہوتے ہیں۔ زائچہ ایک ایسی شکل ہے جس میں کواکب اپنی حالت تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ آج سعد اور شرف میں ہیں تو کل نحس اور ہبوط میں ہوں گے۔ عقل مند آدمی کا طرز اور سوچ یہ ہونی چاہیئے کہ کواکب کے سعادت کے وقت سے فائدہ اٹھائے اور نحس وقت سے بچے۔ راس اور ذنب کا بیک وقت شرف میں آنا ایک طاقت ور کواکبی پوزیشن ہے اور اس سے ہر عقل مند کو فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

نوٹ........راس وذنب کے شرفی درجات وطریقہ استخراج کے لیے ہندی پنڈتوں اور مغربی نظریات کی پیروی نہیں کی گئی بلکہ مسلم منجمین کے طریقہ کار کو اختیار کیا گیا ہے۔ میرے نزدیک مسلمان ماہرین کی تحقیق زیادہ معتبر اور حقیقت کے قریب ترین ہے۔ تمام مسلم منجمین کو اس حوالے سے مکار ہندو کی بجائے اپنے بزرگوں کی طرف دیکھنا چاہیے۔

شرف راس وذنب کے طلسم کی تیاری کا طریقہ اگلے ماہ کے پرچے میں دیا جائے گا۔ تاہم جو خواتین وحضرات ادارے سے طلسم شرف راس وذنب حاصل کرنا چاہیں وہ گیارہ صد روپے ارسال کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

از: خالد اسحاق راٹھور۔

نقش جملہ حاجات

ذیل میں سورہ النصر کا نقش دیا گیا ہے اس نقش کو زعفران سے شرف قمر کے وقت، ساعت سعد میں تحریر کریں یا چاندی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھیں تو متفرق معاملات میں کامیابی ہوگی۔ اس نقش یا لوح کے اثرات کے تحت مرد و زن میں مقبول ہو، لوگ عزت کریں، وقار میں اضافہ ہو، دشمن خوف زدہ اور مغلوب ہوں، مخالفین منہ کی کھائیں اور کبھی غالب نہ آ سکیں، مقدمے میں فتح ہو، کسی سے مقابلہ درپیش ہو تو اس میں کامیابی ہو۔ غرضیکہ ایسے لاتعداد امور میں یہ نقش مفید ہے۔

اذا	جآء	نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین
جآء	نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ
نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا
اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح
والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ
یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ
فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ	کان
دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ	کان	توابا

نظر بد

اگر کسی بچے کو نظر لگ جائے اور پریشانی بڑھتی جائے تو "لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم" اور معوذتین اس پر سر کی طرف سے پڑھ کر پھونکیں اور سارے جسم پر بھی ہاتھ ملتے ہوئے پھونکیں۔ ضرورت ہو تو مندرجہ بالا آیت زعفران سے لکھ کر بچے کے گلے میں لٹکا دیں۔ اللہ شفا دے گا۔ یہ عمل صرف بچوں کے لیے ہی نہیں بڑے افراد کے لیے بھی اس طور استعمال ہو سکتا ہے۔

خاتمہ سحر و حاضرات

کسی پر سحری اثرات ہوں یا کوئی چیز حاضر ہوتی ہو تو اس کے خاتمے کے لیے یہ عمل سات مسلسل دن کرے۔ ایک پرانا پیاز لے کر اس پر سورہ یٰسین سات مرتبہ اور معوذتین سات مرتبہ پڑھ کر سحر زدہ یا حاضرات سے متاثرہ فرد کو دھونی دے۔ اللہ نے چاہا تو سات دن مکمل ہونے سے قبل سحری اثرات و حاضرات کا اثر ختم ہو جائے گا۔

گھر سے جن نکالنا

اس مقصد کے لیے بھی مندرجہ بالا عمل مفید ہے۔ کوئلے سرخ کر کے ان پر پیاز رکھ دیں

اور پورے گھر میں دھونی دیں۔ اللہ کے فضل سے گھر میں جو بھی غیر مرئی مخلوق ہوگی قبضہ چھوڑ دے گی۔ تاہم یہ عمل حوصلہ والا فرد کرے اور دوران عمل خوف زدہ نہ ہو۔

حصول اولاد

درج ذیل اسماء الحسنٰی کو کسی بھی خوشبودار پتے پر تحریر کر کے زوجین کو کھانے کے لیے دیں۔ اللہ تعالیٰ اولاد سے نوازے گا۔ یہ عمل اکیس دن یا چالیس دن تک کریں۔ پتہ دودھ خالص کے ہمراہ استعمال میں لائیں۔ اسماء الحسنٰی کو زعفران اور آب زم زم کی سیاہی سے تحریر کریں۔ اسماء یہ ہیں۔ یااللہ یاوارث یااللہ یاباقی یااللہ۔

رزق

حصول رزق میں تنگی ہو تنگدستی اور غربت کا شکار ہوں یا روزگار بند ہو تو درج ذیل چاروں نقوش کو مطابق چال تحریر کر کے استعمال میں لائیں۔ ساتھ ہی "واللہ خیر الرازقین" کا ذکر روزانہ بوقت فجر کریں۔ پانچ تسبیح روزانہ پڑھیں۔

آتشی کو جلادیں۔ آبی کو بہادیں۔ خاکی کو دفن کردیں۔ اور بادی کو ہوا میں لٹکا دیں یا گلے میں پہن لیں۔

نقش

۳۷۰	۳۷۳	۳۷۶	۳۶۲
۳۷۵	۳۶۳	۳۶۹	۳۷۴
۳۶۴	۳۷۸	۳۷۱	۳۶۸
۳۷۲	۳۶۷	۳۶۵	۳۷۷

چال آتشی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش

۳۷۳	۳۷۰	۳۶۲	۳۷۶
۳۶۳	۳۷۵	۳۷۴	۳۶۹
۳۷۸	۳۶۴	۳۶۸	۳۷۱
۳۶۷	۳۷۲	۳۷۷	۳۶۵

نقش

چال آتشی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

چال آتشی

۳۷۶	۳۶۲	۳۷۰	۳۷۳
۳۶۹	۳۷۴	۳۷۵	۳۶۳
۳۷۱	۳۶۸	۳۶۴	۳۷۸
۳۶۵	۳۷۷	۳۷۲	۳۶۷

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش

چال آتشی

۳۶۲	۳۷۶	۳۷۳	۳۷۰
۳۷۴	۳۶۹	۳۶۳	۳۷۵
۳۶۸	۳۷۱	۳۷۸	۳۶۴
۳۷۷	۳۶۵	۳۶۷	۳۷۲

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

محبت اور الفت کے لیے

جمعرات کے دن فجر کے آدھ گھنٹے کے بعد اس عمل کو شروع کرے۔ اگر ساعتیں نکالنا جانتا ہو تو ساعت زہرہ کے وقت یہ عمل کرے ورنہ فجر کے آدھ گھنٹے بعد کرے۔ کرنا یہ ہے کہ کسی کھانے یا پینے والی شئے کے اوپر درج ذیل آیت مبارکہ کو گیارہ صد بار پڑھے۔ تصور مطلوب یا مجبوب یا محبوبہ یا خاوند یا بیوی یا دوست کا قائم کرے اور پھر جو شے رکھی ہو اس پر دم کر دے۔ یہ شے مطلوبہ مرد یا عورت کو کھلائیں فرد مطیع ہوگا اور باہم محبت اور الفت قائم ہوگی۔ آیت یہ ہے:۔

"والتین والزیتون وطور سینین وھذا البلد الامین ہ لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم ہ ثم رددنہ اسفل سافلین ہ

حصول صحت

کسی بچے یا بڑے مرد یا عورت غرضیکہ کوئی بھی فرد ہو صحت یاب نہ ہو اور زندگی کا چراغ بجھنے والا ہو جائے تو درج ذیل عبارت زعفران، مشک اور آب زم زم سے تحریر کر کے اس کے گلے میں ڈال دے۔ ساتھ ہی اسی عبارت کو چینی یا شیشے کی پلیٹ پر تحریر کر کے بیمار کو اکیس دن تک پلائے۔ یعنی صحت یابی کے باوجود پلاتا رہے۔ یہ تمام عمل شرف قمر کے اوقات میں کریں۔ اوج قمر کے وقت کو بھی اختیار کر

سکتے ہیں۔ ان دونوں اوقات کا بیان خالد روحانی جنتری اور راہنمائے عملیات میں ہر ماہ دیکھ سکتے ہیں۔ عبارت یہ ہے:-
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا حفیظ یا اللہ یا حافظ یا اللہ یا وکیل یا اللہ یا رقیب یا اللہ یا وارث یا اللہ یا قائم یا اللہ یا واحد یا اللہ یا اللہ یا اللہ۔

علاج مرگی

مرگی کے بارے میں بعض لوگ خیال کرتے ہیں یہ ارواح، جنات یا آسیب کی وجہ سے واقع ہوتا ہے۔ یہ باتیں غلط ہیں۔ اس کے جسمانی علاج پر توجہ دینی چاہئے اور کسی قابل معالج سے رجوع کرنے کے ساتھ ساتھ مریض کو سورہ جمعہ زعفران اور عرق گلاب سے تحریر کر کے پینے کے لیے دیں۔ ساتھ ہی مریض از خود سورہ جمعہ کو اپنے ورد میں رکھے اور روزانہ سات مرتبہ اس کو ایک مقررہ وقت پر پڑھے اللہ شفا دے گا۔

خاتمہ نظر

انڈے پر درج ذیل حروف تحریر کریں۔ اور اس انڈے کو مریض جس کو نظر لگی ہو کے سر پر پھوڑ دیں۔ شفا ہوگی۔

م ک ت ب

م ب ک ت

م ت ب ک

دشمن کو خوف زدہ کرنا

سورہ قل ھو اللہ احد کو شیر کی کھال یا سونے کی لوح پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھیں تو دشمن مغلوب ہوں اور سر اوپر نہ کر سکیں۔ یہ عمل شرف یا اوج مریخ کے وقت کریں۔ مریخ کے شرف و اوج کے اوقات خالد روحانی جنتری میں تحریر ہیں۔ نقش تحریر کرتے یا لوح کندہ کرتے وقت قمر سعد حالت میں ہو اور متعلقہ کواکب نحس ناظر بھی نہ ہوں۔

☆☆☆☆☆

حلف وزارت عظمیٰ

از: ماسٹر شوکت علی بروہی، گوجرانوالہ۔

۱۶ نومبر ۲۰۰۲ بوقت ۱۰ بجے صبح اسلام آباد

پاکستان کی تاریخ میں ہونے والے منفرد قسم کے الیکشن کے نتیجے میں قائم ہونے والی حکومت کے وزارت عظمیٰ کا زائچہ اوپر ترتیب دیا گیا ہے۔ جس کے افق شرقی پر برج جدی طلوع ہے جو کہ پاکستانی زائچہ کے چھٹے خانہ کا برج ہے اور اس کا حاکم سیارہ زحل چھٹے میں پڑا ہوا ہے جو کہ فوج اور پولیس سے وابستہ ہے۔ طالع میں خانہ اقتدار اور اثر انداز شدہ پاکستانی سیارہ نیپچون کی قبضہ اپنی جگہ برقرار ہے۔ نیپچون سعد حالت میں دعا اور نحس حالت میں دغا سے نسبت رکھتا ہے۔ طالع کے مقام پر منقلب برج طلوع ہے اس لئے یہ حکومت کم از کم ڈیڑھ برس تک قائم رہے گی۔ دوسرے میں یورنس قابض ہے اس لئے اقتصادی لحاظ سے تبدیلیاں اور حکومتی لحاظ سے غیر یقینی کیفیات نظر آ رہے ہیں۔ راس پانچویں میں ہے سو تعلیمی لحاظ سے اچھے اقدامات کئے جائیں گے۔ طالع کے حاکم کا چھٹے گھر میں ہونا دشمنوں میں گھرے رہنے کی دلیل ہے مگر نحس سیارہ نحس گھر میں اچھا ہوتا ہے اس لئے وقتی طور پر دشمنوں پر گرفت مضبوط رہے گی۔ آٹھویں میں عدل کا سیارہ مشتری اگرچہ قوی ہے مگر ایک سعد سیارے کا نحس گھر میں ہونا انصاف اور قانونی تقاضوں کے لئے بہتر نہیں ہے۔ دسویں میں دسویں کا حاکم زہرہ طالع کے حاکم سے نیک نظر سے ناظر ہے مگر خود دسویں کے حاکم کی رجعت میں ہونے کی وجہ سے انتظامی امور میں کافی دقت اور دشواریاں سامنے آئیں گے۔ مذہبی لوگوں سے اختلافات اور جھگڑے ہوتے رہیں گے۔ دسویں کے حاکم زہرہ کی رجعت کی وجہ سے کامیابی اور سکون دہ حالات قائم کرنے میں ناکامی ہوگی اور عدم اعتماد کے نتیجے میں حکومت کے خاتمے کا امکان ہے۔

علوی و سفلی موکلین

تحریر: حاجی محبوب علی خان غوری۔

علوی و سفلی موکلین سے کام لینے کا طریقہ اپنے نام کے علوم سفلی موکلین کیسے بنائے جاتے ہیں۔

ناظرین حاضرین خریداران رسالہ راہنمائے عملیات میں خالد اسحاق راٹھور صاحب کا شکر گذار ہوں کہ انہوں نے متعدد کتابیں عربی فارسی پرانی علوم کی نہایت محنت اور لگن سے مصری یمنی افریقی تصانیف کو آسان اُردو میں ترجمہ کر کے عوام کی بھلائی کی ہے۔ شوقین علوم مخفیات ان سے بہرہ مند ہوئے۔ ہزاروں لوگ اس علم کے شوقین تھے۔ اب تک وہ کئی کتابوں کا ترجمہ کر کے عوام کی دل جوئی کر چکے ہیں یوں تو پاکستان' ہندوستان' مصر' اسرائیل' سعودی عرب' ایران میں لاکھوں عامل موجود ہیں مگر کوئی بھی آسان طریقے سے اس علم کو تجربہ نہ کر سکا یہ کام صرف نہایت ایماندار محنتی علمی علوم مخفیات خالد اسحاق راٹھور صاحب کا ہی کام ہے۔

میرے استاد علامہ رفیق زاہد مرحوم علامہ شاہ گیلانی مرحوم ان سفلی علوم کے ماہر علامہ تھے۔ جہاں تک ہو سکا اُنھوں نے بھی خالد اسحاق راٹھور صاحب کی طرح لوگوں تک یہ علم پہنچوایا۔

میں دُعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ خالد اسحاق راٹھور صاحب کو لمبی زندگی عطا فرمائیں اور مخفی علوم کی یہ کتابیں ترجمہ اُردو کے ساتھ شائع کرتے رہیں تا کہ شوقین علوم مخفیات آسان اُردو میں دوسرے ملکوں کے علوم پر عبور حاصل کر سکیں اب میں اپنے مضمون کی طرف آتا ہوں۔ میرا مضمون علوم سفلی' اعوان اور موکل جن چار چیزوں جو کہ دنیا پر چھائی ہوئی ہیں ہر شخص اور ہر کلام کے اندر موجود ہوتی ہیں۔ ان کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

(1) موکل علوم: **آئیلُ** عدد 41-آسمانی موکل ہے۔

(2) موکل سفلی: **طیش** عدد 319 زمینی موکل ہے۔

(3) موکل جسمانی: **یوشُ** عدد 316-انسانی ہڈیوں کے اندر کا موکل ہے۔

(4) موکل شخصیات: **ھوشُ** عدد 311-کاروبار روزگار کا موکل ہے۔ دنیاوی زندگی اچھی بُری کا مالک ہے۔

یہ چاروں موکل سر انسان ہر ہر کلام میں اثر انداز ہوتے ہیں ان سے ہر طرح کی مدد لی جا سکتی ہے۔ میں صرف مثال پیش کرونگا۔ صرف اپنے نام کے چاروں موکلیں نکالنے اور کام لینے کے لئے اس طرح ہر انسان موکل بن سکتا ہے۔ انسان اپنے نام کے موکل اور کلام بنا کر ضرورت زندگی دنیا میں آسانی پیدا کر سکتا ہے۔

مثلاً میرا نام حاجی محبوب علی خان غوری ہے۔ میرے حروف قمر کے کل عدد 2057 ہیں۔ مثلاً حاجی 22+ محبوب 58+ علی 110+ خان 651+ غوری 1261۔

اب ہم کو سب سے پہلے موکل علوی پھر موکل سفلی پھر موکل جسمانی اور موکل شخصیات بنانا ہے۔ جس کا طریقہ یہ ہے:-

1- موکل علوی بنانے کے لیے 2057-41=2016۔ حروف برآمد ہوئے ب۔غ۔ی۔ؤ۔ موکل بنا۔ **بغیو آئیلُ**

2- موکل سفلی بنانے کے لیے 2057-319=1738۔ حروف برآمد ہوئے۔غ۔ذ۔ل۔ح۔ موکل بنا۔ **غذ لحطیشُ**

3- موکل جسمانی بنانے کے لیے 2057-316=1741۔ حروف برآمد ہوئے۔غ۔ذ۔م۔ا۔ موکل بنا۔ **غذ مایوشُ**

4- موکل شخصیات بنانے کے لیے 2057-311=1746۔ حروف برآمد ہوئے۔غ۔ذ۔م۔و۔ موکل بنا۔ **غذ موھوشُ**

اس طرح میرے نام کے چاروں موکلین سفلی' علوی' جسمانی' شخصیات کے مندرجہ ذیل ہوئے۔ **بغیو آئیل +غذلحطیش +غذمایوشُ+ غذموھوشُ**۔

اب ان موکلیں کے ساتھ کوئی کلام لگا کر 108 مرتبہ روزانہ صبح شام وظیفہ کریں۔

کلام: **عزمت علیکم یا موکلیں روحانیۃ و نورانیۃ و شمشۃ اجب بغیوائیلُ۔ اجب غذلحطیشُ۔ غذمایوشُ و غذموھوشُ فی ھذا کلام اسماء عظام نصر من اللہ فتح القریب' الوحا الوحا۔ العجل العجل۔ الساعۃ الساعۃ۔**

بالکل اسی طرح مثال دے کر واضح کر رہا ہوں سر انسان سر کلام کے بھی موکلیں بنا کر اس کلام سے دنیاوی مصیبتیں' جادو ٹونہ' محبت والفت' کاروبار روزگار سر بلا سے جان چھڑا سکتا ہے۔ اس کلام کو بوقت چاند گرہن یا سورج گرہن لگنے سے آدھا گھنٹہ پہلے آدھا گھنٹہ بعد تک وظیفہ جاری رکھیں لگاتار پڑھیں ایک سال تک سر ناگہانی مصیبت بیماری' کینسر' ٹی بی' ہارٹ اٹیک اور دیگر جسمانی حادثاتی اور دنیاوی مصیبتوں سے بچ سکتا ہے۔ سر آنے والی مصیبت کا ایک دو روز پہلے ہی بذریعہ موکلیں خواب آگاہی کرتے رہیں گے۔ 108 مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء و فجر طلوع آفتاب سے قبل پڑھنا بہت فائدہ دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆

قارئین راہنمائے عملیات اسلام علیکم: اس ماہ جنوری کی ۲۱ تاریخ کو زہرہ و مشتری میں تثلیث ہو رہی ہے۔ اس لئے ایک بہترین تحفہ لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یاد رہے کے زہرہ سیارہ برج ثور و میزان کا مالک ہے اور سیارہ مشتری برج قوس و حوت کا مالک ہے۔ سیارہ زہرہ بادی اور مونث ہے۔ جبکہ سیارہ مشتری آتشی اور مذکر ہے۔ ان دونوں سیاروں کی آپس میں بہت گہری دوستی ہے۔ مشتری کا تعلق مال دولت و روپیہ سے ہے۔ زہرہ کا تعلق محبت' الفت' شادی' موسیقی' ناچ' گانے بجانے اور خوبصورتی سے ہے۔

تثلیث زہرہ و مشتری کا بہترین وقت ۲۱ جنوری بروز منگل سہ پہر ۳ بجکر ۳۶ منٹ پر آ رہا ہے۔ اس وقت آپ کسی بے وفا محبوب کو اپنے اوپر عاشق کرنے' یا دل پسند جگہ پر شادی کرنے کے لیے عمل تیار کر سکتے ہیں۔ اور اگر محبوب کو حاضر کرنا ہو تو بھی عمل تیار کر سکتے ہیں' انشاء اللہ اگر محبوب ہزار کوس دور بھی ہوگا تو بھی طالب کی محبت میں بے قرار بے چین ہو کر فوراً طالب کے پاس پہنچے گا۔

آج کی محفل میں جو عمل پیش خدمت ہے یہ عمل میرے سینے کا راز ہے' اور بہت دفعہ کا آزمایا ہوا ہے' کبھی خطا نہیں ہوا۔ ہر دفعہ گولی جیسا اثر دکھاتا ہے۔ اب قارئین راہنمائے عملیات کے لیے حاضر خدمت ہے تاکہ آپ سب فیضیاب ہو سکیں۔

وضاحت: ۲۱ جنوری بروز منگل شام ۳ بجکر ۳۶ منٹ پر زہرہ و مشتری میں تثلیث ہو رہی ہے۔ آپ کوئی بھی حُب کا موافق عمل ساعت زہرہ میں کر سکتے ہیں۔ بخورات زہرہ جلتے رہیں۔ رجال الغیب سامنے نہ ہو۔ نقش لکھتے وقت کسی سے بات نہ کریں۔ منہ محبوب کے گھر کی طرف کر کے لکھیں۔ نقش عرق گلاب اور زعفران سے لکھیں۔ نقش کے نیچے اپنا مقصد واضح لکھیں۔

ترکیب نقش: نقش مربع ذوالکتاب لکھنا ہے۔ ہر خانہ میں ۲-۲ کا اضافہ کرنا ہے۔ ٹوٹل ۳ نقش لکھنے ہیں۔

(۱) ایک نقش آگ کے نیچے دبا دیں۔ (۲) دوسرے نقش کو ہوا میں لٹکا دیں۔ (۳) تیسرے نقش کو وزن کے نیچے دبا دیں۔

نقش بھرنے کا طریقہ: نقش مربع ذوالکتاب لکھنا ہے۔

(۱) پہلے خانے میں آیت حُب لکھنی ہے' یعنی **یُحبونهم کحب الله والذین آمنوا اشد حبا لله.** (۲) دوسرے خانے میں نام طالب مع والدہ لکھنا ہے۔ (۳) تیسرے خانے میں نام محبوب مع والدہ لکھنا ہے۔ (۴) چوتھے خانہ میں مقصد لکھنا ہے۔

باقی خانوں میں ۲-۲ کا اضافہ کرنا ہے۔ سب کچھ انشاء اللہ آپ مثالی نقش سے سمجھ جائیں گے۔

مثال: طالب: اکرم علی بن حمیرا۔ مطلوب: نازش بنت شاہین۔ مقصد: محبۃ شدید۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

آیت	نام طالب	نام مطلوب	مقصد
۷۲۶	۷۶۶	۱۳۹۵	۶۲۸
۷۶۳	۷۲۰	۶۳۳	۱۳۹۷
۶۳۲	۱۳۹۹	۷۶۲	۷۲۲

میکائیل

طالب اکرم علی بن حمیرا کے عشق و محبت شدید میں نازش بنت شاہین بیقرار ہو۔ بحق یحبونهم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حبا للہ۔

۱	۶	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰

انشاء اللہ اس عمل کو کرنے سے محبوب چاہے کتنا ہی دور کیوں نہ ہو یکدم طالب کی محبت میں بیقرار بے چین ہو کر آئے گا اور محبت کا اقرار کرے گا یا جہاں بھی ہوگا' بہر حال طالب کی محبت کی آگ محبوب کے دل میں ضرور پیدا ہوگی۔ (ختم شد)۔

از: علامہ عمران حمید اشرفی، لاہور۔

حمد وثنا اللہ جل شانہ کے لیے خاص ہے جو رب العلمین ہے اور بے شمار درود وسلام ہو ہادی برحق، ساقی حوض کوثر، حضور پرنور، شافع یوم النشور سرور کائنات، فخر موجودات، سرکار دو عالم، سید المرسلین، خاتم النبیین، شفیع المذنبین رحمۃ للعلمین، صاحب لولاک، جناب رسالتمآب، حبیب کبریا، رسول اللہ احمد مجتبے حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل اطہار اور آپ کے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالے علیہم اجمعین پر۔

میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ "بے شک ہم ہی نے قرآن کو نازل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں" (الحجر: ۹)۔

لفظ قرآن "قرأ" سے مشتق یعنی نکلا ہے۔ "قرأ" کا مطلب ہے پڑھنا۔ چونکہ اللہ جل شانہ کے اس پاک کلام کو بہت زیادہ پڑھا جاتا ہے اس لیے اسے قرآن کہتے ہیں۔ قرآن مجید وہ واحد کتاب ہے جو ساری دنیا میں ہر روز سب کتابوں سے زیادہ پڑھی جاتی ہے اور اس بات کا اقرار غیر مسلموں نے بھی کیا ہے۔ کوئی بھی انسان اپنی تصنیف کردہ تحریر دوبارہ بغیر دیکھے حرف بحرف نہیں سنا سکتا مگر یہ میرے رب کے کلام کا کمال ہے کہ اسے چھ سات سال کا حافظ القرآن بچہ "الحمد" سے "والناس" تک حرف بحرف تو کیا بغیر زیر زبر کے فرق کے زبانی سنا سکتا ہے۔ یہ قرآن مجید کی حقانیت کی زبردست دلیل ہے۔ قرآن مجید فرقان حمید کے تمام فضائل کو بیان کرنا انسان ناتواں کے بس کی بات نہیں۔ کلام پاک کی فضیلت کے بارے میں احادیث مبارکہ درج ذیل ہیں۔

(۱) حضرت عثمانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے مسلمانو! تم میں بہترین مسلمان وہ ہے جو قرآن پاک سیکھنے والا یا سکھانے والا ہے۔ (بخاری شریف)

(۲) حضرت عمر بن خطابؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ اس کتاب (قرآن) پر عمل کرنے اور اس کے مطابق زندگی گزارنے سے کتنی قوموں کو سربلندی اور کامیابی عطا کرے گا اور کتنی قومیں اس قرآن مجید پر عمل نہ کرنے اس کو چھوڑ دینے کی وجہ سے ذلت وخواری میں مبتلا کر دی جائیں گی۔ (مسلم شریف)

(۳) حضرت عائشہؓ روایت کرتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قرآن مجید میں لفظی اور معنوی طور پر مہارت پیدا کرنے والا ان کاتبوں کے ساتھ ہوگا جو معزز اور نیکوکار ہیں اور جو شخص قرآن مجید پڑھتے وقت اٹک اٹک کر پڑھتا ہے اور اس بارے میں مشقت ودقت محسوس کرنے کے باوجود حصول قرآن مجید میں مشغول رہتا ہے اس کو دوگنا ثواب ملے گا۔ مطلب یہ ہے کہ قرآن پاک میں مہارت پیدا کرنے والا ان فرشتوں کے ساتھ جمع کیا جائے گا جو قرآن پاک کو لوح محفوظ سے نقل کرکے آسمان دنیا پر لاتے رہے ہیں اور قرآن پاک جس کی زبان پر جاری نہ ہو اور وہ اس کے لیے کوشش سے نہ رکے اس کو دوگنا ثواب ملتا ہے۔ (متفق علیہ)

(۴) حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حسد کرنا جائز نہیں مگر دو شخصوں کے اوپر اول تو وہ جس کو اللہ نے قرآن پاک کا علم دیا وہ رات اور دن کی گھڑیوں میں اس کے ساتھ قیام کرتا ہے یعنی اسے نماز میں بطور قرآت پڑھتا ہے اور دوسرا شخص وہ جس کو اللہ نے دولت مند بنایا اور وہ اپنی دولت کو راہ خدا میں رات دن کی گھڑیوں میں خرچ کرتا رہتا ہے۔ (متفق علیہ)

(۵) حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے پیٹ میں قرآن نے کچھ بھی حصہ نہیں یعنی اس کو قرآن کی کوئی بھی سورت یاد نہیں وہ اجڑے ہوئے گھر کی طرح ہے۔ (ترمذی شریف)

(۶) حضرت معاذ جہنیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے قرآن پاک پڑھا، اور اس پر عمل کیا، اس کے ماں باپ کو قیامت کے دن ایسا روشن تاج پہنایا جائے گا جو سورج (اگر تمہاری دنیا کے گھر میں داخل ہو جائے) اس سے بھی زیادہ چمکیلا ہوگا۔ ماں باپ کا یہ درجہ ہے تو خود عمل کرنے والے کو کیا ثواب ملے گا، اس کا اندازہ تم خود کر سکتے ہو (مسند احمد وابوداؤد شریف)

(۷) حضرت بُریدہؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص قرآن پڑھے تاکہ اس کی وجہ سے دکھاوے لوگوں سے قیامت کے دن وہ ایسی حالت میں آئے گا کہ اس کا چہرہ محض ہڈی ہوگا جس پر گوشت نہ ہوگا۔ (راوہ بیہقی فی شعب الایمان)

(۸) حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن پاک پڑھنے والے اور اس کو معمول بنا لینے والے مسلمان سے قیامت کے دن کہا جائے گا کہ پڑھ اور درجات میں بڑھتا جا' اور ترتیل کے ساتھ پڑھ جب کہ تم دنیا میں قرآن پاک کو ترتیل کے ساتھ (آہستہ آہستہ) پڑھتے تھے' آج ہر آیت کے ختم پر تمہارے لئے ترقی کی ایک منزل ہے۔ (مسند احمد' ترمذی و ابوداؤد شریف)

(۹) حضرت علیؓ روایت کرتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے قرآن پاک کو پڑھا' پس دل کے ساتھ اس کے حلال حرام اور اوامر و نواہی کا لحاظ رکھا' اور زندگی بھر ایسا ہی مظاہرہ کیا' اللہ پاک اسے جنت میں داخل کرے گا اور اس کے خاندان کے دس آدمیوں کے متعلق جو قطعی دوزخی ہو چکے ہیں۔ ان کے بارے میں اس کی شفاعت قبول کر کے ان کو جنت میں داخل کرے گا۔ (مسند احمد و ترمذی شریف)

(۱۰) حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ نے فرمایا قرآن مجید ضرور پڑھو کیونکہ جس نے قرآن پاک سیکھ لیا پس اسے پڑھا اور اس کے ساتھ قیام کیا اس کی مثال اس تھیلی کی سی ہے جو مشک و عنبر سے بھری ہوئی ہے اور ہر جگہ جس کی خوشبو پھیل رہی ہے اور جس نے قرآن پڑھ تو لیا مگر اپنے پیٹ میں لے کر اس کو سوتا رہا' نہ اسے پڑھا' نہ اس کے ساتھ قیام کیا' اس کی مثال اس تھیلی کی سی ہے' جس کے اندر مشک تو ہے مگر اس کا منہ بند کر دیا گیا (ترمذی' نسائی و ابن ماجہ شریف)

(۱۱) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے قرآن مجید میں سے ایک حرف بھی پڑھا اس کو ایک نیکی دس گنی ملے گی' میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ الم ایک حرف ہے نہیں بلکہ الف ایک حرف ہے اور لام ایک حرف ہے اور میم ایک حرف ہے' پس خالی الم پڑھنے سے تیس نیکیاں ملیں گی جو بس گنی ہو کر تین سو تک پہنچ سکتی ہیں۔ (ترمذی شریف و دارمی)

(۱۲) حضرت ابن عمرؓ روایت کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلاشک یہ دل زنگ آلودہ ہو جاتے ہیں جس طرح کہ پانی لگنے پر لوہا زنگ آلودہ ہو جاتا ہے' پوچھا گیا حضور اس کے صاف کرنے کی ترکیب کیا ہے؟ فرمایا کثرت کے ساتھ موت کو یاد کرنا اور قرآن پاک کی تلاوت کرنا بلاشبہ یہ عمل ایسے ہیں جن سے دلوں میں نور اور دماغوں کو سرور حاصل ہوتا ہے۔ (بیہقی)

(۱۳) حضرت ابوسعید خدریؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے جس شخص کو قرآن شریف کی تلاوت نے میری یاد سے اور مجھ سے سوال کرنے سے مشغول کر دیا' اس کو میں دعائیں مانگنے والوں سے بھی زیادہ دیتا ہوں اور اللہ کے کلام کی تمام کلاموں پر برتری ایسی ہی ہے جیسی برتری خود اللہ پاک کو ساری مخلوق پر حاصل ہے۔ (ترمذی شریف)

(۱۴) حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے ابوذر اگر تو صبح کو جا کر ایک آیت کلام اللہ شریف کی سیکھ لے تو نوافل کی سو رکعات سے افضل ہے اور اگر ایک باب علم کا سیکھ لے خواہ اس وقت وہ معمول بہ ہو یا نہ ہو تو ہزار رکعات نفل پڑھنے سے بہتر ہے۔

(۱۵) حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ' بلاشک شیطان اس گھر سے بھاگ جاتا ہے جس میں سورہ بقرہ پڑھی جاتی ہے۔ (مسلم شریف)

(۱۶) حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے قرآن پاک پڑھو قیامت کے دن وہ یقیناً اپنے پڑھنے والوں کے لیے سفارشی بن کر آئے گا' دو روشن ترین سورتوں کو ضرور پڑھا کرو جو سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران ہیں' بے شک وہ دونوں قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے لیے بادل بن کر یا سایہ بن کر آئیں گی یا پرندوں کی دو جماعتوں کی طرح جو صف بن کر اڑتے ہوں' اس طرح سے آئیں گی۔ اور اپنی پڑھنے والوں کی بخشش کے لیے اللہ پاک سے جھگڑیں گی' سورہ بقرہ کو ضرور پڑھا کرو' اس کا لے لینا برکت ہے اور چھوڑ دینا موجب حسرت اور اہل باطل اس کی طاقت نہیں رکھ سکتے۔ (مسلم شریف)

(۱۷) حضرت ابومسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے کسی رات میں سورہ بقرہ کی آخری دو آیات کو پڑھ لیا وہ اس کی حفاظت کے لیے کافی ہو گئیں یعنی امن الرسول بما انزل سے آخر تک۔ (متفق علیہ)

(۱۸) حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوالمنذر سے دو مرتبہ پوچھا کہ اللہ کی کتاب میں سے کون سی عظیم ترین آیت تم کو یاد ہے؟ انہوں نے جواب میں آیۃ الکرسی کا نام لیا' تو آپ نے ان کے سینہ پر اپنا ہاتھ رکھ کر فرمایا کہ اے ابوالمنذر تم کو علم قرآن مبارک ہو گویا آپ نے خوش ہو کر ان کو مبارک باد پیش کی۔ فی الواقع آیۃ الکرسی ہر لحاظ سے قرآن پاک کی بہت ہی بابرکت آیت ہے۔ (مسلم شریف)

(۱۹) حضرت ابودرداءؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم میں سے کوئی شخص ایک رات میں تہائی قرآن مجید نہیں پڑھ سکتا' صحابہؓ نے کہا یا رسول اللہ یہ کیونکر ممکن ہے؟ آپ نے فرمایا قل ھو اللہ احد تہائی قرآن کے برابر ہے' یعنی جس نے اس کو ایک دفعہ پڑھا' گویا اس نے تہائی قرآن مجید پڑھا' اس کو اس قدر ثواب ملے گا۔ (مسلم شریف)

(۲۰) حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے کہا اے اللہ کے رسولؐ میں سورہ قل ھو اللہ شریف کو بہت ہی محبوب رکھتا ہوں آپ نے فرمایا یقیناً اس کی محبت تجھ کو جنت میں داخل کرائے گی۔ (ترمذی شریف)

(۲۱) حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے سورہ کہف کے شروع کی دس آیات کو حفظ کیا وہ دجال کے فتنہ سے محفوظ رہے گا۔

(۲۲) حضرت انسؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ایک چیز کا دل ہوتا ہے اور قرآن شریف کا دل سورۂ یٰسین ہے۔ جس نے سورۂ یٰسین کو پڑھا اللہ پاک اس کو اس کے بدلہ میں دس بار قرآن شریف ختم کرنے کا ثواب عطا کرے گا۔ (سنن ترمذی)

(۲۳) حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلاشک اللہ پاک نے زمین و آسمان کی پیدائش سے ایک ہزار سال قبل سورۂ یٰسین و طٰہٰ کو پڑھا' جب فرشتوں نے قرآن پاک کی قرات کو سنا تو کہنے لگے وہ امت کس قدر مبارک ہوگی جس پر قرآن پاک نازل کیا جائے گا' اور وہ پیٹ کس قدر مبارک ہونگے' جو اس کو اٹھائیں گے' یعنی زبانی یاد کریں گے۔ اور وہ زبانیں بھی کس قدر مبارک ہونگی' جو قرآن کے ساتھ کلام کریں گے۔

(۲۴) حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن پاک میں تیس آیتوں والی ایک سورۃ ہے جو اپنے پڑھنے والوں کی سفارش کرے گی' یہاں تک کہ وہ بخشے جائیں' وہ سورۂ تبارک الذی ہے یہ بھی آیا ہے کہ جو شخص رات کو سوتے وقت اس سورۃ کی تلاوت کرے گا' اس کو عذاب قبر سے نجات ملے گی۔ (مسند احمد و ترمذی شریف)

(۲۵) حضرت جابرؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نہ سوتے جب تک آپ سورہ الم تنزیل سجدہ اور سورہ تبارک الذی نہ پڑھ لیتے' آپ اکثر ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ (مسند احمد و ترمذی شریف)

(۲۶) حضرت معقل بن یسارؓ روایت کرتے ہیں بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے سورۂ یٰسین کی تلاوت کی محض رضائے الٰہی کے لیے اس کے پچھلے گناہ سب بخش دیئے جاتے ہیں اس کو ان لوگوں کے پاس پڑھا کرو جو مرنے کے قریب ہیں یعنی اس سورت کی تلاوت کی برکت سے ان پر اللہ پاک کا رحم و کرم ہوگا' اور خاتمہ الخیر نصیب ہوگا۔ (بیہقی)

(۲۷) حضرت ابو سعیدؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے سورہ کہف کو جمعہ کے دن تلاوت کیا اس کو دوسرے جمعہ تک چمکتا ہوا نور نصیب ہوگا۔ مطلب یہ ہے کہ اگلے جمعہ تک اس کے نور ایمان میں تازگی رہے گی۔ (بیہقی)

(۲۸) حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے' ہر چیز کے لیے زیب و زینت ہوتی ہے اور قرآن کریم کی زینت سورۂ رحمٰن ہے۔ (بیہقی)

(۲۹) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہر رات سورۂ واقعہ پڑھے گا' اس کو کبھی بھی فاقہ نہیں پہنچے گا۔ اور ابن مسعودؓ اپنی لڑکیوں کو حکم فرمایا کرتے تھے کہ وہ ہر رات سورۂ واقعہ ضرور پڑھ لیا کریں۔ غنائے ظاہری و باطنی کے لیے فی الواقع یہ مجرب عمل ہے۔

(۳۰) حضرت عائشہؓ روایت کرتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر رات بستر پر تشریف لاتے وقت اپنے ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو جمع فرما کر قل ھو اللہ' قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ان سورتوں کو پڑھ کر دم کیا کرتے تھے' پھر اپنی ہتھیلیوں کو سر مبارک پر اور چہرہ انور اور جہاں تک ہاتھ پہنچ سکتے' وہاں تک تین بار مل لیا کرتے تھے۔ (متفق علیہ)

(۳۱) حضرت ابن عباسؓ اور حضرت انس بن مالکؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورۂ اذا زلزلت نصف قرآن کے برابر ہے اور قل ھو اللہ احد تہائی قرآن کے برابر ہے اور قل یایھا الکفرون چوتھائی قرآن کے برابر ہے یعنی ان سورتوں کی تلاوت اگر کما حقہ کی جائے تو اس قدر ثواب ملتا ہے۔ (ترمذی شریف)

(۳۲) حضرت معقل بن یسارؓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا جس شخص نے صبح کے وقت تین مرتبہ اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم پڑھ کر سورہ حشر کی آخر والی تین آیات کو پڑھا اللہ پاک اس پر ستر ہزار فرشتے مقرر کردے گا جو اس پر درود بھیجیں گے' یہاں تک کہ شام ہو اور اگر وہ اس دن میں انتقال کر گیا تو شہید ہو کر مرے گا۔ اور جس نے شام کو اسی طرح سے پڑھ لیا اس کو بھی صبح تک یہی ثواب حاصل ہوگا۔ آیت کریمہ ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو عالم الغیب سے آخر تک مراد ہے۔ (ترمذی شریف' داری شریف)

(۳۳) حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے سورہ حم دخان کو جمعہ کی رات میں پڑھا اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

(۳۴) حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے سورۂ مومن کی ابتدائی آیت حم کو الیہ المصیر تک اور آیت الکرسی کو صبح کے وقت پڑھ لیا تو وہ شام تک اللہ کی حفاظت میں رہے گا اور جس نے شام کو پڑھ لیا وہ صبح تک اللہ کی حفاظت میں رہے گا۔

(۳۵) حضرت ایفع بن عبدالکلاعیؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا تھا یا رسول اللہ معانی و مطالب و ثواب کے لحاظ سے قرآن شریف کی کونسی سورت اعظم ہے۔ آپ نے فرمایا قل ھو اللہ احد اس نے کہا یا رسول اللہ اسی طرح اور کونسی آیت اعظم ہے آپ نے فرمایا آیۃ الکرسی' پھر اس نے کہا حضور آپ کونسی آیت کو محبوب رکھتے ہیں کہ آپ کو اور آپ کی امت کو اس کا ثواب ملتا ہے آپ نے فرمایا کہ سورہ بقرہ کی آخری آیات' بے شک یہ عرش الٰہی کے نیچے رحمت کے خزانوں میں سے ہیں' جو اس امت کو عطا کی گئی ہیں۔ دنیا و آخرت کی کوئی بھلائی ایسی نہیں جو ان آیات میں نہ ہو۔ (سنن دارمی)

(۳۶) حضرت عبدالملک بن عمیرؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورۂ فاتحہ میں ہر بیماری سے شفا ہے یعنی روحانی و جسمانی ہر بیماری کے لیے اس کا پڑھنا موجب شفا ہے۔ (سنن دارمی و بیہقی)

(۳۷) حضرت قتادہؒ کہتے ہیں کہ حضرت انسؓ سے پوچھا گیا آنحضرت کی قرأت کیونکر ہوتی تھی' آپ نے فرمایا کہ آپ کھینچ کھینچ کر پڑھا کرتے تھے پھر آپ نے بسم اللہ کو پڑھ کر بتلایا کہ آپ بسم اللہ کو کھینچتے' پھر الرحمٰن کو پھر الرحیم کو۔

(۳۸) حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تلاوت کے ساتھ قرآن مجید کی محافظت کیا کرو یعنی بار بار تلاوت کر کے یاد رکھا کرو' کیونکہ قسم ہے اللہ پاک کی بھول جانے میں اس کی مثال رسی میں جکڑے ہوئے اونٹ کی سی ہے ذرا سی ڈھیلی ہوئی' اور وہ بھاگا۔ اسی طرح جہاں

ذرا بے پروائی سے کام لیا گیا اور تلاوت سے غفلت کی گئی کہ وہ دماغ سے اترا۔ اس لیے روزانہ تلاوت جاری رکھو۔

(۳۹) حضرت طاؤسؒ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ قرأت قرآن میں آواز کے لحاظ سے کوئی آدمی بہتر ہے۔ آپ نے فرمایا وہ شخص کہ جب تم اس کو پڑھتے ہوئے سنو یقین کرو کہ وہ اللہ سے ڈرتا ہے یعنی اس کی قرات سے اللہ کی خشیت ظاہر ہو۔ طاؤسؒ کہتے ہیں کہ حضرت طلقؓ کی قرات ایسی تھی۔ (سنن دارمی)

(۴۰) حضرت جندب بن عبداللہؓ کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن شریف کی تلاوت اس وقت تک جاری رکھو جب تک تمہارے دل اس کی طرف متوجہ رہیں اور جب بھی دل میں ذرا سا فرق دیکھو پس تلاوت بند کر دیا کرو۔ (متفق علیہ)

پوری توجہ کے ساتھ تلاوت کرنا آداب تلاوت میں سے ہے اور بہت ضروری ادب ہے۔ تلاوت کرتے وقت یہ تصور ہو کہ اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہو رہا ہوں اللہ پاک ہم سب کو ایسی توفیق عطا فرمائیں۔ اور ہماری لغزشوں غلطیوں کو معاف کریں۔ (ثنائی ترجمہ)

ہر مشکل کے حل کے لیے قرآن مجید کا خاص وظیفہ

شروع میں گیارہ مرتبہ نماز والا درود شریف پڑھیں۔ بعد تعوذ تسمیہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل (پارہ ۴ سورہ آل عمران آیت ۱۷۳) ساڑھے چار سو (۴۵۰) مرتبہ پڑھ کر اپنے جائز مقصد کی دعا رب رحمٰن و رحیم کی بارگاہ میں نہایت عاجزی و انکساری سے رو رو کر، گڑگڑا کر مانگیں۔ آخر میں دوبارہ مذکورہ درود شریف پڑھیں۔ وظیفہ چالیس (۴۰) ایام تک جاری رکھیں۔ اکثر اس سے پہلے ہی اللہ رب العزت دعا قبول فرما لیتا ہے مگر پھر بھی چالیس ایام پورے کریں۔ جگہ اور وقت کی پابندی کریں۔ اکل حلال و صدق مقام پر عمل کریں۔ وظیفہ کا پورا فائدہ حاصل کرنے کے لیے نماز پنجگانہ کی پابندی اور گناہوں سے پرہیز ضروری ہے۔ اس پر عمل شروع کرنے سے پہلے مذکورہ وظیفہ کے کلمات کسی عالم دین کو سنا کر خوب تلفظ درست کرلیں تاکہ غلطی نہ ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

از: خالد اسحاق راٹھور۔

ساعات حقیقی

سوالوں کے جواب

ضمیر

اس کتاب میں کسی دوسری جگہ بلحاظ عنوان سوالوں کے جواب معلوم کرنے کا طریقہ بیان کر دیا گیا ہے۔ یہاں گو یہی موضوع زیر بحث ہے مگر ایک نسبتاً زیادہ بہتر طریقہ کار کے تحت یہ امر زیر بحث آیا ہے۔ اس باب میں دو باتوں کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

(۱) صرف ایک ساعت یا کوکب کے مدنظر حکم بیان کرنے کی بجائے ساعت اکبر اور ساعت اصغر کے تعلق کو خصوصی طور پر مدنظر رکھا گیا ہے۔

(۲) دوسرا قابل ذکر امر یہ ہے کہ یہاں زیر بحث آنے والے زیادہ تر سوال ایسے ہیں جو ان ساعتوں میں عموماً سائل پوچھتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں سائل کا ضمیر آپ کچھ تجربہ ہونے کے بعد پڑھ سکتے ہیں۔ یہاں یہ کہا جائے کہ ساعتوں سے جواب دینے کا موزوں ترین طریقہ یہی ہے تو کچھ غلط نہ ہوگا۔ جوں جوں آپ کا تجربہ اس علم میں بڑھے گا۔ احکام کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہوتی جائے گی اور آخر کار آپ اس شعبے میں مہارت تامہ حاصل کر سکیں گے۔ میری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

زیر نظر مضمون خالد اسحاق راٹھور کی تحریر کردہ کتاب ساعات حقیقی سے لیا گیا ہے۔ ہمارے ہاں عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ دن رات کو ۲۴ حصوں میں تقسیم کرنے سے ساعتیں حاصل ہو جاتی ہیں۔ ساعتوں کا ایک قدیم طریقہ جس میں ساعتوں کو سات بنیادی کواکب کے حوالے سے اس کتاب میں پیش کیا گیا ہے بلحاظ قدامت دنیا کا قدیم ترین طریقہ ہے۔ بنیادی طور پر ساعتوں کا نظام کواکب کی بنیاد پر قائم ہے۔ قدیم ماہرین نے سات کواکب کے حوالے سے دن اور رات کی ساعتوں کو سات حصوں میں تقسیم کیا۔ پھر ہر ایک حصے کو دوبارہ سات حصوں میں تقسیم کیا اور یوں حاصلہ ساعت کو پھر سات حصوں میں تقسیم کیا۔ ساعتوں کا یہ نظام آج تک زمانہ کی گرد کے نیچے دبا ہوا تھا۔ جسے خالد اسحاق راٹھور نے اپنی ان تھک سالہا سال کی کوشش اور تحقیق کے بعد علوم مخفی کے شائقین کے سامنے پیش کیا ہے۔ کتاب ہذا میں ساعتیں معلوم کرنے کے قدیم و جدید دس طریقہ کار بھی بیان کیے گئے ہیں تاہم پوری کتاب سات کواکب اور سات ساعتوں کے قدیم بنیادی اور حقیقی طریقہ کار کی بنیاد پر تحریر کی گئی ہے۔ یہاں کتاب ہذا کا ایک باب قارئین راہنمائے عملیات کے مطالعے کے لیے پیش ہے۔ جس میں ساعتوں کے ذریعے مختلف سوالوں کے جواب دینے کے خاص طریقہ کار کو زیر بحث لایا گیا ہے۔

شمس کی ساعت اکبر میں سوال جواب

شمس / شمس

☆ سوال اگر لڑائی جھگڑے سے متعلق ہو تو کہو فساد کو نہ بڑھاؤ۔ فائدہ نہ ہوگا۔

☆ رشتے داروں سے تعلقات کا سوال ہو تو ان سے تکلیف ہوگی۔

☆ سوال اگر صحت کے بارے میں ہو تو کہو درد اور تکلیف دینے والے امراض سر درد کان درد اور پیشاب سے متعلق امراض ہو سکتے ہیں۔

شمس / قمر

☆ سوال اگر کاروبار کا ہو تو کہو کاروبار ترقی کرے گا اور ایسی کامیابی ہوگی جس کی توقع نہ ہو گی۔

☆ سوال اگر بڑے لوگوں یا حاکم یا کسی افسر سے کام کے متعلق یا اس سے فائدے کے متعلق ہو تو کہو ہاں کامیابی ہوگی۔

☆ سوال اگر صحت کا ہو تو کہو محتاط رہو آنکھوں کے امراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔

☆ سوال اگر نیا کام شروع کرنے کا ہو تو کہو کامیابی ہوگی۔

☆ سوال عورت کا ہو تو کہو محتاط رہو۔ عورت وجہ تکلیف و مسائل ہو سکتی

ہے۔

شمس /مریخ

☆سوال اگر مال کا ہو تو کہو ضائع ہو گا۔

☆ادھار واپس نہ ملے گا

☆چوری کا سوال ہو تو مکمل برآمدگی نہ ہو گی۔ مال چور لے جائیں گے۔صرف برائے نام برآمدگی کا امکان ہے۔

☆صحت کا سوال ہو تو جوڑوں کے امراض' شدید درد اور بخار جیسے امراض ہوں۔

☆مقابلے یا جھگڑے کا سوال ہو تو کہو محتاط رہو اس کے بڑھنے کا بہت زیادہ امکان ہے۔

☆سوال کسی رشتے دار کی بہتری کے متعلق ہو تو کہو تمہارے ذریعے اس کا کام ہونا ممکن نہیں۔

شمس /مشتری

☆سوال اگر حصول علم کا ہو تو کہو ہاں علم میں اضافہ' امتحان میں کامیابی اور ذہانت میں اضافہ ہو گا۔

☆سوال حصول فوائد کا ہو تو کہو ہاں' ایسا اللہ کے فضل سے ضرور ہو گا۔

☆سوال نوکری کا ہو تو کہو اچھی نوکری کے لیے کوشش کرو۔مل جائے گی۔

☆سوال کسی سے مدد یا کام کا ہو تو کہو۔دوستوں کے ذریعے کوشش کرو۔کامیابی ہو گی۔

☆سوال اولاد کا ہو تو کہو ہاں اولاد ہو گی۔زیادہ امکان اولاد نرینہ کا ہو گا۔

☆سوال اگر احکام بالا کے تعاون و مدد کا ہو تو کہو وہ آپ کی طرف داری کریں گے۔

شمس /زحل

☆سوال اگر جائداد کا ہو تو کہو نئی نہ خریدو۔اس کے بیچنے کا سوال ہو تو کہو پوری قیمت پر نہ فروخت ہو گی۔

☆سوال مقابلے کا ہو تو کہو دشمن کامیاب ہو۔مخالفت میں اضافہ ہو۔

☆سوال بچے کا ہو تو کہو اس کو ابھی صحت نہ ہو گی۔اس کا علاج توجہ سے مکمل کرو۔

☆سوال اپنی صحت کا ہو تو کہو مزمن مرض کا شکار رہو اور طویل علاج ہی صحت لائے گا۔

☆سوال عمومی صحت کا ہو تو جسمانی امراض' بے چینی اور عمومی نحوست طاری رہے گی۔

☆سوال سفر کا ہو تو کہو محتاط رہو حادثے کا قوی امکان ہے یا سخت پریشانی ہو۔

شمس /عطارد

☆سوال صحت کا ہو تو کہو' صحت متاثر ہو گی' عجب خوف بے چینی اور پریشانی سے واسطہ رہے گا۔

☆سوال اگر صاحب اقتدار یا مالک یا حکومت یا افسر یا وزیر یا جج سے متعلق ہو تو کہو وہ مخالفت پر کمر بستہ رہیں گے۔

☆سوال دوستوں کے مخلص ہونے کا ہو تو کہو۔نہیں۔ان پر اعتبار نہ کرو۔ان سے مخالفت کا خطرہ ہے۔

☆سوال عزت وقار کا ہو تو کہو۔رسک والے کام نہ کرو۔وقار خاک میں مل جائے گا۔

☆سوال بچوں کا ہو تو کہو ان سے سوائے تکلیف کے کچھ حاصل نہ ہو گا۔

شمس /زھرہ

☆سوال اگر حصول صحت کا ہو تو کہو افاقہ ہو گا۔

☆سوال شادی یا منگنی کے بارے ہو تو کہو ہاں شادی و منگنی وغیرہ ہو جائے گی۔

☆سوال حصول معشوق کا ہو تو مثبت جواب دو۔

☆سوال عمومی خوشحالی کا ہو تو کہو اللہ کے فضل سے اچھے دن دیکھو گے۔

☆سوال اگر عزت و وقار کا ہو تو کہو۔ہاں یہ وقت اچھا ہے اور توقع پوری ہو گی۔

از: سید شعیب الرحمٰن شاہ کاکاخیل۔

زہرہ مشتری کی تثلیث ۲۱ جنوری ۲۰۰۳ء میں شام تین بج کر ۳۶ منٹ پر قائم ہوگی۔ زہرہ مشتری کی تثلیث میں تسخیر خلق، تسخیر مستورات، رجوع خلق کے لیے میں ہر سال عمل تیار کرتا ہوں۔ اکثر علمائے جفر کا قاعدہ ہوتا ہے کہ ایسے وقت سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ میرے والد بزرگ کی وفات کے بعد دشمنوں نے مجھ پر زمین تنگ کردی بلکہ ایک تو میرے والد بزرگ کے غم نے مجھے توڑ کر رکھ دیا اور دوسرا اپنے دشمنوں نے مجھے بہت تنگ کیا تو میں آخر کار ایک جفار عامل کے پاس گیا تو انھوں نے مجھے ایک عمل دیا اور مجھے کہا کہ کوئی فکر نہ کرو۔ اس عمل کو تم زہرہ مشتری کی تثلیث میں تیار کرو۔ اس کے ساتھ تمھاری ساری پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ جب میں نے یہ عمل تیار کیا تو ایک مہینے میں دشمنوں کی حالت ٹھنڈی ہوگئی تو آج کی محفل میں راہنمائے عملیات کے لیے ایک خاص تحفہ حاضر خدمت ہے۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۵

سورہ القدر۔ اعداد قمری: ۸۳۱۱

شاہد اقبال معہ والدہ۔ ۱۷۹۸

مقصد رجوع خلق۔ ۱۰۰۹

کُل اعداد۔ ۱۱۱۱۸

تفریق۔ ۳۵۱۰

تقسیم۔ ۴

باقی کو خانہ نمبر ۱ سے خانہ نمبر ۱۶ تک ۱۱۷ کا اضافہ کرنا ہے اور ساتھ میں یامُعِزُّ کا ورد کرنا ہے یعنی خانہ نمبر ۱ لکھ کر ۱۱۷ مرتبہ یامُعِزُّ کا ورد کریں اس طرح خانہ نمبر ۱۶ تک ورد کرنا لازمی ہے۔

جبرائیل

۱۹۰۴	۲۳۲۳	۳۰۷۲	۲۷۲۱
۳۱۸۹	۲۲۰۳	۲۰۱۷	۳۳۰۶
۲۳۸۷	۲۸۲۸	۳۶۵۷	۲۱۳۶
۳۵۳۵	۲۲۵۳	۲۳۷۵	۲۹۵۵

وکفی باللہ شھیدا محمد رسول اللہ

میکائیل

☆☆☆☆☆

از: سید شعیب الرحمٰن شاہ کاکاخیل۔

شمس زحل تثلیث ۲ فروری ۲۰۰۳ء کو ۲ بجکر ۵۰ منٹ پر قائم ہوگی۔

شمس بادشاہ ملک جو تمام سیارگان میں شہنشاہ کا درجہ رکھتا ہے۔ زحل جب سعادت نظر کی حالت میں ہوتا ہے تو ترقی دولت جائیداد اور استحکام لاتی ہے۔ اگر دولت کے اعداد دیکھے جائیں۔ د و ل ت۔ ۴+۶+۳۰+۴۰۰ تو کل ۴۴۰ جبکہ ۴۴۰ کا باطن ۸ بنتا ہے۔ جو کہ زحل کے ماتحت ہے۔ جب شمس زحل کی تثلیث قائم ہوتی ہے تو یہ تثلیث ایسے اسباب پیدا کرتی ہے جس سے بغیر محنت کے دولت حاصل ہوتی ہے۔ جون میں زحل برج تبدیل کر کے سرطان میں چلا جائے گا تو برج جوزا والے برج سرطان والے اور برج اسد والے برج جدی والے اور برج قوس والوں پر ساڑھے ستی زحل شروع ہو جائے گی۔ بلکہ ان بروج والوں پر غم و فکر کی آندھیاں چلیں گی۔

تو آج کی محفل میں راہنمائے عملیات کے لیے ایک خاص عمل اعداد شمسی کا لے کر آیا ہوں۔ یہ عمل میرے برسوں کا تجربہ یافتہ ہے۔ اگر خود یہ نقش تیار نہ کر سکیں تو خالد اسحاق راٹھور صاحب کو ہدیہ دے کر تیار کروائیں۔ یہ علم الجفر کا معجزہ ضرور آزمائیں۔ عمل مندرجہ ذیل ہے۔

سبحان ربک..... تا..... والحمد للہ رب العالمین۔

اعداد شمسی۔ ۱۹۱۰۰۔

مقصد فتوحات۔

آیت انا فتحنا لک فتحا مبینا۔

اعداد شمسی ۵۰۲۵۔

طالب شعیب الرحمٰن۔

اعداد شمسی ۲۹۵۰۔

کل ۲۷۰۷۵۔

تفریق ۱۳۶۷۷۰۔

باقی ۱۲۳۰۵۔

تقسیم ۴۔

باقی ۱ ہو تو خانہ ۱۳ میں ۱ کا اضافہ ۱۳۰۱ کو خانہ نمبر ۱ سے نمبر ۱۶ تک ۴۸۹ کا اضافہ کرنا ہے اور ساتھ میں اسم اعظم کا فتاح کا ورد بھی کرنا ہے۔ یعنی خانہ نمبر ۱ لکھ کر ۴۸۹ دفعہ اسما اعظم کا ورد کرنا ہے۔ اس طرح خانہ نمبر ۱۶ تک ورد کرنا ضروری ہے۔ میزان چاروں اطراف سے درست آئے گی یہ میری طرف سے راہنمائے عملیات کے لیے تحفہ قبول فرمائیں۔

۵	۴	۱۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۵۰۵۷	۴۵۶۸	۹۹۴۸	۷۵۰۲
۵۵۴۶	۷۰۱۳	۱۰۴۳۷	۴۰۷۹
۸۴۸۰	۶۰۳۵	۳۵۹۰	۸۹۷۰
۳۱۰۱	۹۴۵۹	۷۹۹۱	۶۵۲۴

وکفی باللہ شھید احمد رسول اللہ

میکائیل

☆☆☆☆☆

آپ کا برج

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں۔

سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں ذیل میں کون سا برج آپ کا ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

وہ دوست جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ عزیمت برائے رجعت ونحوست سیارگان یوں ہے۔ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٰھٰیٰعٰصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَةِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

حروف	عدد
ا، ی، ق، غ	1
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	2
ج، چ، ل، ش	3
د، ڈ، م، ت، ٹ	4
ھ، ن، ث	5
و، س، خ	6
ز، ژ، ع، ذ	7
ح، ف، ض	8
ط، ص، ظ	9

مثال: اکبر = ا ک ب ر =
۱ + ۲ + ۲ + ۲ = ۷

برج حمل کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

برج حمل

21 مارچ تا 20 اپریل سیارہ۔۔مریخ
حروف۔۔ا، ل، ع، ی پتھر۔۔مرجان دن۔۔منگل
رنگ۔۔سرخ دھات۔۔لوہا، تانبہ عدد۔۔9

لکی نمبر، سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں	
لکی نمبر	۱، ۸، ۹
سعد تاریخیں	۵، ۸، ۱۸، ۲۱، ۲۲، ۲۵
نحس تاریخیں	۲، ۶، ۷، ۲۰، ۲۶، ۲۷

۱ تا ۸ جنوری۔۔۔۔۔۔۔۔ برج حمل کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج اسد والے افراد فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ ۲ تاریخ کے بعد سیارگان کی پوزیشن خاص طور پر سیارہ عطارد آپ کی کاروباری صورتحال پر اثر انداز ہوگا اس لیے سال کی ابتدا ہی آپ کو خاصی محنت سے کرنا پڑے گی۔ ۲، ۷، ۸ تاریخیں آپ کے لیے اچھی نہیں ہیں۔ ان دنوں میں اہم امور کو سرانجام دیتے وقت احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

۹ تا ۱۵ جنوری۔۔۔۔۔۔۔۔ اس ہفتے میں ۱۲، ۱۳ تاریخوں کو قمر حالت شرف میں ہوگا جو کہ آپ کے لیے اضافی آمدن لائے گا۔ ان دنوں میں اگر آپ کسی شخص سے قرض کی وصولی کے لیے جائیں گے تو آپ کو قرضہ واپس مل سکتا ہے۔ زہرہ برج قوس میں زحل کے ساتھ مقابلہ کی نظر بنا رہا ہے آپ کو اندرون بیرون ملک سفر کرنے میں دشواریاں پیش آ سکتی ہیں۔

۱۶ تا ۲۲ جنوری۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ حمل افراد جو کہ بیرون ملک سفر کرنے کے خواہش مند ہیں۔ مریخ ۱۸ تاریخ کو برج قوس میں ہوگا اور آپ کے لیے سفر سے متعلقہ امور میں آسانیاں پیدا کرے گا۔ ۱۹، ۲۰ تاریخیں مالی اعتبار سے اچھی رہیں گی۔ آپ کو آنے والے دنوں میں سسرالی رشتے داروں سے فائدہ مل سکتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کو کوئی مالی مدد ملے۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری۔۔۔۔۔۔۔۔ اس ہفتے میں ۲۶ اور ۲۷ تاریخوں کو قمر برج عقرب میں ہوگا اور یہاں پر حالت زوال میں ہو

گا۔ ان دنوں میں سفر کرنے میں اجتناب کریں آپ کے لیے بہتر نہ ہوگا۔ جبکہ اس ہفتے کی ابتدا میں ۲۳ تاریخ کو عطارد حالت استقامت میں آئے گا جس کی وجہ سے پریشانیوں میں کمی واقع ہونا شروع ہوگی۔ خاص طور پر جو صحت اور ملازمت کی وجہ سے تھیں۔

برج ثور کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

برج ثور

21 اپریل تا 20 مئی سیارہ۔۔زہرہ
حروف۔۔ب،و پتھر۔۔الماس دن۔۔جمعہ
رنگ۔۔نیلا دھات۔۔پیتل، تانبہ عدد۔۔6

لکی نمبر / سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں

لکی نمبر	۳، ۵، ۷
سعد تاریخیں	۱۲، ۱۳، ۱۴، ۲۱، ۲۲، ۲۳
نحس تاریخیں	۲، ۵، ۶، ۸، ۱۰، ۲۹

۱ تا ۸ جنوری......... برج ثور کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج جدی والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ سال کی ابتداء میں آپ کو ازدواجی امور میں خوشی حاصل ہوگی کسی کی مدد سے آپ کو مال و دولت بھی نصیب ہوسکتا ہے۔ وہ ثور افراد جو کہ تعلیمی امور سے منسلک ہیں اُن کو پریشانی لاحق ہوسکتی ہے اُن کو ۲ تاریخ کے بعد زیادہ محنت کرنا ہوگی۔

۹ تا ۱۵ جنوری......... ۱۲ اور ۱۳ تاریخوں کو قمر برج ثور میں حالت شرف میں ہوگا۔ لوگوں کے درمیان آپ کی مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ لیکن اس ہفتے میں آپ کا زیادہ رجحان آسائشات کی طرف ہی ہوگا جس کی وجہ سے آپ عملی کاموں کی طرف کم مائل ہونگے۔ اس لیے آپ کے لیے بہتر ہوگا کہ وقت اور حالات کے مطابق چلیں۔

۱۶ تا ۲۲ جنوری......... وہ ثور افراد جن کی ازدواجی زندگی میں نشیب و فراز اور پریشانی کا دور کافی عرصے سے شروع تھا اب ختم ہونے کا وقت آ گیا ہے۔ اور آپ کی نجی زندگی پھر سے معمولی پر آنا شروع ہوجائے گی اور خاص طور پر اس ہفتے کے نصف کے قریب آپ کو مواقع میسر آئیں گے۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری......... اس ہفتے میں شمس کے اثرات آپ کے عزت و وقار پر آئیں گے، اور لوگوں سے آپ کو فوائد مل سکتے ہیں۔ سیاسی اور معاشرتی وقار بلند ہوگا۔ اس ہفتے کے درمیان میں آپ کے شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب ہوسکتے ہیں اس لیے خاص طور پر ۲۶ اور ۲۷ تاریخوں کو ایک دوسرے کے مزاج کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

برج جوزا کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

برج جوزا

21 مئی تا 20 جون سیارہ۔۔عطارد
حروف۔۔ک، ق پتھر۔۔زمرد دن۔۔بدھ
رنگ۔۔زرد، سرخی مائل دھات۔۔پیتل، تانبہ عدد۔۔5

لکی نمبر / سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں

لکی نمبر	۳، ۶، ۹
سعد تاریخیں	۶، ۸، ۱۷، ۱۸، ۲۱، ۲۲
نحس تاریخیں	۲، ۷، ۱۲، ۱۳، ۲۶، ۲۷

۱ تا ۸ جنوری......... برج جوزا کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حمل والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ لیکن سال کی ابتداء ہی میں آپ کا حاکم سیارہ حالت رجعت میں ہوگا اس لیے آپ کو ۲ تاریخ کو صدقہ خیرات کریں تو آپ کی ذہنی پریشانیوں میں کمی واقع ہونا شروع ہوگی۔ خاص طور پر گھریلو امور پر توجہ دیں۔ گھر کے افراد کی ناچاکی آپ کی صحت پر اثر انداز ہوگی۔

۹ تا ۱۵ جنوری......... آپ کو اس ہفتے کے درمیانی دنوں میں بعض لوگوں کی طرف سے مخالفت کا سامنا ہوسکتا ہے۔ لیکن ۱۴، ۱۵ تاریخیں آپ کو کوئی اہم فیصلہ کرنے پر مجبور کریں گی۔ جس کا تعلق کسی حوالے سے آپ کی ازدواجی زندگی یا شریک کاروبار کے ساتھ ہوسکتا ہے۔ غیر شادی شدہ افراد کی شادی کی بات چیت چل سکتی ہے۔

۱۶ تا ۲۲ جنوری......... وہ جوزا افراد جو کہ پارٹنرشپ کے ساتھ کسی کام کو شروع کرنا چاہتے ہیں اُن کو ۱۸ تاریخ کے بعد اس کام کو شروع کرنا چاہیئے مالی اور معاشرتی زندگی میں کسی کے توسط سے فائدہ ہوگا۔ جبکہ نجی زندگی میں مریخ کے آتشی اثرات غالب آسکتے ہیں جس کی وجہ سے شریک حیات کے ساتھ ناچاکی ہوسکتی ہے۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری......... اس ہفتے میں جوزا افراد کو صحت کی خرابی سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ کھانے پینے کی دعوتوں میں اشیاء کا استعمال سوچ سمجھ کر کریں یہ نہ ہو کہ بیماری طول پکڑ لے۔ ۲۳ تاریخ کو عطارد حالت استقامت میں ہوگا جس کی وجہ سے اچھے اثرات مرتب ہونگے۔ آپ کے گھریلو ماحول میں جو پریشانی تھی اب ختم ہونا شروع ہوگی۔

برج سرطان کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

برج سرطان
21 جون تا 20 جولائی — سیارہ۔۔قمر
حروف۔۔ح'ھ — پتھر۔۔موتی — دن۔۔پیر
رنگ۔۔سفید'ہلکا نیلا — دھات۔۔ٹن — عدد۔۔2

لکی نمبر/سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں

لکی نمبر	۲'۸'۹
سعد تاریخیں	۱۲'۱۳'۱۷'۲۳
نحس تاریخیں	۲'۸'۲۱'۲۶'۲۷

۱ تا ۸ جنوری.........برج سرطان کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج ثور والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ اس ہفتے میں ۲ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں ہوگا جس کی وجہ سے آپ کو ازدواجی امور میں پریشانی آسکتی ہے۔ اگر آپ اشتراک کے ذریعے کاروبار کرنا چاہتے ہیں تو یہ ایک بہتر وقت نہیں ہے ہوسکتا ہے کہ کوئی فرد آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کرے۔

۹ تا ۱۵ جنوری.........سیارہ زہرہ جو کہ برج قوس میں ہے وہ سرطان افراد جو کہ ملازمت کی تلاش میں ہیں اُن کو کسی جگہ سے نئی ملازمت کی آفر آسکتی ہے۔ ملازمت کے معاملے میں آپ پر جو ٹینشن تھی اب ختم ہونا شروع ہوگی۔ روزمرہ زندگی میں گھر کے بڑے افراد سے آپ کو فائدہ مل سکتا ہے آپ پر مہربان ہوسکتے ہیں۔

۱۶ تا ۲۲ جنوری.........۱۸ تاریخ کو مریخ برج قوس میں ہوگا یہاں اس کی موجودگی آپ کو صحت کے امور میں نقصان پہنچا سکتی ہے۔ اس لیے دوران سفر آپ کو خاصی احتیاط کرنا پڑے گی چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے افسران کے ساتھ تعلقات کو مستحکم ہونے دیں اور کوشش کریں کہ دل کی بجائے دماغ سے فیصلے کریں۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری.........اس ہفتے میں دوستوں کے ساتھ معاملات طے کرتے وقت احتیاط سے کام لیں ہوسکتا ہے کہ کسی کے ساتھ آپ کے تعلقات خراب ہوجائیں جس میں جنس مخالف بھی ہوسکتی ہے۔ ۲۳ تاریخ کو عطارد جو کہ حالت رجعت میں تھا اب استقامت میں آئے گا لوگوں کی طرف سے جو مخالفت کا سامنا تھا اب ختم ہوجائے گا۔

برج اسد کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

برج اسد
21 جولائی 20 اگست — سیارہ۔۔شمس
حروف۔۔م — پتھر۔۔یاقوت — دن۔۔اتوار
رنگ۔۔سنہرا'اورنج — دھات۔۔سونا — عدد۔۔1

لکی نمبر/سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں

لکی نمبر	۳'۵'۷
سعد تاریخیں	۸'۱۲'۱۳'۱۷'۱۸'۲۱
نحس تاریخیں	۱'۲'۵'۲۶'۳۲'۲۷

۱ تا ۸ جنوری.........برج اسد کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حمل والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ سال کی ابتداء میں آپ کو ملازمت پیشہ امور کی طرف سے کچھ منفی صورتحال کا سامنا ہوسکتا ہے۔ خاص طور پر جب ۲ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں ہوگا تو آپ کے افسران آپ کے خلاف منفی پراپیگنڈہ کریں گے اس لیے حد سے زیادہ اعتماد آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا۔

۹ تا ۱۵ جنوری.........آپ کے لیے یہ ہفتہ خاصا بہتر رہے گا خاص طور پر معاشرتی اور مالی ترقی کے حوالے سے۔ اگر آپ سے کسی شخص نے کوئی وعدہ کر رکھا ہے یا آپ نے گھریلو اشیاء کی خرید و فروخت وغیرہ کرنی ہے تو ۱۲'۱۳ تاریخ آپ کے لیے خاصی فائدہ مند ثابت ہونگے۔ آپ کی امیدیں پوری ہونے کا وقت آگیا ہے۔ خوشی نصیب ہوگی۔

۱۶ تا ۲۲ جنوری.........اگر آپ اپنے دوستوں سے فوائد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو یہ ایک بہتر وقت ہے مریخ جو کہ برج قوس میں ہے آپ کی توجہ جنس مخالف کی طرف بھی راغب کرے گا۔ ۱۹ تاریخ کے بعد آپ کے لیے اچھے دن آئیں گے اور آپ کو خاصے فوائد ملیں گے لیکن ابھی جلد بازی میں قدم مت اٹھایئے گا۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری.........وہ اسد افراد جو کہ ازدواجی معاملات یا رشتے کے لیے پریشان ہیں شمس جو کہ برج دلو میں ہے اب اپنے اثرات دینا شروع کرے گا اور جلد ہی آپ کو اچھی خبر سننے کو ملے گی۔ کاروباری افراد کو کسی جگہ سے سرمایہ کاری کی آفر ہوسکتی ہے۔

برج سنبلہ کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

برج سنبلہ

21 اگست تا 20 ستمبر — سیارہ۔۔عطارد
حروف۔۔پ، غ — پتھر۔۔لاجورد — دن۔۔بدھ
رنگ۔۔گہرا زرد — دھات۔۔ٹن — عدد۔۔5

لکی نمبر / سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں

لکی نمبر	۱،۵،۹
سعد تاریخیں	۸،۱۲،۱۳،۱۷،۱۸
نحس تاریخیں	۲۱،۲۲،۲۶،۲۷

۱ تا ۸ جنوری.........برج سنبلہ کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج عقرب والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ آپ کا حاکم سیارہ عطارد ۲ تاریخ کو حالت رجعت میں ہوگا جو کہ آپ کے لیے ذہنی پریشانی کا باعث بنے گا۔ آپ کے دوست آپ کے لیے پریشانی پیدا کر سکتے ہیں اس لیے زیادہ اعتماد آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا۔

۹ تا ۱۵ جنوری.........سیارہ زہرہ کی برج قوس میں موجودگی آپ کے لیے گھریلو اشیاء کی خرید و فروخت لا سکتی ہے۔ ان دنوں میں ہو سکتا ہے کہ آپ کوئی گاڑی وغیرہ خریدیں یا تبدیل کریں۔ گھربار سے متعلقہ امور میں کوئی خوشگوار تبدیلی آئے گی وہ سنبلہ افراد جن کے تعلقات میں عرصہ دراز سے کشیدگی چلی آ رہی تھی اب کسی شخص کے توسط سے کم ہونا شروع ہوگی۔

۱۶ تا ۲۲ جنوری.........سیارہ عطارد جو کہ حالت رجعت میں پہلے ہی ہے۔ اور مریخ برج قوس میں ۱۸ تاریخ کو ہوگا آپ کے لیے گھریلو زندگی اور ماں باپ کے ساتھ تعلقات کی نوعیت خاصی ذہنی کوفت والی بن سکتی ہے اس لیے آپ کو صدقہ خیرات دینا ہوگی اور جتنا لوگوں سے کم ملیں گے آپ کے لیے فائدہ مند ہوگا۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری.........وہ سنبلہ افراد جو کہ ذہنی طور پر پریشان تھے یا جن کے کاموں میں رکاوٹیں تھیں۔ ۲۳ تاریخ کو سیارہ عطارد حالت استقامت میں ہوگا جس کے اچھے اثرات اس ہفتے کے نصف کے بعد آنا شروع ہونگے۔ ۲۶ اور ۲۷ تاریخوں کو اندرون ملک سفر کرتے وقت احتیاط کریں قمر زوال میں ہوگا نقصان ہو سکتا ہے۔

برج میزان کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

برج میزان

21 ستمبر تا 20 اکتوبر — سیارہ۔۔زہرہ
حروف۔۔ر، ت، ط — پتھر۔۔سنگ دودھیا، ہیرا — دن۔۔جمعہ
رنگ۔۔ہلکا گلابی، نیلا — دھات۔۔تانبہ، پیتل — عدد۔۔6

لکی نمبر / سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں

لکی نمبر	۱،۷،۹
سعد تاریخیں	۸،۱۷،۱۸،۲۱،۲۲،۲۳
نحس تاریخیں	۲،۱۲،۱۳،۲۶،۲۷

۱ تا ۸ دسمبر جنوری.........برج میزان کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج قوس والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ اس ہفتے میں آپ کو گھریلو ذمہ داریوں کا سامنا ہوگا ہو سکتا ہے کہ گھر کے کسی فرد کے ساتھ آپ کے نوک جھونک ہو جائے۔ خاص طور پر ۲ تاریخ کے بعد آپ کو احتیاط کرنا ہوگی چونکہ سیارگان کی پوزیشن بہت زیادہ بہتر نہ ہوگی۔

۹ تا ۱۵ جنوری.........۱۲، ۱۳ تاریخوں کو قمر حالت شرف میں ہوگا۔ آپ کو کسی شخص کی مدد سے کوئی مالی تعاون مل سکتا ہے ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص آپ کے لیے خوش قسمت ثابت ہو۔ اس سلسلے میں ایک سے دوسری جگہ سفر کرنا بھی سود مند ثابت ہوگا۔ زہرہ اور مشتری کی پانچویں گھر کی نظر قریبی جاننے والوں سے فائدہ دلوائے گی لیکن وقتی طور پر۔

۱۶ تا ۲۲ جنوری.........آنے والے کچھ دنوں میں آپ کے رشتے داروں کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ اور ۱۸ تاریخ کے بعد اندرون ملک سفر کرتے وقت آپ کو خاصی احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ اس ہفتے کے آخری دن آپ کے لیے زیادہ فائدہ مند ہونگے۔ کاروباری افراد کو ان دنوں میں اچھا بزنس ملے گا۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری.........برج میزان والے افراد کو ۲۶ اور ۲۷ تاریخوں کو روپے پیسے کے لین دین میں احتیاط برتنی چاہیے یہ نہ ہو کہ کسی غیر ضروری جگہ پر آپ پیسے خرچ کر بیٹھیں۔ شمس جو کہ ان دنوں میں برج دلو میں ہے آپ کو اچانک فائدے دلوا سکتا ہے۔ لیکن اگر آپ ان دنوں میں انعامی سکیموں میں بھی حصہ لیں تو کافی حد تک فائدہ ہو سکتا ہے۔

برج عقرب کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

برج عقرب

21 اکتوبر تا 20 نومبر — سیارہ۔۔پلوٹو
حروف۔۔ذ، ز، ض، ڈ، ن — پتھر۔۔مرجان، عقیق سرخ — دن۔۔منگل
رنگ۔۔گہرا سرخ — دھات۔۔لوہا، تانبہ — عدد۔۔9

لکی نمبر / سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں

لکی نمبر	۵،۷،۹
سعد تاریخیں	۸،۱۲،۱۳،۱۷،۱۸،۲۱،۲۳
نحس تاریخیں	۲،۳،۲۶،۲۷

۱ تا ۸ جنوری.........برج عقرب کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج جدی والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ اس ہفتے میں ۲ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں ہوگا جس کی وجہ سے آپ کے قریبی جاننے والوں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت قدرے خراب ہو سکتی ہے۔ روپے پیسے کے حصول کے لیے

اندرون ملک سفر کرنا فی الحال مناسب نہ ہوگا اس لیے سفر کو آنے والے دنوں پر موخر کردیں۔

۹ تا ۱۵ جنوری......... آپ کو ان دنوں میں کوئی مالی فائدہ نصیب ہوگا چونکہ زہرہ جو کہ برج قوس میں ہے لیکن ان دنوں میں آنے والی رقم اخراجات کی نظر ہو جائے گی۔ قمر اور عقرب کی مقابلہ کی نظر آپ کو مال شریک حیات پر خرچ کروائے گی اور نہ خرچ کرنے کی صورت میں کشیدگی کا سامنا ہوگا اس لیے حالات کو مدنظر رکھ کر چلیں۔

۱۶ تا ۲۲ جنوری......... اس ہفتے میں ۱۸ تاریخ کو قمر برج قوس میں ہوگا۔ یہاں اس کی موجودگی آپ کی آمدن میں اضافہ کا باعث ہوگی۔ اگر آپ کسی نئے کام کو شروع کرنے کی پلاننگ کر رہے ہیں تو آنے والے دنوں میں آپ کو خاصا فائدہ ہو سکتا ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کسی جگہ ملازمت مل سکتی ہے۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری......... ہو سکتا ہے اس ہفتے کے درمیانی دنوں میں کوئی بری خبر سننے کو ملے۔ چونکہ سیارگان کی پوزیشن ۲ دنوں کے لیے اچھی نہ ہوگی۔ لیکن مالی طور پر آپ مستحکم ہی رہیں گے۔ البتہ نجی زندگی اور روزمرہ امور میں خاصی احتیاط کی ضرورت ہوگی۔

برج قوس کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

برج قوس

21 نومبر تا 20 دسمبر — سیارہ۔۔ مشتری
حروف۔۔ ف — پتھر۔۔ پکھراج — دن۔۔ جمعرات
رنگ۔۔ ہلکا ارغوانی — دھات۔۔ ٹن، سونا، چاندی — عدد۔۔ 7

لکی نمبر / سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں

لکی نمبر	۴، ۷، ۹
سعد تاریخیں	۸، ۱۲، ۲۳، ۲۴
نحس تاریخیں	۱۲، ۱۳، ۱۷، ۱۸، ۲۶، ۲۷

۱ تا ۸ دسمبر جنوری......... برج قوس کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج اسد والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ اس ہفتے میں آپ کو کاروباری صورتحال پر خاصی توجہ دینا ہوگی۔ سیارہ عطارد حالت رجعت میں ہوگا جس کی وجہ سے آپ کی ساکھ متاثر ہو سکتی ہے۔ کسی نئی جگہ پر سرمایہ کاری کرنے میں احتیاط کریں بلکہ کسی دوسرے شخص کو مال و دولت دیتے وقت بھی تحریر ضرور کروائیں۔

۹ تا ۱۵ جنوری......... ان دنوں میں آپ کی مقبولیت کا گراف دوسرے لوگوں میں بلند ہوگا آپ کی شخصیت کا سحر دوسرے لوگوں پر آئے گا۔ لیکن آپ کی طبیعت میں سستی اور کاہلی پیدا ہونا شروع ہوگی جس کی وجہ سے عملی زندگی میں آپ کا دخل کم ہوگا اس کا اثر آپ کی ملازمت پر بھی پڑ سکتا ہے اس لیے حالات پر خاصی توجہ دیں۔

۱۶ تا ۲۲ جنوری......... آپ کو جو دوسروں کی طرف سے مخالفت کا سامنا تھا ۱۸ تاریخ کے بعد وہ مخالفت کم ہونا شروع ہو جائے گی چونکہ مریخ آپ کے اپنے ہی برج قوس میں ہوگا جو کہ دوسروں کی طرف سے آپ کو فائدہ بھی دلوائے گا لیکن اس دوران میں آپ کی طبیعت میں ہیجان اور لاپرواہی آ سکتی ہے۔ لہذا فیصلوں کو سرانجام دیتے وقت سوچ بچار سے کام لیں۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری......... اس ہفتے کی ۲۶ اور ۲۷ تاریخیں ناکامی کا سبب بن سکتی ہیں اس لیے ان دنوں میں کسی بڑے کام کو شروع کرتے وقت صدقہ خیرات دیں۔ آپ کی ازدواجی زندگی میں جو پریشانی کا دور تھا اب ختم ہو جائے گا عطارد جو کہ حالت رجعت میں تھا اب استقامت میں آ گیا ہے۔ اس لیے حالت خود بخود ہی بہتری کی جانب مائل ہوگی۔

برج جدی کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

برج جدی

21 دسمبر تا 20 جنوری — سیارہ۔۔ زحل
حروف۔۔ ج، خ، گ — پتھر۔۔ نیلم گاؤمیدک — دن۔۔ ہفتہ
رنگ۔۔ گہرا نیلا، سلیٹی — دھات۔۔ سونا، پلاٹینم — عدد۔۔ 8

لکی نمبر / سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں

لکی نمبر	۲، ۶، ۹
سعد تاریخیں	۱۲، ۱۳، ۱۷، ۱۸، ۲۱، ۲۳
نحس تاریخیں	۲، ۸، ۱۸، ۲۶، ۲۷

۱ تا ۸ جنوری......... برج جدی کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج عقرب والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے یہ ہفتہ ناخوشگوار حالات پیدا کر سکتا ہے۔ خاص طور پر جب عطارد ۲ تاریخ کو حالت رجعت میں ہوگا تو آپ کی صحت کو بھی خراب کر سکتا ہے۔ اس لیے ۲، ۳ تاریخیں آپ کے لیے بہتر نہیں ہیں۔

۹ تا ۱۵ جنوری......... اس ہفتے میں سیارہ زہرہ برج قوس میں ہوگا جس کی وجہ سے خاندان اور ملنے والے افراد کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ ۱۲، ۱۳ تاریخوں میں قمر اور مریخ میں مقابلہ کی نظر ہوگی جس کی وجہ سے آپ سے کوئی غلطی سرزد ہوگی جو کہ مالی اور معاشرتی نقصان کا باعث ہوگی۔ اس لیے ان دنوں میں خاصی احتیاط کی ضرورت ہے۔

۱۶ تا ۲۲ جنوری......... جدی افراد کے لیے ۱۸ تاریخ کے بعد اچھا وقت نہ ہوگا بے چینی اور مالی معاملات میں نشیب

وفراز آئیں گے ان دنوں میں روپے پیسے کا لین دین کرتے وقت خاصے ہوشیار رہیں اور پولیس کورٹ کچہری کے چکروں سے بچنے کی کوشش کریں۔ چونکہ آپ کے حق میں سیارگان کی پوزیشن بہتر نہ ہوگی۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری......... اس ہفتے میں جدی افراد کو مالی معاملات میں کسی جگہ سے خوشخبری ملے گی۔ شمس جو کہ برج دلو میں ہے آپ کو کسی جانب سے اضافی آمدن میسر آسکتی ہے لیکن اس ہفتے کی درمیانی تاریخوں میں آپ کو رکاوٹ کا سامنا ہوگا جو کہ ۲ سے ۳ دنوں تک محدود ہوگا۔ اس کے بعد حالات پھر سے سازگار ہونا شروع ہو جائیں گے۔

برج دلو کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

برج دلو

21 جنوری تا 20 فروری سیارہ۔۔ یورانس/زحل

حروف۔۔ س، ش، ث پتھر۔۔ عقیق یمنی، نیلم دن۔۔ ہفتہ

رنگ۔۔ سیاہ دھات۔۔ پلاٹینم عدد۔۔ 4

۱ تا ۸ جنوری......... برج دلو کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج عقرب والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ اس ہفتے کی ابتدائی تاریخیں آپ کے لیے ناخوشگوار واقع لے کر آسکتی ہیں۔ دوستوں پر زیادہ اعتماد آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا۔ غیر ضروری اخراجات کا سامنا ہوسکتا ہے۔ ۱، ۲، ۳ تاریخیں آپ کے لیے بہتر نہیں ہیں۔

۹ تا ۱۵ جنوری......... اس ہفتے میں آپ کی گھریلو زندگی میں کوئی اہم واقع رونما ہوگا جس کی وجہ سے آپ کی طبیعت مسرور رہے گی۔ اگر آپ زمین جائیداد کی تقسیم کے سلسلے میں بات چیت کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں سیارگان کی پوزیشن آپ کے لیے خاصی بہتر ہے۔ آپ اپنی بات منوانے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔ اس لیے کوشش کریں تو فائدہ ہوگا۔

لکی نمبر/سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں

لکی نمبر	۵، ۷، ۹
سعد تاریخیں	۸، ۱۲، ۱۳، ۱۸، ۲۱، ۲۳
نحس تاریخیں	۲، ۷، ۱۸، ۲۲، ۲۷

۱۶ تا ۲۲ جنوری......... آپ نے جو دوسروں سے ماضی میں اُمیدیں وابستہ کر رکھی تھیں اب ان کے پورا ہونے کا وقت آگیا ہے۔ ۱۸ تاریخ کو مریخ برج قوس میں ہوگا فائدہ ملنا شروع ہوگا۔ ۱۹ اور ۲۰ تاریخ کو شریک حیات کے ساتھ کسی بات پر تنقیدی جملوں کا تبادلہ ہوسکتا ہے اس لیے اپنے آپ کو پُرسکون رکھیے۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری......... آپ کے لیے یہ ہفتہ کسی نئی پلاننگ کو لے کر آئے گا اگر آپ تعلیم سے متعلقہ امور میں عدم دلچسپی کا شکار تھے تو عطارد جو کہ ۲۳ تاریخ سے حالت استقامت میں آگیا ہے۔ آپ کو فوائد ملنا شروع ہونگے اور آپ کے روٹھے ہوئے دوست مان جائیں گے۔

برج حوت کے لیے ماہ جنوری کیسا رہے گا بمعہ اس ماہ کے لکی نمبر سعد و نحس تواریخ

۱ تا ۸ جنوری......... برج حوت کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج جدی والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ اس ہفتے میں ۲ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں ہوگا جس کی وجہ سے آپ کے گھریلو حالات میں کچھ نشیب وفراز آسکتے ہیں۔ آپ کے لیے ۵، ۶، ۷ تاریخیں زیادہ بہتر نہیں ہیں ان دنوں میں ذہنی طور پر پریشانی آسکتی ہے۔

۹ تا ۱۵ جنوری......... اس ہفتے میں سیارہ زہرہ کی پوزیشن برج قوس میں ہوگی جو کہ آپ کے لیے عزت و وقار اور کاروباری صورتحال میں بہتری کا باعث ہوگی اگر آپ ۱۲، ۱۳ تاریخوں کو سفر کرتے ہیں تو آپ کے لیے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ زہرہ اور زحل کی مقابلہ کی نظر ہوگی بعض کاموں میں رکاوٹ کا سبب گھر والے ہونگے۔

لکی نمبر/سعد و نحس تاریخیں برائے ماہ رواں

لکی نمبر	۲، ۵، ۶
سعد تاریخیں	۱۰، ۱۲، ۱۳، ۱۷، ۱۸، ۲۳
نحس تاریخیں	۲، ۲۱، ۲۶، ۲۷

۱۶ تا ۲۲ جنوری......... وہ حوت افراد جو کہ کسی نئے کاروبار کو شروع کرنا چاہتے ہیں اُن کے لیے ۱۸ تاریخ کے بعد اچھا دور شروع ہوگا۔ آپ کی عزت اور ساکھ بہتر ہونا شروع ہوگی۔ مالی معاملات کی طرف آپ کا زیادہ رجحان رہے گا اور خاصی کامیابی ملنے کے بھی امکانات روشن ہیں۔

۲۳ تا ۳۱ جنوری......... آپ کو اس ہفتے میں خرچے کا سامنا ہوسکتا ہے اگر آپ ملازمت سے وابستہ ہیں تو آپ کو خاصی احتیاط برتنا ہوگی آنے والے کچھ دنوں کے لیے سیارگان کی پوزیشن اچھی نہ ہوگی۔ آپ پر کوئی الزام بھی آسکتا ہے۔ اس ہفتے میں آپ نے ڈرائیونگ کرتے وقت خاصی احتیاط کرنا ہے۔ اور صدقہ خیرات دیں۔

عرصہ	21 دسمبر تا 20 جنوری
حروف	ج، خ، گ
حاکم کوکب	زحل
ماہیت	خاکی
حصہ جسم	گھٹنے
موافق نگینہ	موتی، یاقوت، حجر القمر
موافق دن	ہفتہ
موافق نمبر	8
موافق رنگ	ارغوانی، بنفشی، سبز
موافق پھول	کارنیشن
موافق شریک کار	قوس
موافق افراد	عقرب، حوت
ناموافق افراد	حمل، میزان
بائیوکیمک نمک	کلکیریافاس

ظاہری شخصیت

برج جدی سے تعلق رکھنے والے افراد اکثر اوقات لمبی قدرے پتلی گردن کے مالک ہوتے ہیں۔ غزالی آنکھوں اور خوبصورت چہرے کے مالک ہونے کے ساتھ ساتھ متناسب چھاتی کے مالک ہوتے ہیں۔ دلکش و پتلا چہرہ اور لمبی ناک، واضح ابرو اور کچھ حد تک جھکے ہوئے کندھے۔ جدی لوگ شرمیلے واقع ہوئے ہیں۔ کم از کم پہلی ملاقات میں وہ کسی کو متاثر نہیں کر سکتے۔ بلکہ پہل کی توقع ہمیشہ دوسرے سے رکھتے ہیں۔ اکثر جدی نوعمری ہی سے اپنی شخصیت کو جدا رنگ دینے کی عادت ڈال لیتے ہیں۔ اردگرد کا ماحول، اس کی تبدیلیوں کو جلد سمجھ لینے کی ملاحیت رکھتے ہوئے بہتر شعوری آگاہی کا ثبوت دیتے ہیں۔ اکثر جدی افراد متجسس قسم کی طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ لوگوں میں آکر وہ اس شخص کی طرف زیادہ راغب رہتے ہیں۔ جس نے محنت و ہمت سے بلند مقام حاصل کیا ہو۔ کبھی اپنے مقصد سے نہیں ہٹتے چاہے جو بھی ہو جائے کیونکہ جدی کے مطابق یہ جو کرتے ہیں بس کرتے ہیں، ضروری نہیں کہ وہ اپنی ہر بات اور عمل کی وضاحت یا نسبت بیان کریں۔ وہ کامیابی کے اعلیٰ ترین مقام کو پانا چاہتے ہیں ورنہ اپنا وجود بے سود سمجھتے ہیں۔ ان کی کوشش یہ بھی ہوتی ہے کہ چاہے نچلے درجے پر ہوں یا اعلیٰ مقام پر ایسے کام کرتے رہیں جن سے شہرت ملے اور یہ لوگوں میں پہچانے جائیں۔ سب سے بات کرتے وقت مکمل ہمدردی و تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔ ان کی باتوں سے مضبوط قوت ارادی جھلکتی ہے۔ اور ساتھ ہی ساتھ ان کے سینے میں چھپے توہمات اور ان دیکھے خوف بھی ان کی کامیابیوں کی راہ میں حائل ہونے کا اشارہ دیتے ہیں۔ جدی لوگ ہمیشہ بن سنور کر رہتے ہیں کیونکہ نازک اور جوان نظر آنا چاہتے ہیں۔ انہیں سب سے زیادہ اپنے بالوں کی فکر کرنی چاہیے۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

جدی افراد کا علامتی نشان بکری ہے۔ روایتاً یہ بکری انسان کی تہذیب و تمدن کی تعلیم کی ذمہ دار ہے۔ یوں تو ہر سیارہ کے تحت آنے والے افراد کو ہم دو اقسام میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ سعد اور نحس حالات انہیں اچھا یا برا، کامیاب یا ناکام کی فہرست میں لا کھڑا کرتے ہیں۔ جدی افراد عموماً ہر کام سنجیدگی سے لیتے ہیں انہیں کسی کام کی جلدی نہیں ہوتی حالات کا خاموشی سے جائزہ لیتے ہوئے عملی اقدام کرتے ہیں۔ چاہے وہ رشتہ داری ہو، روزگار یا محبت، جذباتی نہیں ہوتے بلکہ ہر ممکن طریقے سے سوچ بچار، افہام و تفہیم اور متحمل مزاجی کا ثبوت دیتے ہیں۔ برج جدی میں زحل کا اثر باعث رکاوٹ ہے جس میں انسان کو اس کی محنت کا پھل صبر کرنے پر ملتا ہے۔ لیکن اگر محنت لگن سے اور سچے جذبے سے کی گئی ہو تب۔ جدی افراد کسی حد تک تنگ نظری، جبر اور نکتہ چینی کا شکار بھی ہوتے ہیں۔ روایت کو پلو سے باندھ کر زمانہ جدید سے گزرنے کا خواب انہیں منتشر کر سکتا ہے۔ منزل نظر آنے کی صورت میں وہ ہمسفر کو سرِ راہ چھوڑ کر جا سکتے ہیں احساس ذمہ داری انہیں معروف رکھتا ہے۔ بعض اوقات اپنی معروفیات دفتر سے گھر تک منتقل کر سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ گھر کو ایک مکمل آرام گاہ اور پُر تحفظ مقام سمجھتے ہوئے جو بھی چاہیں، کرنا چاہتے ہیں۔ بہتر ہے کہ استاد، سیاستدان یا سرکاری افسر بننے کی کوشش کریں۔ لیکن جیسا کہ آپ جانتے ہیں انسان کو اتنا ہی ملتا ہے جتنی وہ کوشش کرے۔ جدی سعد حالت میں سیاسی معاملات میں کامیاب رہتا ہے اور ذمہ دار ثابت ہوتا ہے۔ نحس حالات میں جدی افراد مقصد حیات میں مشکلات، تشویش

اور رکاوٹ کا شکار ہوتے ہیں۔

دانشمند طاقتور

جدی کو ڈرامائی تبدیلیاں و حادثات اکثر دیکھنے میں آتے ہیں۔ خاص طور پر خواتین ہر شعبہ ہائے زندگی میں اپنی مہارت چاہتی ہیں۔ اور اپنی ذہانت سے کام لیتے ہوئے کامیابی کی ہر سیڑھی عبور کرتی جاتی ہیں اور قریبی دوست بعض اوقات انہیں ان کے بے وقوفیوں کا احساس دلاتے رہتے ہیں۔ اگر یہ بے بنیاد خوفوں سے نجات حاصل کر لیں تو عظیم قوت برداشت میں روحانی پاکیزگی انہیں کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔

ھوس زد

جدی کا مادہ خاکی ہے جو مادہ پرستی کا نمائندہ ہے۔ احساس غربت آپ کی تمام خوبیوں پر پانی پھیر دیتا ہے۔ خود کو ہر لحہ غریب، بے سہارا، غمزدہ سمجھنا چھوڑ دیں۔ اس کے علاوہ انا پرستی چھوڑ دیں کیونکہ ہر ایک اپنا نقطہ نظر رکھتا ہے اسے اپنے تابع کرنے کا خیال اور دوسروں کو حقیر سمجھنا چھوڑ دیں۔

فولادی قوت ارادی

جدی اپنا ساتھی خود ہوتا ہے۔ جس کا نعرہ ہے میں ہر فن مولا ہوں، انتہا پسند اور کفایت شعاری کا مظاہرہ کرتا ہے۔ کم پیسوں میں بھی خاموشی سے سختی جھیلنا اور اس کے ساتھ دوسری پریشانیوں کو پوشیدہ رکھنا بھی اس کی صفت ہے۔

فکر انگیز پہلو

جدی افراد کے لیے سب سے پہلی بات یہ کہ آپ چاہیں بھی ہوں جس فیلڈ میں بھی ہوں ہمیشہ دوسروں کو ڈکٹیٹ کرنا چاہتے ہیں۔ تکمیل خواہش نہ ہونا دوسروں کے لیے آپ کو خود غرض بنا دیتا ہے۔ اس رویے کو کنٹرول کریں کیونکہ اپنی خواہشات پوری کرنا ہر مخلوق اللہ کا حق ہے آپ کسی پر حکومت کر کے اسے اپنی مرضی پر نہیں چلا سکتے۔ دوست اور دشمن کی پہچان کریں ہر ایک پر خواہ مخواہ اعتبار بھی نہ کر بیٹھیں بہت نقصان ہو سکتا ہے۔ آپ کی عادت ہے کہ اپنی کمزوریاں، پریشانیاں مالی یا معاشی مشکلات فوراً دوسروں سے ڈسکس کرنے لگتے ہیں یہ کوئی اچھی عادت نہیں ممکن ہے سامنے والا آپ کو بظاہر ہمدرد دکھائے دے لیکن مشورہ ایسا دے کہ جس میں اس کا اپنا زیادہ فائدہ ہو۔ سمارٹ رہنے اور اپنی حیثیت سے بڑھ کر نظر آنے کی کوشش تو آپ کرتے ہی ہیں۔ اپنے اندر ایسے اوصاف پیدا کریں جو پہلی ملاقات کے بعد موثر اثرات چھوڑ کر جائیں۔ ہر معاملے میں دوسروں سے پہل کی توقع کرنا چھوڑ دیں اگر آپ اپنا ہاتھ نہیں بڑھانا چاہتے اور اگر چاہتے بھی ہیں لیکن عملی اقدام نہیں کرتے تو پھر کوئی اور بھی آپ کو نہیں پوچھتا۔ ایک اور خاص بات اپنے اندر کے بے جا خوف نکال دینا بہتر ہے۔ مثلاً آپ کے پاس اچھا خاصہ پیسہ ہے لیکن دل میں احساس غربت یا احساس کمتری ہے' اپنے آپ کو، اپنی دولت کو پوشیدہ رکھنے کا خیال ہے تو وہ دولت آپ کے کسی کام کی نہ رہیگی۔ اس برج کے لوگوں میں زیادہ تر جلدی امراض اور بدہضمی و گھٹنوں وغیرہ کا درد ہوتا ہے۔ اس لیے انہیں احتیاط کرنی چاہیے۔

جدی خواتین

جدی خواتین کی شخصیت اس لحاظ سے منفرد ہوتی ہے کہ وہ صرف بہ حیثیت انسان سب کچھ کر گزرنا چاہتی ہے۔ عورت کے نام پر دی گئی رعایت انکی بھرپور، فعال اور بامعنی زندگی میں کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ جدی دلکش اور متوازن شخصیت ہونے کے ناطے کبھی بھی اپنے آپ کو کمزور یا ناتواں یا دوسرے نمبر کی مخلوق تصور نہیں کرتی۔ وہ جو ہے ہمیشہ اس سے بڑھ کر نظر آنا چاہتی ہے۔ بہ حیثیت بیوی بھی کامیاب اور متحرک خاوند کو پسند کرتی ہے۔ ضرورت پڑنے پر گھر سے نکل کر کمانا اس کے لئے معیوب نہیں ہوتا۔ لیکن پھر بھی وہ ہمیشہ اپنے گھر اور خاندان کو اولیت دیتی ہے۔ ہر ایک کے دکھ درد کو اپنے دکھ کی طرح محسوس کرتی ہے۔ کسی حاجت مند کی مدد کر کے روحانی خوشی حاصل کرتی ہے۔ اکثر اوقات انہیں یہ احساس ستاتا رہتا ہے کہ شاید وہ عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ اسی لئے دوسروں پر اعتماد مشکل سے کرتی ہیں۔ ہر لحہ اپنے لئے ایک سادی سی بات کو بھی مسئلہ بنائے رکھتی ہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو جائے کہیں ویسا نہ ہو جائے۔ ذہنی پریشانی انہیں مزاح سے مکمل طور پر لطف اندوز نہیں ہونے دیتی۔ اپنے خطرات وہ اپنے بچوں کو منتقل کر دیتی ہے لیکن جذبات واحساسات کی منتقلی میں ناکام رہتی ہیں۔ اپنے اوپر سنجیدگی کا غلبہ رکھنے کی کوشش نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ مجموعی طور پر اچھی مائیں اور ازدواجی زندگی میں الجھنیں پیدا کرتی رہتی ہیں۔

جدی مرد

جدی مرد ایک حصار میں قید ہوتا ہے جس کے اندر گھسنے اور باہر جانے کی اجازت وہ کسی کسی کو دیتا ہے۔ جدی بظاہر پرسکون اور بے پرواہ نظر آئے گا۔ لیکن ہمیشہ اپنی مردانہ وجاہت اور ذہانت کی تعریف کا منتظر رہتا ہے۔ اپنے جذبات پر حد درجہ کنٹرول اس کی خاص صفت ہے۔ کسی کے ساتھ ناانصافی یا زیادتی نہیں کرنا چاہتا۔ چاہے امیر ہو یا غریب کفایت شعار ہوتے ہیں۔ اپنے ماضی پر ہمیشہ فخر کرتے ہیں ہر لحہ ہر قدم قدیم روایات کی روشنی میں اٹھانا چاہتے ہیں۔ عام طور پر جدی مرد محبت کے جذبے سے یکدم مغلوب ہونے کی بجائے سوچ سمجھ کر قدم بڑھاتے ہیں اور مکمل وفادار ہوتے ہیں لیکن اگر کبھی بھی انہیں محسوس ہو کہ ان سے بے رخی برتی جا رہی ہے تو خاموشی سے تعلق ختم لیتے ہیں۔ جدی افراد صحت کے اعتبار سے بھی خوش قسمت ہوتے ہیں اپنی عمر سے زیادہ پختہ نظر آتے ہیں۔ جو بھی کام کرتے ہیں یہ سوچ کر کہ آمدن ٹھیک ٹھاک ہو اور وہ اپنی خوبیوں و مہارتوں کا احساس دوسروں کو بھی دلوا سکیں۔ جدی سیر و تفریح اور خاص طور پر پہاڑی مقام بہت پسند کرتے ہیں۔ ان کی ملکیت میں سے کوئی چیز شیئر کرنے کی خواہش انہیں کچھ خاص خوش نہیں کرتی۔ گھریلو ماحول میں بہتری یا خوشگواری کی بات ہو تو بھی یہ سامنے آنے کی زیادہ کوشش نہیں کرتے۔ لیکن گھر ان کے نزدیک مکمل آرام گاہ اور پر تحفظ مقام ہے۔ اپنی جان سے بہت محبت کرتے ہیں۔ بہترین شوہر اور محبت کرنے والے باپ ثابت ہوتے ہیں۔

جدی بچہ

عموماً اپنی عادات، ذہانت اور بول چال سے دوسرے بچوں کی نسبت عمر سے بڑے محسوس ہوتے ہیں اسی لیے والدین کے لئے باعث پریشانی بن جاتے ہیں۔ ان کی قوت ارادی اور خارجی و داخلی ماحول کو جانچنے کی صلاحیت دوسروں کو حیران کر دیتی ہے۔ اور وہ خود بھی ہم عمروں کی بجائے بڑوں میں وقت گزارنا چاہتے ہیں۔ انہیں اگر ایک مرتبہ روزمرہ معمولات سمجھا دیے جائیں تو والدین بے فکر ہو جاتے ہیں۔ سکول سے بالکل نہیں گھبراتے۔ اساتذہ سے نت

نئے سوال کرتے ہیں کہ انہیں لاجواب کر دیں۔ تجسس کا مادہ انہیں کہیں ٹکنے نہیں دیتا۔ دوسرے بچے ان سے متاثر ہوتے ہوئے ان کی تقلید بھی کرتے ہیں۔ ذہنی طور پر جلد ہی پختہ ہو جاتے ہیں۔ مجموعی طور پر ایسے بچے ہوتے ہیں جن پر تھوڑی سی محنت کر کے والدین بہت فخر کر سکتے ہیں۔ ان کے اساتذہ بھی ہمیشہ ان سے خوش رہتے ہیں کیونکہ یہ بھی کسی کو کہنی مار کر آگے نہیں نکلتے بلکہ ایسا جال پھیلا کر مکمل منصوبہ بندی کے تحت منزل مقصود تک پہنچتے ہیں کہ دوسرا حیران رہ جائے۔ کبھی کبھار حسد اور رقابت کے جذبات سے مغلوب ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات سوچتے زیادہ اور عمل کم کر کے سستی اور غیر ذمہ دارانہ رویے کا بھی ثبوت دیتے ہیں۔

برج جدی کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج جدی برج حمل کے ساتھ

جدی عورت حمل مرد

حمل صاحب ذرا احتیاط کریں آپ کی زوجہ آپ کو ایک لمحہ آزاد نہیں چھوڑنا چاہتی جبکہ آپ اپنی علمی پیاس بجھانے کے لئے کوئی کنواں تلاش کئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ لہذا ٹکراؤ ہو سکتا ہے۔ جدی کو چاہیے کہ حمل کے گلے کا ہار بننے کی بجائے بہ وقت ضرورت اسے مفید مشورے دے اور گھریلو سکون فراہم کرے۔

جدی مرد حمل عورت

یہئی حمل کے ساتھ شادی کر کے جدی کو صبر کا دامن تھامنا نہیں بلکہ سدا کیلئے اس سے جڑ جانا ہوگا کیونکہ آپ کی سست روی اور کاہلی کے مقابلے میں حمل پھرتیلی اور تیز رفتار ہے جو آپ کی اس عادت کو پسند نہیں کرتی وہ علیحدہ بات ہے کہ ناکامی پر آپ کا دلاسہ اسے تقویت بخشتا ہے۔ اس کی ذہانت و عملی زندگی کی تعریف اور احساس محبت دلاتے رہیں لیکن حاکمیت جھاڑنے کی کوشش نہ کریں۔ حمل آپ کے آرام و آسائش کا مکمل خیال رکھتی ہے۔

برج جدی برج ثور کے ساتھ

جدی عورت ثور مرد

جدی خوش نصیب ہے کہ اسے ثور جیسا مکمل تحفظ دینے والا خاوند ملا ثور کے دل کو پیٹ کے راستے جیتا جا سکتا ہے وہ صاف دل ہے منافق نہیں اور جدی کی ہر طرح سے ہر خواہش پوری کرنے اور پر امن زندگی گزارنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے۔

جدی مرد ثور عورت

برج ثور کی بیوی گھر کو پر سکون اور آرام دہ رکھتی ہے۔ محبت کے بارے میں سنجیدہ اور بعض اوقات نہایت جذباتی ہو جاتی ہے۔ جدی مرد کی کوشش ثور کو اچھی لگتی ہیں۔ ناکامی کی صورت میں وہ جدی کا حوصلہ بڑھاتی ہے اور اچھا مشورہ، آرام دہ گھر اور صاف ستھرے بچے جو ثور کی اولین کوشش ہوتے ہیں۔ جدی کو خوش و خرم رکھتی ہے۔

برج جدی برج جوزا کے ساتھ

جدی عورت جوزا مرد

جوزا مرد ایک آزاد پنچھی ہے جو پر کشش اور خوب صورت شخصیت کا مالک ہے لیکن اس کے باوجود جدی کے لیے ایک بات باعث پریشانی ہے اور وہ ہے جوزا کا کام ادھورا چھوڑ دینا۔ جوزا نئی تکنیک استعمال کر کے آگے بڑھنا چاہتا ہے جبکہ جدی کا اصرار روایت پر ہے۔ اگر جدی اپنے مشوروں کو کچھ کنٹرول کرتے ہوئے بہتر حکمت عملی اختیار کریں تو ماحول خوشگوار ہو سکتا ہے۔

جدی مرد جوزا عورت

جوزا سے شادی کے بعد آپ اس کے اندر جھانکنے کی کوشش کریں گے بھی تو ضروری نہیں کہ کامیاب ہو سکیں۔ وہ ہر لمحہ بدلتی ہے ہر لمحہ شخصیت کا نیا رنگ نظر آتا ہے۔ جبکہ جدی مستقل مزاجی اور آہستگی سے ہر کام کرنے کا عادی ہے۔ اگر بچوں پر جدی خود زیادہ توجہ دے تو بہتر ہے۔

برج جدی برج سرطان کے ساتھ

جدی عورت سرطان مرد

سرطان کے اندر وہ خوبیاں موجود ہیں جن کی آپ کو تلاش تھی۔ سرطان کی ہر بات منطق پر مبنی ہوتی ہے۔ جدی کسی بھی مسئلہ کے فیصلے اور روپے پیسے کے معاملے میں بھی سرطان پر بھرپور اعتماد کر سکتی ہے۔

جدی مرد سرطان عورت

سرطان سنجیدہ و جدی کی طرح باعمل ہے۔ اسے گھر سے شدید محبت ہے۔ اور جدی کی خوشی کے لیے وہ ہر وقت کچھ بھی کرنے کو تیار رہتی ہے۔ آپ دونوں ایک دوسرے کو سمجھ کر پر سکون و متوازن زندگی گزارنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

برج جدی برج اسد کے ساتھ

جدی عورت اسد مرد

اسد شیر ہے جو ہر حال میں حکومت چاہتا ہے کم کچھ جدی بھی نہیں۔ لیکن اگر جدی کی خواہش ہے کہ اسد اس پر محبت کے پھول نچھاور کرے تو اسے اپنی محبت کا یقین اسد کو دلانا ہوگا۔ اور پھر دیکھیں اس کی نوازشات' آپ تصور بھی نہ کر سکیں گے۔

جدی مرد اسد عورت

اسد زندگی کی رنگینیوں میں جینا چاہتی ہے لیکن مشکل اس وقت پیدا ہوتی ہے جب جدی اسے نظم و نسق سے زندگی گزارنے پر زور دے اور زور پر چلنا اسد کی لغت میں نہیں۔ جدی اسد سے محبت بہت کرتا ہے۔ اسی لیے وہ بعض اوقات اسد کی ناپسندیدہ خواہشات کی بھی تکمیل کر دیتا ہے۔ لہذا اسد کو بھی جدی کی خواہشات کا احترام کرنا چاہیے۔

برج جدی برج سنبلہ کے ساتھ

جدی عورت سنبلہ مرد

بظاہر تو سنبلہ کو آپ کم گو سمجھیں گی لیکن وہ ہر ایک سے یونہی ہر بات کہہ نہیں دیتے، ہاں اگر جدی نے سنبلہ پر مکمل اعتماد کر لیا ہے تو وہ زندگی کے کسی بھی مرحلے پر جدی کو چھوڑے گا نہیں۔ جدی کو چاہیے کہ بچوں اور گھروں کو صاف ستھرا رکھے کیونکہ سنبلہ یہی چاہتا ہے۔

جدی مرد سنبلہ عورت

سنبلہ کے ذہن میں ایک آئیڈیل موجود ہے۔ اسے توجہ اور بھرپور محبت کا احساس دلانا آپ کے لئے اس کی محبت کی پختگی کا سبب ہے۔ اسے

دھوکہ دینے کی کوشش نہ کریں کیونکہ بحث اس کا شوق اور دوٹوک فیصلہ اس کی عادت ہے ممکن ہے اسی طرح وہ آپ کی آسائشوں کا خیال رکھتے ہوئے گھر کو اچھا بنالے۔

برج جدی برج میزان کے ساتھ

جدی عورت میزان مرد

میزان حسن وتوازن کو پسند کرتے ہیں لیکن زیادہ وقت تصورات کی دنیا میں گزارتے ہیں۔ جدی کو الجھن تو محسوس ہوتی ہے لیکن میزان کی بے یقینی کو تھوڑی سی کوشش سے دنیائے حقیقت میں لایا جاسکتا ہے۔ گھریلو خرچ جدی کو اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہیئے۔

جدی مرد میزان عورت

میزان محبت وخلوص سے ناواقف تو نہیں لیکن پھر بھی ہر لحہ رخ بدلتی ہوا کی مانند رہتی ہے۔ جب مقصد پورا ہوا رخ موڑ لیا۔ یہاں پر جدی کو صبر اور برداشت سے کام لینا ہے۔ کیونکہ شادی اکٹھے رہنے کے لئے ہوتی ہے۔ میزان عمدہ کھانے پکا کر اور گھر کو ڈیکوریٹ کر کے جدی کی خواہشات پوری کرسکتا ہے۔

برج جدی برج عقرب کے ساتھ

جدی عورت عقرب مرد

برج عقرب سے تعلق رکھنے والے مرد ذہین و سمجھدار اور ہمیشہ کامیابی کے خواہشمند رہتے ہیں۔ صاف گو اور بے باک عقرب کے راستے میں آ کر جدی غلطی کرے گی اسے گھر سے دلچسپی لینے پر مجبور نہ کریں انہیں باہر بہت کام ہیں لیکن اپنے بچوں کو کبھی نظرانداز نہیں کرتے بلکہ ہمیشہ خوبصورت و صاف ستھرا در مہذب دیکھنا چاہتے ہیں۔

جدی مرد عقرب عورت

عقرب غصیلی اور تند مزاج زوجہ ہے۔ تاہم محبت کرنے والی بھی ہے۔ جدی اگر اسے ناراض نہ کرے تو بہتر ورنہ وہ پھٹ جائے گی لیکن محال ہے جو گھر کا راز باہر نکال کر خاوند یا گھر کے نام پر انگلی اٹھنے دے۔ جدی کی خیر خواہ اور اسے دوسروں سے برتر دیکھنا چاہتی ہے۔

برج جدی برج قوس کے ساتھ

جدی عورت قوس مرد

قوس کسی مشورے وغیرہ کو قبول نہیں کرتے کیونکہ اسے اپنے پر بے حد اعتماد ہوتا ہے۔ جدی کو گھماتے پھراتے اور شاپنگ وغیرہ بھی کرواتے ہیں لیکن جدی کا یہ مطالبہ پورا نہیں ہوسکتا کہ وہ زیادہ وقت گھر پر گزاریں۔ بچوں پر وہ کم عمر ی کی بجائے لڑکپن کی عمر میں زیادہ توجہ دیتے ہیں۔

جدی مرد قوس عورت

قوس جدی کی باعمل فطرت میں کشش محسوس کرتی ہے۔ کینہ وبغض کی عادت جدی کو ہے نہ قوس بچی بات کہے بنا رہ سکتی ہے۔ جدی سے گھومنے پھر نے کی توقع کرتی ہے۔ دونوں ایک دوسرے کی ضروریات کو سمجھتے ہیں گھر کا خرچ جدی کو اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہیئے کیونکہ قوس کی ہتھیلی پر پیسہ زیادہ دیر نہیں رکتا۔

برج جدی برج جدی کے ساتھ

جدی عورت جدی مرد

جدی مرد بظاہر تو سنجیدہ اور غیر جذباتی ہیں لیکن آئیڈیل ملنے کی صورت میں کسی اور چہرے کو نہیں تکتے۔ جدی شریک حیات جدی زوجہ کے لئے آسائشیں زندگی فراہم کرنے کی مکمل وبھرپور کوشش کرتا ہے۔ باوفا شوہر اور محبت کرنے والے باپ ہوتے ہیں لیکن ظاہر نہیں کرتے۔ آپ دونوں کی جوڑی مثالی ہے۔

جدی مرد جدی عورت

آپ کی زوجہ قابل اعتماد اور مخلص ہے۔ جدی عورت کامیاب ومالی لحاظ سے مستحکم مرد کو پسند کرتی ہے اس لئے جدی خاوند کو کوشش جاری رکھنا چاہیئے۔ مجموعی طور پر دونوں میں کافی ہم آہنگی ہے۔ زوجہ محترمہ گھریلو کاموں میں کافی سگھڑ ہیں اور بچوں کی بھی نظم ونسق کے آداب سے آراستہ رکھتی ہیں۔

برج جدی برج دلو کے ساتھ

جدی عورت دلو مرد

جدی کی عمل پسندی کے مقابلے میں دلوا تنے باعمل نہیں بلکہ خوابوں کے مسافر ہیں۔ لیکن سب سے بڑی خصوصیت ان کی فراخدلی ہے۔ جب دلو جوش میں ہوں تو ان کے لیے کہا جاتا ہے کہ وہ 50 سال آگے کا سوچتے ہیں۔ اور مستقبل کی منصوبہ بندی بڑی ٹھیک ٹھاک کرتے ہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

جدی مرد دلو عورت

دھنک رنگ دلو سے شادی کے بعد ہر لحہ کسی نئے طوفان سے مقابلے کے لئے تیار رہیں۔ وہ حسد نہیں کرتی اور جدی کی طرف سے بھی حسد وشک کو برداشت نہیں کرتی۔ افہام وتفہیم پیدا کر کے آپ اچھی زندگی استوار کرسکتے ہیں۔

برج جدی برج حوت کے ساتھ

جدی عورت حوت مرد

جدی کے لئے حوت بہترین ہے۔ جدی کو چونکہ مالی طور پر مستحکم مرد پسند ہے تو حوت بھی مخنتی اور کامیاب حکمت عملی کی ذریعے مسلسل جدوجہد کرنے والا ہے۔ جدی کو تحفے تحائف دینا اور خوش رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ اردگرد کے لوگوں کو خوش رکھنا بھی اس کی خواہش ہوتی ہے۔ آپ دونوں پرسکون گھر پسند کرتے ہیں۔ جدی بچوں کی تربیت بہت اچھی کرتی ہے۔ اور بچے حوت کے ساتھ رہ کر بہت خوش رہتے ہیں۔

جدی مرد حوت عورت

حوت محبت اور شادی کو بہت اہمیت دیتی ہے اور آئیڈیل کی تلاش میں رہتی ہے عام طور پر دیکھا گیا ہے جدی اور حوت کامیاب جوڑی ہے۔ حوت اپنے اوپر کوئی بات آنے سے پہلے مچھلی کی طرح ہاتھ سے پھسل جاتی ہے۔ لیکن جدی کو تنہا نہیں چھوڑتی اس کی موجودگی یا غیر موجودگی میں اس کے متعلق نازیبا الفاظ ناپسند کرتی ہے۔ جدی کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ بعض اوقات جدی کی ڈانٹ اسے دلبرداشتہ کر دیتی ہے لیکن ذرا دلاسہ اسے حیات نو بخشتا ہے۔ آپ دونوں اچھی زندگی گزارتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

دست غیب

دست غیب مالی آسودگی، ادائیگی قرض، حصول دولت، مادی مسائل کے حل، رزق میں برکت، کاروبار میں برکت اور ترقی وغیرہ جیسے مسائل کے لیے درج ذیل نقش کو چاندی یا تانبے پر کندہ کر کے گھر، نوکری یا کاروبار کی جگہ پر لٹکا دیں۔

نوٹ خالد روحانی جنتری اور راہنمائے عملیات خریدنے والے تمام قارئین کو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ تاہم جو خود تیار نہ کر سکیں وہ ادارے سے یہ عمل تیار کروا سکتے ہیں۔ چاندی کی لوح کا ھدیہ ۱۰۰۰ روپے اور تانبے کی لوح کا ھدیہ ۷۰۰ روپے۔

دشمن اور سحر سے حفاظت

مخالفین سے محفوظ رہنے، شفا اور صحت یابی، سحری اور آسیبی امراض سے بچاؤ کے لیے درج ذیل نقش کو تانبے پر کندہ کروا کر پاس رکھیں یا لاکٹ کی صورت میں پہن لیں۔ اسے چاندی یا تانبے کے پترے پر کندہ کروا لیں۔

ال ح ی ط

ط	ی	ل	ح
ل	ح	ط	ی
ح	ل	ی	ط
ی	ط	ح	ل

واذا مرضت فھو یشفین رب اعوذبک من ھمزات الشیطن

اس کے ساتھ ساتھ درج ذیل اسمائے الٰہی کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر تحریر کر کے روزانہ پی لیا کریں۔

"یا سلام یا کافی یا شافی یا نافع یا کبیر یا حفیظ"

نوٹ خالد روحانی جنتری اور راہنمائے عملیات کے خریداروں کو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ تاہم جو خود نہ تیار نہ کر سکیں وہ ادارے سے یہ عمل تیار کروا سکتے ہیں۔ چاندی کی لوح کا ھدیہ ۱۰۰ روپے اور تانبے کی لوح کا ھدیہ ۷۰ روپے ہوگا۔

برج جدی علم النجوم کی روشنی میں برج جدی کے لوگ ماہ جنوری میں

برج جدی کے وقت دیگر بروج کے لوگوں پر اثرات و حالات ہے

برج جدی طالع شمسی ۲۰۰۲ء کے دوران پیدا ہونے والے بچے

برج جدی کے تحت ماہ جنوری ۲۰۰۳ء میں راہنمائے عملیات

شمس	۰۹-۱۰	جدی	هبوط
قمر	۰۲-۱۶	قوس	طرح
راس	۲۹-۰۸	جوزا	شرف
عطارد	۱۱-۲۸	جدی	خانہ دوست
زہرہ	۲۱-۲۳	عقرب	وبال
مریخ	۳۴-۱۹	عقرب	حاکم
مشتری	۵۴-۱۶	اسد	طرح
زحل	۲۷-۲۴	جوزا	حضیض

منطقۃ البروج یعنی دائرۃ البروج کے دسویں مجمع النجوم کے ثابت ستاروں کا نام عربی زبان میں جدی ہندی زبان میں مکر اور یونانی نام Capricorn ہے جس کا حاکم زحل/کیوان ہے جس کو ہندی میں سنیچر اور یونانی میں Saturn کہتے ہے۔ زحل کی مناسبت سے دن ہفتہ مقرر ہے۔ علماء نجوم جدی کو منقلب خاکی برج کہتے ہیں۔ یہ جسمانی، طبعی اور مادی امورات پر حاکم ہے۔ خاکی بروج میں سے اول درجہ کی قوت والا برج ہے۔ مونث اور منقی برج ہے۔ سمجھداری، دور اندیشی اور عاقبت اندیشی اس برج کا خاصہ ہے۔ جب زائچہ پیدائش میں جدی سعد اور طاقتور ہوتا ہے۔ تو خودمختاری اور خوداعتمادی، دلکشی، پاکیزہ اور گہری سوچ کے علاوہ غیرت مندی سے بولنے کی قوت دیتا ہے۔ لیکن

جب طالع جدی نحس اور کمزور ہوتا ہے تو خودغرضی اور باغیانہ خودمختاری اور دہشت گردی کا جذبہ لاتا ہے۔ ماہرین نفسیات گہرا نیلا، سلیٹی رنگ بوجہ زحل اور سرخ بھورا اور خاکی رنگ بوجہ جدی اس برج سے منسوب کرتے ہیں۔ اس طرح کیلے، سیب زرد، مالٹا، گاجر، جامن، بیگن، خربوزہ اور آلو کو برج جدی سے منسوب کر سکتے ہیں۔ حجرات میں سے یاقوت، سفید سنگ سلمانی پلک نیلم اور دھاتوں میں سے

سونا' پلاٹینم اور جست اور زنک /سیسہ کو جدی سے منسوب کرتے ہیں۔ اہل اسلام سونا کو بلحاظ امارت اور سکہ کو سونے پر فوقیت اس لیے دیتے ہیں کہ سلطان صلاح الدین ایوبی کرد عراقی نے روضہء رسول اکرم کے چودھار سکہ کی دیوری اُساری (ایستادہ) تھی۔ اس نسبت سے سعد اکبر گنتے ہیں۔ زحل اور سکہ کا رنگ کالا ہے۔ ہفتہ' منگل اور جمعۃ المبارک موافق دنوں میں سے ہیں۔ ۳' ۶' ۹' ۸ کو علم الاعداد والے برج جدی والوں کے لیے سعد گنتے ہیں۔ جبکہ خاص عدد آٹھ ہے۔ زحل کے منسوب حروف (اب ج د) ہیں۔ اور جدی کے منسوب حروف (ج خ گ) کے علاوہ (ز ذ ظ ض) کو بھی جدی کے حروف مانتے ہیں۔ علم الہیت والے گریگوری عیسوی تقویم کے مطابق جدی کا زمانہ ۲۲ دسمبر تا ۲۰ جنوری کے درمیان کو مانتے ہیں۔ جدی برج کے ستارے بالکل مدھم ہیں ان میں سے ایک ستارہ الفا زیادہ اہم ہے۔ کرہ ارض سے جدی کا برج جنوب کی سمت واقع ہے۔ جب سورج اس برج سے نظر آتا ہے تو زمین کے قریب نظر آتا ہے اس لیے حضیض الارض کا نام دیا جاتا ہے اور نہایت پستی پر ہوتا ہے۔ اس برج کے طلوع سے سردی اور رات سب سے بڑی اور دن سب سے چھوٹا شمالی نصف کرہ میں ہوتا ہے اور جنوبی نصف کرہ میں رات چھوٹی اور دن بڑا ہوتا ہے اور سخت گرمی پڑتی ہے۔ جن میں براعظم آسٹریلیا اور جنوبی امریکہ شامل ہیں۔ قدیم نصرانی لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش اسی برج میں مانتے ہیں۔ برصغیر و پاک و ہند کے مسلمانوں کا نجات دہندہ حضرت محمد علی جناح (قائداعظم) کا برج جدی ہے۔ جس نے یسوع مسیح کے پیروکار نصرانی انگریزوں کی غلامی سے مسلمانوں کو آزاد کرایا۔ ان دونوں حضرات کی تاریخ پیدائش ۲۵ دسمبر بتائی جاتی ہے۔ تیسری شخصیت جس کی تاریخ پیدائش بھی ۲۵ دسمبر ہے وہ میاں نواز شریف صاحب ہیں جس نے جنرل پرویز مشرف کی قید سے نکل کر اپنی نجات جلاوطنی میں سمجھتے ہوئے جدہ سعودی عرب میں مقیم ہو گئے ہیں۔ آزادی' خوشی اور راحت و فراحت کا پیغام لانے والے دیومالائی دیوتا کا نام جنوری کے نام میں پوشیدہ ہے۔ اس لیے جنوری نصری کی تقویم کا ماہ اول ہے۔ اس لیے نصری اپنے عقیدہ اور ثقافت و رسم و رواج کے مطابق سال نو یا نوروز عیسوی کا تہوار ۳۱ دسمبر اور یکم جنوری کے درمیانی رات کو مناتے ہیں۔

جن لوگوں کے برج جدی میں مریخ ہوتا ہے یا ہمراہ شمس ہوتا ہے۔

برج جدی کے علاوہ شمس' حمل' سرطان' قوس' اسد کا ہوتا ہے۔ قمر ثور' جوزا' سرطان' اسد' (قران نیرین سعد خانے میں پڑتا ہو نحس خانے میں نہ پڑتا ہو) عطارد کے برج سنبلہ اور جوزا کا ہو۔ عطارد اپنے برجوں کے علاوہ عقرب' حمل کا ہو یا جدی میں ہو۔ زہرہ اپنے بروج کے علاوہ جوزا اسد' حوت کا ہو۔ مشتری اپنے بروج کے علاوہ سرطان' میزان یا دلو کا ہو یا دلو میں زحل سے قران کرتا ہو۔ اس طرح زحل میزان کے علاوہ مشتری کے بروج قوس و حوت میں ہو۔ تو طالع جدی طاقت ور گنا جاتا ہے۔ اس صورت میں جدی والے ہر صورت میں نجات دہندہ ہوتے ہیں۔ بادشاہ وقت ہو کر عظیم لیڈر ہو کر یا وقت کا صاحب ولایت و روحانیت ہو کر ہوتے ہیں۔ اور جن جدی والوں کا مریخ سرطان' دلو اور حوت کا ہوتا ہے۔ اور زحل سرطان و اسد یا حمل' جوزا و سنبلہ کا ہوتا ہے۔ یا مریخ ثور و میزان کا ہوتا ہے۔ اس میں ذوق جمالیات کا فقدان ہوتا ہے۔ تباہی پھیلانے میں سفاک ہوتا ہے۔ چنگیزی' ہٹلری اسی سے ظاہر ہوتی ہے۔ ورلڈ ٹریڈ سنٹر کی تباہی کرتا ہو یا ہیروشیما و ناگاساکی پر بم گراتا ہو ایسے آدمی سے ذرا بعید نہ ہوتا ہے۔ ہلاکو خان اور صدر جارج بش امریکی بھی اسی مریخ و زحل کے نظر آتے ہیں۔ اس کے علاوہ جدی' جوزا اور میزان کا شمس' جدی' عقرب' قوس حوت کا قمر' قوس حوت' ثور میزان کا عطارد یا حمل و عقرب و سنبلہ قوس و دلو کا زہرہ یا عطارد کے بروج کا مشتری یا مشتری جدی' حمل اور اسد کا مشتری ہو تو آدمی بربریت اور قتل و غارت پھیلانے میں لذت محسوس کرتا ہے۔ مسولینی اور اسٹالن اور موجودہ دور کے اٹل بہاری واجپائی اور اسرائیلی ایریل شیرون قدیم بخت نصر سے کم نہ ہیں۔

برج جدی میں شمس بحالت حضیض اور قمر کو وبال ہوتا ہے۔ مشتری کو ہبوط اور زحل کا گھر ہے زہرہ و عطارد کے دوست کا گھر ہے۔ جبکہ مریخ کو جدی میں شرف ہوتا ہے۔ جدی کے ہم عنصر بروج ثور اور سنبلہ ہیں۔ ان کے حاکم زحل کے دوست ہیں۔ جبکہ حمل' میزان اور سرطان کے بروج جدی کے مخالف بروج ہیں۔ حوت اور عقرب کے بروج جدی کے موافق ہیں۔ جوزا و قوس اور اسد و دلو جدی والوں کے لیے ناموافق ہیں۔ جدی کے زحل کا شمس دوستی سے دشمنی زیادہ رکھتا ہے۔ قمر خاص دشمن ہے۔ عطارد اور زہرہ کو دوست مانتے ہیں۔ مشتری مساوی ہے جبکہ مریخ کا زحل مساوی ہے مگر مریخ زحل کا دشمن ہے۔

جدی سے تعلق رکھنے والے زراعت' جنگلات' پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے تعلق رکھتے ہیں۔ کسان' کان کن' مدرس' پروفیسر' حاکم وقت کا نمائندہ خاص' ٹھیکیدار زمیندار' چمڑے کا کاروبار کرنے والا' مزدور' درکھان اور ایسا ڈاکٹر جو ہڈی اور جلد کا سپیشلسٹ ہو ان کو برج کے تابع شمار کریں گے۔ یا ایسا آدمی مستقل مزاج' پرعزم' صابر و شاکر اور متحمل مزاج ہو جدی کا ہو گا۔ جیومیٹری' ریاضی' ڈرائنگ' جغرافیہ' تاریخ' فزکس اور سائنس کا تعلق برج جدی سے ہے۔ فزیشن' میڈیسن فرنیچر اور اکاؤنٹنسی برج جدی کے نفع بخش کاروبار ہیں۔ فرائض و ذمہ داری' اقتصادیات میں پورے کمرشل اعتماد کے ساتھ عمل اقدام برج جدی کی سوچ و فکر کے عین مطابق ہے۔

برج جدی کے ماتحت مولود لوگ نحیف ہوتے ہیں۔ لمبی خشک گردن' نمایاں نقوش کے ساتھ ٹھوڑی' کمزور اعضاء کے ساتھ کمزور چھاتی جھکے ہوئے کندھے۔ لمبا ناک' پتلا چہرہ جس سے سختی کی جھلک نظر آئے یا صبر و تحمل کی جھلک نظر آئے۔ جدی والے عموماً سانولے نظر آتے ہیں۔ کچھ منجم حضرات درکھان' لوہار' کمہار' نائی' موچی' دایہ' جتوال' ٹھٹھار' سنار' پنساری' درزی' چوہڑا' نوکر اور کمینہ ذلیل و خوار کو برج جدی کے حاکم زحل کی وجہ سے منسوب کرتے ہیں۔ جوانی کے مدارج میں سے بوڑھاپا۔ ضعف نظر' ضعف دل و جگر' امراض پھیپھڑا' ٹی بی' وجع المفاصل' زانو گھٹنے کے علاوہ باپ دادا' نانا' پیر استاد' عزت شہرت' سماجی' اقتصادی

پوزیشن اور خاندانی ذاتوں کی درجہ بندی اسی خانہ دہم کے لحاظ سے یا جدی سے لگاتے ہیں۔

جدی والوں کے لیے عطارد موافق شروع جنوری سے ہے۔ عملیات کے لیے جنوری کی ۴، ۵، ۹، ۱۲، ۱۷، ۲۱، ۲۵، ۲۶، ۲۹ اور ۳۱ تاریخ کواکب کی نظرات کے لحاظ سے اہم ہے۔ زہرہ اور مریخ کی یورانس سے تربیع عطارد اور شمس کی مریخ سے تسدیس، زہرہ کا نیپ چون، مشتری اور پلوٹو سے تسدیس، تثلیث اور قران، شمس کا عطارد اور نیچون سے قران اور زہرہ وزحل کا مقابلہ اس ماہ کے اہم سعد ونحس اوقات ہیں۔ جنوری کی ۱، ۳، ۴، ۵، ۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۱۸، ۱۹، ۲۱، ۲۳، ۲۴، ۲۶، ۲۷، ۲۸ تاریخ سعد ہے جن میں ۱، ۸، ۹، ۱۰، ۱۳، ۱۹، ۲۱، ۲۶، ۲۸ تاریخ اسعد ہیں۔ لیکن ان تاریخوں میں نحس اوقات بھی ہیں۔ ۲، ۱۲، ۱۷، ۲۰، ۲۲، ۲۵، ۲۹، ۳۰، ۳۱ تاریخیں نحس میں خاص ہیں۔ ۱، ۴، ۵، ۸، ۱۰، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۷، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۶، ۲۸ اور ۲۹ تاریخ میں نحس اکبر اوقات موجود ہیں۔

عراق پر امریکی حملہ ماہ جنوری ۲۰۰۳ء میں متوقع

پاکستان کے نومنتخب وزیراعظم میر ظفراللہ جمالی یکم جنوری ۱۹۴۴ء مطابق ۵ محرم الحرام ۱۳۶۳ بروز ہفتہ کے پیدائشی ہیں۔ جن کی حکومت رمضان شریف میں بنی ہے۔ اور اپوزیشن میں مولوی حضرات ہیں۔ چنانچہ پاکستان کے نئے وزیراعظم کا برج جدی شمسی ۱۱ درجہ ہے۔ گویا نیا سال عیسوی اس نئے وزیر اعظم سے موسوم ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ عام درجہ کا جدوی آدمی کا سال نوحیرانی و پریشانی اور مشکلات وامتحان کا سال ہے۔ تفکرات اور سوچ وچار لایا ہے۔ اگر شمس جدی میں ناقص ہے مگر دوست عطارد بھی کمزور ہے۔ قوس و دلو بھی طالع جدی کو نحس بنا رہے ہیں۔ اس لیے جدی کے آدمی مشکلات میں رہیں گے۔ مالی لحاظ سے تنگ دست ہونگے۔ بعض اوقات نقصان محض نسیان کی وجہ سے یا اچانک دولت کے آثار ہیں۔ جو وراثت یا بیوی کی وجہ سے تاہم مقابل مشتری بھی اس امر کی فی الحال شہادت نہ دے رہا ہے۔ کیونکہ خانہ ہشتم میں دھوکہ ہونا یا معزول ہونے کی علامت ہے جو رجعت میں قوی ہو گئی ہے۔ جدی کی خویش واقارب و رشتہ دار جدی والوں کے نامناسب حالات میں ہونگے یا لائیں گے۔ البتہ ایسے امور فیصلہ طلب ہوں یا انجام پذیر ہونے والے ہوں یا اپنی آرائش وزیبائش کی فکر ہو دشمنوں پر غلبہ پائے یا کسی ملازم کی عقلمندی سے فائدہ ہو۔ ریشمی لباس پہننے والی عورت پر غالب ہو اور اس سے دوستی کا راستہ ہموار ہو کر شہوت پرستی پوری ہو گی یا کسی رقاصہ یا اس قبیل کی عورت یا ناچ گانا کو پسند کرنے والی عشق ومحبت کے موضوع پر کھل کر بات کرنے والی عورت کو دام محبت میں پھنسا کر اپنے اوپر فریفتہ کرنے پر کامیاب ہو جائے یا کسی دشمن کو کسی فوجداری جرم میں پھنسا کر جیل پہنچانے میں کامیاب ہو جائے۔ جو صرف کسی تھانیدار سے تعلق کی وجہ سے ہو گا۔

خانہ چہارم کا مریخ اور خانہ پنجم کا زہرہ خانہ یازدہم میں بحالت قران موجود ہیں دبلی اور پتلی عورت کمزوری کا شکار عورت اس ماہ میں مزید بدبختی کا احساس کرے گی۔ موٹے جسم والی اور بلغمی امراض والی خاتون نسوانی امراض کا شکار کسی غلط کار مرد سے اختلاط کر کے ہو گی یا مرد کو خوش کرنے کے لیے کوئی ایسا دوا استعمال کرے گی جس میں مرد کو لبھانے کی نیت پوشیدہ ہو گی۔ اگر کسی کی محبوبہ جسم کو تھرکا کر چلتی ہے تو وہ مرد اپنے جیل جانے کی تیاری کر لے یا بے وفائی ہو جانے کے لیے تیار رہے۔ ایسی عورت جس کی پیشانی تنگ ہے اور پیٹ ابھرا ہوا یا بیوہ مطلقہ ہے تو وہ اس ماہ اپنا شکار پھنسا لے گی یعنی ناپسندیدہ عورت بھی پسندیدہ ہو کر محبوب بن چکی ہو گی۔ مرد حضرات سرخ، زرد اور نیلگوں سفید آنکھوں والی عورت سے محبت بڑھانے کی کوشش نہ کریں۔ جو عورت مست آنکھیں اور ملہار موڈ میں رہتی ہو یا فراخ دہن والی ہو گی اس سے بدنامی جلد مشہور عام ہو جائے گی۔ جس عورت کے پستان سکڑے ہوئے اور کم گوشت والے ہیں۔ ان کو کسی وجہ سے طلاق یا فراق محبت ہو سکتی ہے خواہ خاوند سے یا محبوب سے پیدا ہو جائے گی۔ باتونی مرد یا عورت اس ماہ میں کامیاب دشمن ہے۔

جس کی بیوی کے بال بالکل سیاہ ہیں یا گھنگھریالے ہیں۔ پیشانی کشادہ ہے غزالی آنکھیں ہیں یا چمکدار رخسار وعارض ہیں یا ہونٹ پتلے اور سرخ ہیں چھوٹے انار دانہ دانت ہیں سینہ کشادہ چھوٹے مثلث نما پستان یا گول متوسط پستان ہیں ساتھ ہی نرم یا پُر گوشت اور ملائم ہتھیلی ہے تو وہ مرد اپنی زوجہ کی وجہ سے حوادث زمانہ سے بچا رہے گا اور اگر کوئی نازیبا الفاظ یا بدگمانی کے آثار پائے جائیں تو عورت صاف اور پاک ہو گی۔ اس طرح عورت ناراض ہو کر میکے چلی گئی یا خود میکے بھیج دیا تو سمجھ لینا چاہیے کہ بدبختی کا دور شروع ہو گیا ہے۔ ایسے جدی کے مرد وخاتون جو سفر میں ہیں یا گورنمنٹ ملازم ہیں۔ ان کے لیے ماہ جنوری ۲۰۰۳ء اچھا ثابت نہ ہو گا۔ لہٰذا عقل مندی کا ثبوت دیتے ہوئے یہ ماہ احتیاط اور اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگتے ہوئے گزاریں۔ کسی کے کہنے پر یا زور پر غلط کام نہ کریں ورنہ انجام بخیر نہ ہو گا۔ جن کا باس عورت فطرت کا ہے یا مالکہ عورت ہے وہ اپنی شہوت پرستی کی وجہ سے ماتحت کو فائدہ دے گی۔ اگر مالک اور آفیسر گورا اور سرخی مائل ہے تو مفید ہے ورنہ مضر صحت اور شہرت ہو گا۔ ایسے کام جو خفیہ طریقے سے ہو رہے ہوں ان میں کوئی حادثہ ہو سکتا ہے۔ یعنی ناکامی کسی کی موت کی وجہ سے ہو گی یا رقم کی کمی کی وجہ سے ہو گی۔ اس بات کے امکانات اس قدر قوی ہیں کہ جس قدر امریکی صدر بش کے عراق کے صدام حسین پر حملہ جنوری ۲۰۰۳ء میں ممکن ہے۔ ۴، ۸، ۱۲، ۱۶، ۱۷، ۲۵، ۲۸، ۲۹ کو یہ خطرہ اس بنیاد پر زیادہ ہے۔

ماہ جنوری ۲۰۰۳ء اور دیگر بروج والے لوگ

1- برج دلو کے لوگ: اس برج سے یورانس سیارہ جانے والا ہے۔ جس کے اثرات اس ماہ میں زیادہ ہونگے۔ دلوی لوگ محبت کے بارے کافی متفکر ہونگے اگر دیرینہ محبت ہے تو اس میں بھونچال آنے والا ہے۔ بیوی کے بارے میں خاصی فکر کریں مگر بدزبانی اور بدگمانی سے پرہیز کریں یا خاوند پر ایسا گمان کرنا دراصل اسی راہ پر چلانے کے مترادف ہوگا۔ دلوی افراد (مرد یا عورت) اپنے رنگین مزاج مالک یا افسر سے کماحقہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یاروں کی یاری' بدنامی' مالی نقصان سے بڑھ کر جیل یا ہسپتال تک پہنچا سکتی ہے۔ کیونکہ مابین زوجین میں رازداری بشرط خیرخواہی نہ ہے۔ اگر دلوی طالع کے ہیں تو کامیابی ہوگی۔

2- برج حوت کے لوگ: اس برج کا حاکم خانہ ششم میں ہے اور تربیع میں راس کے ہمراہ زحل پڑتا ہے۔ جو کہ نحس وقت کی دلالت ہے اگر یہ وفادار ہیں تو کسی قسم کی فکر کی ضرورت نہ ہے۔ لیکن صحت کا خاص خیال رکھیں۔ بدصورت آدمی کی وجہ سے نقصان صحت ہوگا۔ ۲'۲۱'۲۵'۲۶'۲۷ تاریخ کو صدمہ پہنچنے کا زیادہ خطرہ ہے۔ اور یہ صدمہ جان لیوا ہو سکتا ہے لہذا کسی عامل سے رجوع کریں تاکہ حرز جان کا سامان ہو سکے۔ مریخ در قوس ہونے سے حالات بدل سکتے ہیں۔ روزگار مل جائے گا۔ کاروبار بجہت عطارد سے قبل شروع کر لیں۔

3- برج حمل کے لوگ: حمل والوں کے لیے احبابوں' معشوقوں اور محبوبوں اور محبوباؤں کا سال ثابت ہوگا۔ پیشہ ور حملی لوگ اپنی تجربہ کار زبان کے ذریعے کامیابی حاصل کر لیں گے۔ زہرہ کی تبدیلی اس پر اثر انداز ہوگی۔ بیرون ملک کا سفر بغرض بہتر مستقبل سود مند رہے گا۔ اگر مال و دولت از حرام ہوگی تو جلد تنگ دستی ہو جائے گی۔

4- برج ثور کے لوگ: ثور والوں سے ساڑھ ستی کا یہ ختم ہونے والا ہے۔ خوشحالی' کامیابی اولاد اور امتحان میں ہے۔ البتہ میاں بیوی کی تکرار طلاق یا راہ فرار ہے۔ تمام ماحول ثور والوں کے خلاف ہے۔ خواہ مرد ہو یا عورت' جنوری ۲۰۰۳ ثور والوں کے خلاف ہے۔ اس لیے جنوری کے سعد اوقات بے اثر معلوم ہوتے ہیں۔ ۱۲'۱۳'۱۴'۱۵'۲۱'۲۲'۲۳ جنوری کو کوئی اچھائی ہو سکتی ہے ورنہ مایوسی ہے۔ چنانچہ بداثرات کے بچاؤ کا تحفظ کرو۔ یہ بد اور نحوست شاید زحل کے دور سے زیادہ ہو۔

5- برج جوزا کے لوگ: اس برج کے لوگ دیوسی کرنے پر مجبور ہونگے یا شوقیہ قبول کریں گے۔ زحل اس برج والوں پر مالی بدحالی لا رہا ہے۔ بہت زیادہ ذمہ داریاں آ رہی ہیں۔ ازدواجی زندگی بدلنے والی ہے۔ کنوارے کی شادی اور شادی شدہ کے درمیان طلاق اور رنڈوہ پن پیدا ہو سکتا ہے۔ قرض میں بال بال مقروض ہو سکتے ہیں۔ اگر رشتہ کہیں طے نہ ہوتا ہو تو اس ماہ ہر صورت کوئی نہ کوئی صورت نکلے گی۔ زحل سے عطارد' مریخ' شمس اور زہرہ کی نحس اوقات والے ایام سے پرہیز کریں تو محسوس کریں گے تقریباً سارا مہینہ بھاری اور منحوس محسوس ہو رہا ہے۔

6- برج سرطان کے لوگ: سرطانی لوگ مشتری اور زحل کی آمد و رفت کا شکار رہیں گے۔ مال و دولت ہونے کے باوجود سرطانی لوگ پریشان و بدحال ہونگے۔ اعلیٰ نسل کے لوگ بھی شہدے' شودر اور درجہ چہارم اور نوکروں کے ساتھ بیٹھنے میں دلی خوشی' روحانی راحت محسوس کریں گے۔ سرطانی لوگوں کے لیے ۲۰۰۲ء اور ۲۰۰۳ء والے سالوں میں کوئی خاص فرق نہ ہوگا۔ جنوری کی ۱۲'۱۳'۱۶'۱۷'۱۸'۲۲'۲۵ اور ۲۸ تاریخ نحس ہے۔ باقی تمام ماہ سعد ثابت ہوگا۔ بہرحال زحل کی نحوست سایہ فگن رہے گی۔

7- برج اسد کے لوگ: صرف وہی اسد افراد ہونگے جن کی تربیت قدامت پسند گھرانے میں ہوئی ہوگی۔ جبکہ بے راہ روی کا یہ حال ہوگا کہ اسد لڑکیاں اور عورتیں اس قدر عاشق مزاجی کا مظاہرہ کریں گی کہ مرد عورتوں کی طرح چھپتے پھریں گے۔ بعض امیر اسدی لوگ اپنی دولت کی وجہ سے کسی مقدمہ میں ملوث ہونگے۔ اسدی عورتوں اور مردوں کو کم از کم اپنے خاندانی وقار کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے۔ ۱۲'۱۸'۲۵'۲۸'۲۹ تاریخ اسد والوں کے لیے بہت خطرناک ہیں۔ ۸'۱۲'۱۳'۱۷'۱۸'۲۱ تاریخ سعد بھی ثابت ہونگی۔

8- برج سنبلہ کے لوگ: اس برج والوں کا سیارہ عطارد کمزور ہے۔ اس برج والے اپنے حسن و عشق کے معاملات کو چھپا نہ سکیں گے۔ لوگ دولت سمیٹنے کی کوشش کریں گے۔ بازاری عورتوں کا یہ سال اور یہ ماہ سود مند رہے گا۔ اس ماہ میں نوخیز' شگفتہ رو' بینہ فرح و راحت و مسرت چہرے اور عابدہ زاہدہ عورتیں پھسل کر اذہ چلانے والی عورتوں کے قریب میں آ کر ہمیشہ کے لیے بطور نئی نسل تیار ہو جائیں گی۔ اس لیے گھریلو عورتوں کو تنگدستی اور ذہنی تناؤ کا شکار نہ ہونے دیں۔ اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ اس ماہ کی کوئی تاریخ سعد نہ نظر آتی ہے۔ ہر کام اپنی صوابدید پر کریں۔

9- برج میزان کے لوگ: میزان کے مزمن امراض میں بانجھ پن اور عقیمہ کا علاج بذریعہ روحانیات ممکن ہوگا۔ بھاری ذمہ داریاں ہونے کے دوران شوقیہ ذمہ داری قبول کرنے سے پرہیز فرمائیں۔ اور بددعا سے بچیں۔ اور منفی خیالات کو ذہن میں جگہ نہ دیں۔ اگرچہ آپ مغلوب الخیالات ہو جائیں گے۔ میزان عورتوں میں اولاد کی خواہش کو پورا کرنے کے لیے ناجائز تعلق سے اولاد حاصل کرنے کی تڑپ بھی پیدا ہو جائے گی۔ یا مرد حضرات اولاد کی خاطر پہلی بیوی کو طلاق بھی دے سکتے ہیں۔ گویا پورا مہینہ بد ہے۔

10- برج عقرب کے لوگ: بدزبان اور رشتہ داروں میں پھوٹ ڈلوانے والے عقربی لوگ اگر اس ماہ بیمار ہو جائیں اور علاج کارگر ثابت نہ ہو تو سمجھیں کوئی عمل تیر بہدف ہو گیا ہے اور جو عقربی لوگ (مرد یا عورت) نفیس طبع کے ہیں۔ ان کی عزت و شہرت اعلیٰ عہدہ کا حصول یا عہدہ پر متمکن حالت میں کوئی عورت احتساب کا باعث بن سکتی ہے۔ چنانچہ ہسپتال' سکول کی خواتین' پرسنل خاتون سیکرٹری اور صوبائی اور قومی سطح کی خواتین عقربی مردوں کے زوال کا باعث بنیں گے۔ نہایت

احتیاط سے ماہ جنوری گزاریئے۔

11- برج قوس کے لوگ: جدی برج مذہبی انتہا پسندی پر زیادہ موثر ثابت ہو رہا ہے۔ گویا افغانستان کے طالبان اور پاکستان میں مولوی فضل الرحمٰن وغیرہ اس طالع کے تابع ہیں۔ اسی سال قوسی افراد زیارات سے مشرف ہوسکیں گے اور عقل اور خوبصورتی کے حصول میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اور جو قوسی افراد بزدل' کاہل' حریص یا دغاباز و لالچی ہیں وہ اپنے نقصانات انہیں عادات سے کریں گے۔ بالخصوص جنوری کا آخری ہفتہ ایسے لوگوں کے لیے بڑا سخت اور بھاری ثابت ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔

جنوری ۲۰۰۳ء میں طالع شمسی جدی کے تحت پیدا ہونے والے بچے

1- طالع وقتی برج جدی کے مولود: مولود عیار و مکار کاہل و کینہ ور ہوگا۔ ہنرمند اور مرض نسیان کا شکار ہوگا۔ کم عمر میں گرنے سے موت واقع ہو۔ فیشن باز ہو۔ نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں سے حسن پرستی کا شیوہ اختیار کرے اور گناہگار زندگی بسر کرے۔ زندگی میں شادی مشکل سے ہو یا غلط عادات کی وجہ سے شادی نہ کرے یا شادی کرنے کے قابل نہ ہو کر گھبرائے۔

2- طالع وقتی برج دلو کے مولود بچے: مکر کی زندگی گزارے اور روحانی لوگوں کی شکل اختیار کرے۔ بدنظری میں بدعورت سے عشق فرمائے پھر اس سے شادی اس کی دولت کی وجہ سے کرے۔ جس کی وجہ سے اچھی زندگی گزارے اگر قوی جسم ہوگا تو دلیر اور بہادری کے کارنامے دکھائے یا ایسے کام کرے لوگ حقارت سے دیکھیں۔ تجارت سے فائدہ نہ ہو بلکہ دیگر ذرائع زیادہ استعمال کرے گا۔ لڑکی ہونے کی صورت میں عشق و محبت کی شادی ہو۔ اپنے خاوند پر غلبہ رکھے اور کامیاب رہے۔

3- طالع وقتی حوت کے مولود بچے: مولود لڑکا یا لڑکی کی صورت میں ہے۔ اگر لاغر اندام ہوں تو نہایت پریشانی' بدمزاجی اور خانہ بدوشی کی زندگی گزاریں۔ اپنے آبائی وطن سے باہر فائدہ حاصل کریں۔ عورت ہونے کی شکل میں باہر علاقہ میں عصمت فروشی کا کام در پردہ کرے۔

4- طالع وقتی برج حمل کے مولود بچے: عملی قابلیت والا ہوگا۔ تعلقات عامہ میں سرد مزاجی اختیار کرے۔ مرد یا عورت کی شکل میں محبت کا صدمہ اٹھائے۔ مگر مستقل مزاجی سے فتح مند ہو۔ بعد میں خوش خوش زندگی گزاریں۔ عشق و محبت کے معاملات میں دوستوں میں مقبول ہوں اور استاد سمجھیں جاویں۔

5- طالع وقتی برج ثور کے مولود بچے: مولود لڑکا یا لڑکی کی صورت میں ہے۔ دونوں صورت میں قوی الشہوت ہوں۔ اپنے اعضاء زنانہ یا مردانہ کی اعلیٰ کارکردگی میں مشہور ہوں۔ فن جنسی اختلاط میں ماہر مشہور ہوں۔ بے حیا کارناموں اور افعال میں بے شرم واقع ہوں۔ لوگ ان لوگوں سے جنسی مذاق کر کے دل لبھائیں۔ خوش طبع واقع ہوں۔ اگر ان لوگوں کی شادی ہم مزاج و ہم خیال آدمی سے نہ ہوئی تو نوبت طلاق و فراق تک پہنچے۔ عورت بغیر خاوند کے میکے بیٹھ کر اپنے عشاقوں کی راضی کرتی رہے کسی کو خالی واپس نہ کرے۔ اگرچہ تنگدستی کی زندگی گزارے پھر بھی خوش رہے۔

6- طالع وقتی برج جوزا کے مولود بچے: مولود فن موسیقی کا ماہر ہو۔ کلاسیکل موسیقی کا ماہر ہو۔ لوگوں کے خیالات کی تشریح کا ماہر ہو۔ بڑا پختہ کار ہو۔ جبکہ عورت اپنے خاوند کو اعلانیہ اچھا نہ کہے اور اعلانیہ اپنے دوست یار سے تعلق واسطہ رکھے۔ لیکن احسان فراموشی شیوہ رکھے۔ بدعادت بدخصلت اور جنسی تجربہ کم عمری سے شروع کرے کیونکہ جنسی کشش کم عمر سے زیادہ ہو جائے۔ جنسی اشارات کنایات کا فن اور جنسی بول چال بچپن سے سیکھ لے۔

7- طالع وقتی برج سرطان کے مولود بچے: اگر مولود اپنے والدین کی پہلی لڑکی ہوگی تو یہ لڑکی سفلی علوم کی ماہر ہوگی۔ فریب کاری میں ماہر ہوگی اور شہوت پرستی کمال درجہ کی کرے گی دولت کو جنسی اعمال پر زیادہ خرچ کرے۔ یا ایسی چیزیں خریدے جس سے دولت کا اظہار ہو۔ جیسے کار' موٹر سائیکل وغیرہ۔ مرد خود مفعول رہیں۔ بعد میں اغلام بازی میں راغب رہیں۔ دونوں صورتوں میں مرد اور عورت اپنے زوج میں دلچسپی نہ رکھیں۔ غلط کاری سے تسکین پائیں۔

8- طالع وقتی برج اسد کے مولود بچے: مولود مذہب کی آڑ میں شہرت حاصل کرنے کا جذبہ رکھے۔ مولود لڑکا یا لڑکی ہونے کی شکل میں ریاضی' حکمت' طب' ڈاکٹری' فلسفہ اور نجوم میں دلچسپی رکھیں۔ عالمی سطح کی سوچ رکھیں۔ محبت دوفا میں نظریہ محبت برائے زنا پر قائل ہوں۔ مال و دولت کے لالچ سے جنسی تعلق نہ رکھیں بلکہ دولت اس امر میں نچھاور کریں۔ اولاد کے بارے میں کافی انقلابات سے گزریں۔ مگر خوش قسمت ہوں۔ یہی نسل آئندہ جوان ہو کر کھلم کھلا اظہار محبت اور عالمی سطح اور

میڈیا پر عریانیت آزاد خیالی اور مذہب کی حدود و قیود سے آزاد ہو کر جنسی محبت کا سبق دیں۔ کلبوں اور عیاش گاہوں کی زینت بنیں گے اور مقبول ہوں۔

9- طالع وقتی برج سنبلہ کے مولود بچے: دولت کو سمیٹنے والے ہونگے۔ لیکن یہ لوگ مرد یا عورت ہونے کی صورت میں باپردہ حسین وقبیح اعمال کے قائل ہونگے۔ رشتہ داروں کے لیے پرکشش ہونگے۔ سنبلہ کے لوگ جن کا طالع سعد ہو گا وہ نیک اور پُراعتماد زندگی بسر کریں گے اور جن کا طالع نحس ہو گا وہ ہر ایک پر ہر معاملے پر شک اور بے اعتمادی کی زندگی گزاریں گے حتی کہ میاں بیوی بھی ایک دوسرے پر اعتماد نہ رکھیں گے۔ حتی کہ خاوند بیوی کو گھر کا خیر خواہ بندہ نہ سمجھے گا۔

10- طالع وقتی برج میزان کے مولود بچے: یہ مولود مرد یا عورت ہونے کی صورت میں بھی بڑے عجلت پسند' ناعاقبت اندیش ہونگے۔ شوقیہ ذمہ داری اٹھا لینا ان کی فطرت ہو گی گویا گھوٹ دی بُو اجنا زیادہ پسند کریں بلکہ بے چین رہیں گے۔ یا شاید ان لوگوں کو اولاد کی پیاس تڑپاتی رہے گی۔ دوسروں کی خوشامد کرنے میں لطف اندوز ہوں۔ فحش عورتیں ان کی اکثر یار دوست ہونگی۔ خواہ مخواہ جھگڑا مول لیں مگر دشمنی کا مقابلہ نہ کر سکیں۔ برج حمل اور میزان والے باہم عجیب رشتہ رکھیں۔ دونوں باہم فاعل مفعول ہوں۔ اس معاملہ میں لڑکیوں میں بھی عادت بھی ہو گی اور باہم عاشق ہونگی۔

11- طالع وقتی برج عقرب کے مولود بچے: جو بدزبان ہونگے تکلیف میں رہیں گے۔ اور جو نفیس طبع اور نفیس لباس پسند کریں گے ان کو شعر وسخن میں دلچسپی رہے گی۔ مال و دولت' حسن ومحبت کے میدان میں خوش قسمت واقع ہونگے۔ زمانہ استقبال میں یہی بچے سیاست' امارت اور علاقہ کی نمائندگی کریں گے۔ حاکم وقت بنیں گے۔

12- طالع وقتی قوس کے مولود بچے: جن کا قمر سعد ہے وہ یقیناً اچھے اور نیک خصلت ہونگے۔ خود بھی حسین صورت باسیرت کے ہونگے اور حسینوں میں رہنا پسند کریں گے۔ بیرون ملک مقیم ہوں تو اعلیٰ درجہ کی زندگی گزاریں گے اور جن کا قمر نحس ہو گا وہ مریض' ڈرپوک اور حسن وقبح میں بدتمیز ہونگے۔ اپنی بدعادات اور بدخصائل اور بداندیشی سے خود کو نقصان میں مبتلا کر دیں گی۔ ذلیل و رسوا زندگی گزاریں گے۔

نوٹ: یاد رکھیے یہ اجمالی خاکہ ہے۔ دنیا کا ہر بچہ اس زائچے کے مطابق نہ ہے۔ انفرادی زائچے سے ان احکامات میں ترمیم وتنسیخ ہو سکتی ہے۔ اس لیے زائچہ ولادت پر زیادہ انحصار کریں۔ جنوری ۲۰۰۳ء میں مریخ اور قمر زیادہ طاقت ور سیارے رہیں گے۔ منجم حضرات سے رابطہ کریں۔

جنوری ۲۰۰۳ء کے لیے راہنمائے عملیات

1- دیرینہ محبت کو پل بھر میں ختم کرانے کے لیے ماہ دسمبر موثر ترین ماہ ہے۔ لوگوں کی بدکلامی اور بدگمانی سے بچنے کے لیے اس ماہ میں عمل بندش خیال وکلام کے لیے موزوں ترین وقت ہے یا ایسی عورت جس کو یہ شک ہو کہ خاوند شک کرتا ہے۔ خاوند کی اس نیت کو اعتماد اور اطمینان میں بدلنے کے لیے برطابق زحل وعطارد و شمس کے سعد اوقات میں کام ہو سکتا ہے۔ ایسے تشکیک کا شکار دلوی افراد بالخصوص جن کے بالوں کا رنگ سنہرا یا ہلکا بھورا ہے اور محبت میں معمولی باتوں کو خاص اہمیت دیتے ہیں۔ بیوی اور محبوب ومعشوق کے خیالوں میں محو یا گم ہو کر مرتضیٰ برلاس کی غزل کو زیادہ پسند کرے (ایک بار ہی جی بھر کر سزا کیوں نہیں دیتے + گر حرف غلط ہوں تو مٹا کیوں نہیں دیتے یا اب یہ عالم ہے کہ غم کی بھی خبر ہوتی نہیں + اشک بہہ جاتے ہیں لیکن آنکھ ہوتی نہیں) تو ایسے دلوی فرد کو یہ خیال لاحق ہو گا کہ میں محبوب کو منظور نظر نہ ہوں۔ تو ایک عمل زہرہ عطارد کی سعد نظر میں بطالع سعد و بخانہ سعد میں موثر ہو گا۔ اگر دلوی کی معشوقہ سفید سرخ' پیلے یا لائٹ/ کریم رنگ کے کپڑے پہننا زیادہ پسند کرتی ہے تو عمل ہرگز خطا نہ ہو گا۔ ہفتہ' پیر' منگل اور جمعرات زیادہ موزوں دن ہیں۔

2- حوت عورت: جو نیلے کپڑوں میں نظر آئے یا عامل کے پاس نیلے کپڑے پہن کر اتوار' منگل یا جمعرات کو جائے اور عامل اپنے عدد نقش جس کا مفرد عدد ۳' ۴' ۹ بنتا ہو۔ ساعت مریخ' مشتری یا شمس میں بنا کر دے یورانس کی نظرات میں یا سعدین کی سعد نظر میں بنا کر دیں تو جو چاہے وہ کام ہر صورت میں ہو گا۔ خواہ پہلے بھی عاملوں سے تھک چکی ہو گی۔

3- حملی عورت اور مرد کو جنوری ۲۰۰۳ء میں صرف محبت کا کام ہو گا۔ اگر اس سلسلہ میں کوئی سائل بن کر منگل' جمعرات' جمعہ اور ہفتہ کو عامل کے پاس جائیں تو قمر با زہرہ' مریخ' مشتری اور عطارد کی سعد نظرات میں عمل سریع الاثر ہو گا۔ بشرطیکہ سائل سیاہ رنگ کے کپڑے نہ پہنے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ یا ایسی حمل عورت جو اپنے معشوق (عاشق) کو اپنی شوخی میں ناراض کر بیٹھی ہو اور اس کی پسندیدہ غزل اب صرف اطہر نفیس کی رہ گئی ہو۔ وہ عشق جو ہم سے روٹھ گیا اب اس کا حال بتائیں کیا + کوئی مہر نہیں کوئی قہر نہیں پھر سچا شعر سنائیں گیا۔ تو ایسی عورت کے لیے خوشخبری ہے۔ ان کا وصال یار ضرور ہو گا۔

4- ثوری افراد کو بھوک وتنگدستی میں عشق ومحبت کے معاملات تو بھول گئے ہونگے بلکہ نحوست کی وجہ سے اور گھر میں گرگر (تکرار) سے ان کے گھڑے کا پانی سوکھ گیا ہو گا۔ اب خوشحالی اور میاں بیوی کے درمیان تکرار بندی کا عمل موثر ہو سکتا ہے۔

5- جوزدی لوگ جو اپنی عمر سے کم نظر آتے ہیں یا اس طرح بات چیت کا انداز اختیار کریں جیسے بہت پہلے کی روشناسی ہے۔ یا جوزدی عورت اپنا مال و دولت اور عصمت اپنے خاوند یا اپنے دوست یار پر قربان کر چکی ہو اور اب خوشی کے آثار غائب ہوں تو وہ اس ماہ اپنا انتقام لینا چاہے تو وقت بہترین ہے۔ جوزدی افراد کے لیے زحل کے جانے کے بعد والے بداثرات سے بچنے کے لیے اس ماہ کسی عامل سے ضرور رجوع کرنا چاہیے۔

6- سرطانی لوگوں کا کوئی کام درست نہ ہو گا۔ ان لوگوں کے لیے بھاری وقت آ رہا ہے۔ اس لیے قبل از وقت بندوبست کرنا چاہیے۔ مرد سفید لباس اور عورتیں سفید'

ہلکا زرد رنگ والے کپڑے زیادہ عرصہ پہنتے رہنا چاہئے۔ اتوار، پیر اور جمعہ سعد دن ہونگے۔ جبکہ ہفتہ کے روز کو خواہ مخواہ ڈرنا چاہئے۔

7- اسدی عورت جو نارنجی، سرخ، سفید یا سبز رنگ کے کپڑے زیادہ پہنتی ہو تو ان کی پسندیدہ کیسٹوں میں یہ غزل زیادہ پسند ہو۔ گلوں میں رنگ بھرے باد نو بہار چلے + چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے (فیض احمد فیض)۔ ترس گئی ہیں نگاہیں نظر تو آ جائے + مجھے ملے نہ ملے اپنے گھر تو آ جائے (ظفر اقبال)۔ تو ان کے لیے اپنے معشوق و محبوب کو حاصل کرنا مشکل نہ ہے۔ بلکہ بدخواہ، حاسد اور رقیب کو قاعدہ میں اور قید میں رکھنے کا یہی ماہ ہے۔

8- سنبلہ کے لوگوں میں احساس کمتری زیادہ ہو جائے گی۔ اگر کسی نوخیز اور شگفتہ نرگس کنول لڑکی کے دل میں محبوب و معشوق بننے کی خواہش شدت پکڑ جائے یا اس خواہش کا اظہار اس غزل سے ہو جس کو فریدہ خانم نے گایا ہے۔ کیا ہوا جو ستارے چمکتے نہیں + داغ دل کے فروزاں کرو دوستوں یا خلیل حیدر کی آواز میں یہ غزل دل کی اداسی میں اضافہ کر دے۔ نئے کپڑے بدل کر جاؤں کہاں بال سنواروں کس کے لیے۔ یا مہدی حسن کی آواز میں فیض کی غزل کے اس شعر پر چشم نم ہو جائے کہ قفس اداس ہے یار و صبا سے کچھ تو کہو + کہیں تو بر خدا آج ذکر یار چلے۔ ان کے دل کی یہ خواہش اگرچہ اس ماہ میں پوری ہوگی مگر دیر سے اثرات ظاہر ہونگے۔ ذرا صبر سے اور منصوبہ بندی سے کام جاری رکھیں گے تو ضرور کامیابی ہوگی۔ خواہ پہلے ناکامی ہوئی ہوگی۔

9- میزان کے لوگوں میں نسوانی و مردانی امراض کے لیے جنوری ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، ۲۵ اور ۲۸ تاریخ درست ہے۔ جبکہ ۲۵ تاریخ قابل احتیاط ہے۔ بہتر ہے علاج طبی اور روحانی نہ کریں۔ باقی دیگر امور کے لیے بہترین وقت ہے۔ بالخصوص نسوانی اور مردانی صلاحیت کو ختم کرنے کے لیے۔

10- عقرب کے لوگوں کو بیمار کرنے یا اس کی روزی تنگ کرنے یا ان کے درمیان فتنہ فساد ڈالنے کے لیے موزوں وقت ہے۔ زبان بندی، جاہ بندی، نفس بندی اور عشق بندی کے لیے ماہ جنوری میں عقد تمین قمر کے مطابق کام چلائیں تو مدت تک اثر زائل نہ ہوگا۔

11- قوس کے لوگوں میں انتہا پسندی پیدا کرنے کے لیے موزوں وقت ہے۔ اگر قوسی عورت تند مزاج ہے منہ پھٹ اور تیز گفتار و تیز گو ہو اس کی اس خاصیت کو زائل کرنا چاہئے اور اگر قوسی عورت بیوی یا محبوبہ ہے تو اس پر ایسا عمل کرنا آئندہ نقصان دہ ثابت ہوگا۔ اور قوسی مرد ہے اور اس پر یہ شک پیدا ہو گیا ہے کہ اس نے کہیں معاشقہ کر لیا ہے۔ یا اپنے ماتحت خوبصورت پرسنل سیکرٹری میں دلچسپی لے رہے ہیں بالخصوص کنواری لڑکی میں تو انجام شادی پر انتہا ہو سکتا ہے۔ اور غیر شادی نہ ہیں تو حدود پھلانگ جائیں گے۔ بہر حال ماہ جنوری میں قوسی مرد اور قوسی عورت مسئلہ بن سکتے ہیں۔ اس کی پیش بندی صرف ماہ جنوری میں ممکن ہے۔ شاید بعد میں موقع ہاتھ سے نکل جائے۔ معاملہ عدالت تک پہنچ سکتا ہے۔

12- جدی کے لوگوں کا ماہ جنوری اپنا مہینہ ہے اس ماہ میں چوٹ، صدمہ کے لیے حرز جان کا نقش موثر ہوگا۔ اگر جدی عورت خوبصورت ہے تو خاوند سے تکرار کا انجام طلاق پر ختم ہوگا۔ اور اگر جدی عورت معشوقہ و محبوبہ ہے تو اس وقت یہ خیال کریں کہ آیا بوقت تکرار کالے یا نیلے رنگ کے کپڑوں میں تو نہ ہے۔ اگر قوس عورت نیلے یا سبز رنگ کے کپڑے والی دوست ہے تو فکر نہ کریں البتہ سرخ و لال والی قوسی عورت نقصان دہ ہے۔ کیونکہ جدی والوں کا معاشقہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا اور جن جدی والوں کی محبت کی قل خوانی ہو چکی ہوگی وہ اپنا دل موسیقی میں الجھائیں گے۔ اگر جدی لوگ غزلوں کے انتخاب میں احمد فراز کی غزل (۱) اب کے ہم بچھڑے تو شاید کبھی خوابوں میں ملیں + جس طرح سوکھے ہوئے پھول کتابوں میں ملیں۔ (۲) قمر جلالوی کی غزل۔ مریض محبت انہیں کا فسانہ + سناتا رہا دم نکلتے نکلتے۔ اس غزل میں اس شعر پر جدی آدمی روئے تو سمجھو محبوبہ بے وفا تھی (کہیں پائے نازک میں موچ آ نہ جائے + دل سخت جاں دل کو مسلتے مسلتے)۔ کچھ مہوش و مہ پارہ خوش رو جدی کی عورتیں ناصر کاظمی کی غزلیں۔ (۱) کچھ یادگار شہر ستمگر ہی لے چلیں۔ (۲) دل کے دھڑکنے کا سبب یاد آیا۔ ادا جعفری کی غزل ہونٹوں پہ کبھی ان کے مرا نام ہی آئے یا فراق گورکھپوری کی غزل۔ شام غم کچھ اس نگاہ ناز کی باتیں کرو۔ تو ان جدی افراد کے لیے از راہ ہمدردی یا امداد قلبی ان کا سہارا بننا چاہئے۔ خواہ کسی عامل کے پاس کیوں نہ جانا پڑے۔ کیونکہ یہ لوگ عاملوں سے تنگ چکے ہونگے یا ان عاملوں کو پہلے سے بکواس اور غلط کار سمجھتے ہونگے۔ عاملین حضرات کی خدمت میں سال نو کی مبارک قبول ہو اور ان کو چاہئے کہ اس سال جدی لوگوں کو بالخصوص قائل کریں تاکہ غلط تاثر زائل ہو جائے۔ عملیات میں ماہ جنوری میں عقد تمین قمر کے لیے مخصوص عملیات بھی کارگر ہونگے۔ مریخ، یورانس اور زہرہ و زحل کے نحس اوقات کے نقوش۔

الخافض	القابض	المانع	القهار
المانع	القهار	الخافض	القابض
القهار	المانع	القابض	الخافض
القابض	الخافض	القهار	المانع

الخافض	القابض	المانع	القهار
القهار	المانع	القابض	الخافض
القابض	الخافض	القهار	المانع
المانع	القهار	الخافض	القابض

القادر	المقتدر	المانع	الضار
۱۹۳	۱۰۳۱	۳۳۷	۷۷۳
۱۰۳۰	۱۹۰	۷۷۷	۳۳۸
۷۷۶	۳۳۹	۱۰۲۹	۱۹۱

المتین	المقیت	المذل	المنتقم
۸۰۲	۶۶۰	۵۳۲	۵۸۰
۶۵۹	۷۹۹	۵۸۳	۵۳۳
۵۸۲	۵۳۳	۶۵۸	۸۰۰

ختم شد۔

واسطے زیادتی رزق کے

واسطے روزی کے لکھ کر گلے میں باندھنا اللہ تعالیٰ روزی بخشے گا۔ شک لاوے گا تو کافر ہوگا۔ اور ہر کسی کو اپنے پر دوست کرنا چاہیے تو یہ آیت تین بار یا گیارہ بار پڑھ کر پان پر دَم کر کے کھلانا دوست جانی ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

واسطے زبان بندی کے

یہ ہر دو تعویذ واسطے زبان بندی کے لکھ کر بازو میں باندھنا اگر پچاس کام آوے گا تو کامیابی ہوگی۔

پہلا تعویذ

۱۲	ع	۷
ع	من د	۵
دا ع	ع	

دوسرا تعویذ

۱۶ ۸۱۱

ع	سمع	لا
ع	ع	ی
ع	ع ۹	د ۲ ع

واسطے دفع زہر سانپ کے

اگر کسی کو سانپ نے کاٹا ہو تو فوراً لکھ کر پلانا زہر اتر جائے گا۔

واسطے تابعداری کے

اگر کوئی عورت یہ تعویذ رکھے گی تو مرد اس کا تابعدار رہے گا۔ اگر مرد رکھے گا تو عورت اس کی فرماں بردار رہے گی۔ تعویذ یہ ہے۔

ا ر د و	۳	لو لو
و حی	ھیمو	وصلی
و ا و	میع	ھوکر د

واسطے قیام حمل کے

اگر کسی عورت کو حمل قرار نہ پکڑے یعنی ٹھہرتا نہ ہو تو یہ تعویذ لکھ کر کمر میں باندھے قرار پکڑے گا۔ تعویذ یہ ہے۔

د ا م ہ	م م م	ھے ھے	و ا و	ع ع ع	ط ط ط
ماخو	و ا و	ا و	لو لو لو	ھے ھے	یا اللہ یا اللہ

واسطے ہر دلعزیزی کے

یہ تعویذ لکھ کر نزدیک رکھے گا تو تمام عالم مہر و محبت کرے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الشافی بسم اللہ الکافی

نسخہ اندر شو کے واسطے یہ دوائیاں واسطے اندر شو یعنی ایک بیضہ چھوٹا ہوتا ہے اور ایک بیضہ بڑا ہوتا ہے۔ اس کے واسطے دوا بنا کر پٹا لگانا۔ گھلے کی جڑ اور اس کا پتا اور گھلے کی چارولی اور بنگ اور دریا کا چھینجڑا اور یہ سب دوائیاں لاکر باریک پیسا ہموزن تمام اور گولی بنا تا اور تماکو کے پتے میں لگا کر تین روز پٹا باندھنا اور رگد سے کو ایک ایک دینا۔

واسطے دفع تمام بلیات کے واسطے دفع دیو پری شیطان اور سب درد کو یہ لکھ کر باندھنا مجرب ہے۔

۳و۳	۲و۲	۲۹۹	۶ و ۲
۲و۲	۲۷	۶ و ۱۲	۷ و ۲
۲۷ و	۲۹۱	۴ و ۱۲	ا و ۲
۵ و ۲	۲و۲	۲۷۹	۲۹

نسخہ پیشاب بند ہونے کے علاج کا اگر کسی کا پیشاب بند ہوا ہو تو یہ علاج کرنا۔ ایک مٹھی ہریالی کی جڑ زیرہ ٹھیکری پر بھون کر پونی پڑی پانی سے پکا کر پاؤ بھر پڑی پانی رہے اتار کر شکر ملا کر پلانا

۱۲	۱۱ ۶۱	۱۲۱
واسطے ا	رد	۲ ی
وبھ	۴	ولا
۸۱	منزل	

واسطے دفع آسیب کے یہ نقش لکھ کر گھر میں لگانا بلا اور آسیب دور ہوتا ہے۔

۷	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۱
۱۰	لہ	عو	۱۹۱
لہ	۶۱	۵	۶

واسطے محفوظ رہنے ہر آفت سے یہ نقش لکھ کر نزدیک دکھے تو کچھ زہر دار جانور گوم ودیو پری اور تیغ و تبر و تفنگ کارگر نہ ہووے۔

یالطیف الخبیر	یالطیف الخبیر

واسطے شکار مچھلیوں کے اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھے اور مچھلی کا شکار کھیلے تو مچھلیاں خوب ہاتھ لگیں گی۔

صافوق	طافوق
قافوق	شافوق

واسطے دفع تپ کے ہڑ ہڑان کی تپ کا یہ علاج ہے۔ گنگوٹی کا پتا میتھی چھوٹی چھوٹی پیاز یہ تینوں توے پر بھون کر جوشندہ پکا کر پلانا اور یہ تعویذ بھی لکھ کر پلانا۔ الا الا الا الا الاہ ھو ھو ھو ھو لہ لہ لہ لہ لہ لہ اھیا سر اشتراد

ابرق کو پارہ چڑھانے کے واسطے ابرق کو پارہ چڑھانے کی یہ ترکیب ہے ایک تولا پارہ لاکر اس میں تھوڑی ہلدی کی ٹکی دونوں ملا کر

ایک ہمام دستے میں ڈال کر بیسنا۔ پارے کا میل ٹکی کو لگ کر ٹکی کالی ہو جاوے گی۔ وہ ٹکی کو نکال کر دوسری ٹکی ملا کر بیسنا اسی طور تین بار ٹکی ڈال کر بیسنا۔ تب پارہ صاف ہو جاتا ہے اس پارہ کو ایک چینی کے کٹورے میں ڈال کر رکھنا اور ایک ابرق کی تختی باریک نکال کر اور ایک کپڑے کے اندر تھوڑی راکھ ڈال کر اس ابرق کی تختی پر سکھا دینا بعد اس کے خالی چاندی کی پوٹلی بنا کر اس پارے میں رکھ کر دبانا و یسا ہی اٹھا کر ابرق دیا کر پھر پوٹلی کو منہ سے خوب بھاپ دے کر پارے کو دبانا اور ابرق پر رگڑنا بعد اس کے تھوڑا ابرق پر رکھ کر کتھل کا باریک ورق لا کر اس ابرق پر پارہ ہے۔ سو اس پر رکھ کر باریک چاندی کی پوٹلی سے آہستہ آہستہ دبانا بعد اس کے اٹھا لینا۔

واسطے روغن بنانے کے

روغن بنانے کی ترکیب۔ السی کا تیل لا کر ایک انگیٹھی میں آگ ڈال کر اور السی کا تیل ایک چینی کے کٹورے میں ڈال کر اور اس میں تھوڑا امرود کا گوند ڈال کر اس انگیٹھی پر رکھ کر پھونکنا۔ خوب پکے بعد تھوڑا شنگرف اس میں ڈال دینا، لال روغن ہوتا ہے اور اگر ہرا بنانا چاہے تو تھوڑا زنگار ڈالنا پیلا چاہے تو تھوڑی ہڑتال ڈالنا چاہئے۔ سو رنگ بنتا ہے۔

سادھی موہنی کے واسطے

یہ سادھی موہنی کی ہے۔ رات کے وقت پیپل کے درخت کے نیچے بتی جلا کر یہ سادھی گیارہ ہزار بار پڑھے۔ موہنی آوے گی۔ بعد اس کے وہ چراغ کا تیل منہ پر لگا کر مطلوب کے روبرو جا کر اپنا ساتھ آوے گی۔ مجرب ہے۔

سادھی یہ ہے:

چندن چھوری چندن بیل من موہنی ناگ بیل من موہ چڑے ڈانڈا دشمن پاؤں پڑے۔

واسطے زبان بندی کے

اگر اس طلسم کو لکھ کر اپنی زبان کے نیچے رکھے گا تو بد بولنے والوں کی زبان بند ہوگی۔ طلسم زبان بندی کی یہ ہے۔ طحج طحج طحج طحج طحج

نسخہ واسطے بد کے

اگر کسی کو خیارک یعنی بد ہو تو بھلاوان ہر توتھ صابون چنا کتھا کو لسہ یہ سب برابر ملا کر پیس کر باندھنا پھوٹ جاوے گا۔

واسطے دفع خواب پریشان کے

تپ کو سر کے درد کو خواب نظر آتے ہوں یا کر دانت چاہتا ہو تو باندھنا

فلجحج فلجحج فلجحج فلجحج ۵۵ تبــــ

علجحج علجحج علجحج صمٌ بکمٌ عمیٌ فھم لا یرجعون ٥

واسطے حیض بند ہونے کے

استحاضہ بند ہونے کو لکھ کر دینا کمر میں باندھنا

۹۹۹۱ ح ح ح ۱۳ ح ۲ س م ھے

واسطے حیض آنے کے

عورت کو حیض آنے کیلئے لکھ کر دینا مجرب ہے۔

لا	ھ	د	۲	د	د
ص	۸	لا	ہ	۲	لا
ح	و	ن	ی	س	س

واسطے ملاقات امیر و بادشاہ کے

اگر کوئی شخص سرخرو اگے امراء اور حاکم اور بادشاہوں کے ہونا چاہے تو یہ نقش اوپر سیدھے بازو کے لکھ کر جاوے مقصد حاصل ہووے اور سرخروئی پاوے۔

بے	ع م	۹	۲۵۲
ع	م	۵	

واسطے دردِ سر کے: سر کے درد کو یہ عزیمت یعنی یہ تعویذ لکھ کر باندھے اللہ تعالےٰ شفا بخشے۔

ع ع ع صح صح صح مح ضح مح ع

مح مح ہ مہ مہ مہ ہ ط ط ط ط

ہ م م محمّ عسق طٰہٰ مَا اَنْزَلْنَا

واسطے بچوں کے ڈرنے کے: اگر بچہ بیچ خواب کے ڈرتا ہو یا روتا ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھے شفا ہوگی۔ مَنْ یَّعْمَلْ سُوْءً یُّجْزَ بِہٖ وَلَا یَجِدْ لَہٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلِیًّا وَّ لَا نَصِیْرًا

واسطے دینے دودھ بھینس کے اگر بھینس دودھ نہ دیوے تو یہ تعویذ لکھ کر بیچ گلے یا اوپر شاخ بیر کے باندھے فی الفور دودھ دیگی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

١١ ‥ ١١ ع ١١ ٢ ٩ ١ ھ ٩ ل ١١ ١١ م ١١١ ٧ ٩ ٨ ٨ ھ ١ ک

واسطے رکاؤ انزال کے یہ اسم لکھ کر کمر میں یا ڈنڈ میں باندھے یا منہ میں رکھے تو جلد انزال ہوگا نقش یہ ہے۔

٢	٤	٣	٦	٥
٩	٥	٦	٢	٦
٤	٣	٥	٢	٣
٥	٩	٢	٣	٤

واسطے دوست ہونے دشمن کے یہ نقش اگر کوئی ساتھ اپنے رکھے تو دشمن سب دوست ہوویں۔ اور بہت عزت پاوے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ح ط ع ١١ ر ا ط ا ھ   الط ١١١ م

٥ ١١ ٥ ٠ ا ھ ١١ ٨ ٢ ع   م ا ط ١١١ ١١ ١١ ١١ ہ

ص ط ع ١١ ر ا ط ا ھ   رو ١١١ ھ ٨ ٢ ١١ ١١ ح ح ح

دیوی چڑیل ڈائن کو دور کرنے کا پلیتہ اگر اس پلیتے کو لکھ کر کڑوے تیل کے بیچ دیوا یعنی چراغ میں رکھ کر جلاوے اور مریض اس جلتے چراغ کی طرف دیکھے ہر بلا دیو پری اللہ تعالےٰ کی عنایت سے دفع ہووے۔ یہی پلیتے کا اگر بیچ ناک مریض کے دھواں دیوے تو تمام آسیب دفع ہووے۔

و	٩	٩	٩	م	م	م	م
	ابلیس لعین	لعین	نمرود	شداد العین	لعین	قارون	لعین
	فرعون	بخت نصر	لعین	نصر لعین	عاد لعین	نمرود لعین	سفاک لعین
ہامان	لعین	علیقا	بلیقا	انت تعلم	انی تلو بہم	خلقا	شیاطین
کلہم اجمعین	شیطان لعین	احضروا	احضروا	ا	احضروا	بہم	
		دیو	پری				
جن خاکی	کردم	پری	دیو	بھوت	سوختم	خاکستر	کردم

مجرب و آزمودہ ہے

علاج تپ تپ والے کا علاج کرنا ہو تو یہ ہے سونٹھ، اجوائن ہموزن پیس کر لیموں کی پھانکوں میں بھرنا انگار میں گرم کر کے چوسوانا تین روز میں شفا ہوگی۔

خواب میں استخارہ ترکیب استخارہ کی میاں فخر الدین صاحب فرماتے ہیں کہ پیچھے نماز عشاء کے دو رکعت نفل استخارہ کی پڑھے۔ الحمد کے ایک رکعت میں قل یا ایہا الکافرون دوسری میں پیچھے الحمد کے قل ہو اللہ احد ایک مرتبہ پڑھے سلام کے اول تین مرتبہ درود اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ پیچھے بارہ

قل ھو اللہ احد پڑھے تین مرتبہ درود پڑھ کے اپنے سیدھے ہاتھ پر پھونکے وہی ہاتھ نیچے سر کے رکھ کر سو جائے اور منہ طرف قبلہ کے رکھنا چاہیئے۔ جو مراد ہو گی ساتھ تسلی کے حاصل ہو گی۔ اور کوئی حاکم کے آگے جائے اور یہ اسم پڑھتا جائے اور طرف اس کے پھونکے حاکم بلا شک کے مطیع اور فرمانبردار ہووے گا۔

اگر چاہے کہ کوئی جنس اپنے پاس ہووے وہ جلد فروخت ہونا چاہیئے تو یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کے اوپر جنس کے پھونکے انشاء اللہ بموافق و حسب مدعا کے بک جاوے گی۔ آیت یہ ہے:

فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰی یَاْذَنَ لِیْ اَبِیْ اَوْ یَحْکُمَ اللّٰہُ لِیْ وَھُوَ خَیْرُ الْحٰکِمِیْنَ

واسطے غالب ہونے کے

جو کوئی شخص اس دعا کو تعویذ کرکے اوپر بازو اپنے کے باندھے۔ کوئی شخص اس پر فتح نہ پاوے۔ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ انْصُرْنَا مِنْ کُلِّ عَدُوٍّ صَغِیْرٍ وَّکَبِیْرٍ قَرِیْبٍ وَّبَعِیْدٍ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی حُرٍّ وَّعَبْدٍ شَاھِدٍ وَّغَائِبٍ وَّصَحِیْحٍ وَّسَقِیْمٍ ... مُسْلِمٍ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیْنَا مَنْ لَا یَرْحَمُنَا وَلَا تُخْفِیْ عَمَدَیْکَ مَنْ تُخْفِیْ عَلٰی غَیْرِکَ

واسطے محبت کے

اگر کسی کو اپنے محبت میں گرفتار چاہے تو اس نقش کو لکھ کر پیچ دستار اپنی کے باندھے۔

یَا جَامِعُ	یَا وَھَّابُ	یَا وَھَّابُ	یَا سَلَامُ
یَا اَللّٰہُ	یَا رَحِیْمُ	یَا جَامِعُ	یَا مُجِیْبُ
یَا مُحْیِیْ	یَا بَاعِثُ	یَا وَاسِعُ	یَا حَمِیْدُ
یَا مُجِیْبُ	یَا مُجِیْبُ	یَا مَجِیْدُ	یَا جَامِعُ

واسطے کھلنے دروازہ کے

یہ اسم ہاتھ میں لکھ کر دروازے کو ہاتھ لگاوے تو دروازہ کھلتا ہے مگر جو شخص کہ یہ کام کرنا چاہے وہ شخص کو لازم کہ ایسا پرہیزگار و زاہد و عابد ہو کہ اس کی کسی وقت کی نماز قضا نہ ہووے ایسا شخص عمل کرے گا تو ہو گا۔

واسطے زیادتی دودھ کے

واسطے زیادہ ہونے دودھ کے رکابی پر لکھ کر دھو کر پلا دے مجرب ہے۔ اِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَہَ عَلَیْنَا وَ اِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰہُ لَمُھْتَدُوْنَ

خواب بندی

واسطے خواب بندی کے یہ ہے۔

دافع قے و جلاب

واسطے دفع قے و جلاب کے لکھ کر دھو کر پلاوے۔

واسطے تپ و خوف کے

یہ پلیتہ واسطے تپ و ڈر و شک کے جلا کر دھواں دے۔

واسطے آسیب زدہ کے

یہ تعویذ جس کو ایکا ایک جھپٹ ہو کہ ہلاک ہووے تو لکھ کر گلے میں باندھے۔

ب	ط ط	و
ر	ھ	ج
و	ا	ح

پامسٹری اور روزگار

مترجم: حافظ ایم فرخ ۔ (قسط نمبر ۴)

روزگار انگلیوں کی پوروں میں: ہاتھ کی ساخت' جسامت اور انگلیوں کا ہاتھ پر مناسب جگہ پر ہونا یا نہ ہونا ہمیں ہماری ذاتی شخصیت اور روزگار کی سمت کے بارے میں بڑی واضح نشانیاں اور معلومات دیتے ہیں۔ بہت سارے دست شناسوں کے نزدیک صرف ہاتھوں کی انگلیوں کا مطالعہ ہی ہمیں انسان کے اور اس کے طرز زندگی کے بارے میں بہت کچھ بتا سکتا ہے۔

> زیر نظر مضمون علم دست شناسی کی ایک تحقیقی کتاب "Your Career In Your Hands" کے سلسلہ وار ترجمے پر مشتمل ہے۔ زیر نظر مضمون اس سلسلے کی اگلی کڑی ہے۔ یہ کتاب پامسٹری کے حوالے سے روزگار کے موضوع کو جس خوش اسلوبی اور احسن طور سے بیان کرتی ہیں اس کا اندازہ آپ کو اس کے مسلسل آنے والے مضامین سے ہو سکے گا۔ ایڈیٹر۔

دست شناسی کے اندر ہر انگلی کے ایک خاص معنی ہیں۔ اور ہر انگلی اپنے اندر سے پھوٹنے والی توانائی کا اظہار کرتی ہے۔ انگوٹھے کو چھوڑ کر باقی تمام انگلیوں کے نام آسمان پر موجود کسی سیارے یا ستارے سے منسوب ہیں اور بعض تو رومن خداؤں کے نام سے بھی منسوب ہیں۔ اور جو انگلی جس نام سے منسوب ہے وہ اسی قسم کی خصوصیت کا اظہار کرتی ہے جو کہ اس آسمانی جسم کی ذاتی صفات ہیں۔ زیادہ تفصیل میں جانے سے پہلے ہم کچھ مختصراً ان کے بارے میں جانیں گے۔

انگوٹھا: انگوٹھا ہماری انا کی مضبوطی قوت ارادی اور توانائی کا مظہر ہے۔ یہ اس بات کا بھی مظہر ہے کہ ہم کیسے اپنے اندر کی توانائیوں کو دنیا کے سامنے لے کر آتے ہیں کیونکہ روزمرہ زندگی کے بہت سارے کام اسی کے مرہون منت ہیں۔

مشتری: پہلی انگلی کو مشتری سے منسوب کیا جاتا ہے۔ یہ ہماری خود اعتمادی کے درجات کو ظاہر کرتی ہیں۔ اس کی جسامت اور ساخت سے ہم انسان کے اندر لیڈر شپ کے اوصاف کو جان سکتے ہیں۔ یہ اس بات کو بھی ظاہر کرتی ہے کہ ہمارے اندر ایک کامیاب زندگی گزارنے کی کتنی خواہش ہے۔

زحل: دوسری یا درمیانی انگلی کو زحل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ یہ ہمارے اندر کے سنجیدہ نفسیاتی پہلوؤں پر روشنی ڈالتی ہے۔ جیسے کہ احساس ذمہ داری' معقولیت اور مشاہدہ نفس جیسے عوامل کی مظہر ہے۔ اس کی صحیح نمو کاروباری فراست' بھروسہ مندی اور ثابت قدمی جیسے عوامل کا اظہار کرتی ہے۔ اگر اس کی نمو صحیح نہ ہو تو یہ ایک لاپرواہ زندگی اور ہلکی طبیعت کو ظاہر کرتی ہے۔

اپولو / شمس: تیسری انگلی کو شمس سے منسوب کیا جاتا ہے۔ یہ ہمارے اندر کی تخلیقی اور فنی صلاحیتوں کی مظہر ہے۔ اس کی صحیح نمو انسان کے اندر آرٹ' اداکاری' نقشہ نویسی اور فائن آرٹ جیسی فیلڈ کو سمجھنے کی صلاحیت کا اظہار کرتی ہے۔ ایک خیال کے مطابق شمس کی انگلی ایڈورٹائزنگ اور عوامی رابطے کو بھی ظاہر کرتی ہے۔

عطارد: عطارد یا چھوٹی انگلی ہماری گفتگو اور اظہار خیال کی صلاحیت کو ظاہر کرتی ہے۔ ہم کس حد تک اپنے آپ کو تحریر' گفتگو اور اداکاری سے ظاہر کر سکتے ہیں۔ یہ انگلی اس بات کی مظہر ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بزنس' کامرس اور نشر و اشاعت کی صلاحیتوں کے بارے میں بھی ظاہر کرتی ہے۔

جب ہم مختلف قسم کی انگلیوں کا مطالعہ کرتے ہیں تو نہ صرف یہ کہ ہم اس بات کا خیال رکھیں کہ ہر انگلی انفرادی طور پر کس قسم کی صلاحیتوں اور نشانیوں کی مظہر ہے بلکہ انگلیوں کے آپس میں تعلق کو بھی ساتھ ساتھ مطالعے میں رکھنا چاہیے کسی انگلی کی علامتی طاقت کو جاننے کے لیے اپنے ہاتھ کو مکمل طور پر کھولیں اور انگلیوں کو ساتھ ساتھ رکھیں۔ تمام انگلیاں جس انگلی کی طرف خاص طور پر جھک رہی ہوں گی وہ انگلی ہاتھ کی سربراہ انگلی شمار ہوگی اور ہمیں انسان کے ذاتی کردار اور شخصیت کے بارے میں خاص اشارے دے گی۔ شکل نمبر (2.1) مثال کے

طور پر ہاتھ کے اوپر زحل کی چھاپ کو ظاہر کر رہی ہے۔

آگے بڑھنے سے قبل ہم انگلیوں کی ظاہری کیفیات کو سمجھنے کی کوشش کریں گے۔

لچک: انگلیوں کی لچک ہمیں انسان کے مختلف ماحول اور خیالات کو اپنانے کے بارے میں آگاہ کرتی ہے۔ ہاتھ کو کھولنے سے اور انگلیوں پر ذرا سا دباؤ ڈالنے سے اگر وہ محراب کی شکل میں کچھ پیچھے کو مڑ جائے تو یہ بات اس چیز کی غماز ہے کہ انسان نئے ماحول اور نئے خیالات کو کچھ حد تک اپنانے کو تیار ہے۔ لیکن ضرورت سے زیادہ جھکاؤ بھی کچھ اچھی علامت نہیں ہے۔

